کلامِ شیخ العالم رحمۃ اللہ علیہ

حضرت شیخ نور الدین نورانیؒ کے

تین سو عارفانہ شُرکوں پر مشتمل گلدستہ

ترتیب و اردو ترجمہ

پروفیسر غلام محمد شادؔ

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

کلامِ شیخ العالمؒ

حضرت شیخ نور الدین نورانیؒ کے

تین سو عارفانہ شعروں پر مشتمل گلدستہ

ترتیب و اردو ترجمہ

پروفیسر غلام محمد شاد

ناشر

علی محمد اینڈ سنز سرینگر کشمیر

ا۔ بڈشاہ ہوٹل، لال چوک سرینگر کشمیر

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

© جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب	:	کلام شیخ العالمؒ
ترتیب وأردو ترجمہ	:	پروفیسر غلام محمد شآد
صفحات	:	۴۰۸
سائز	:	۲۳×۳۶/۱۶
طبع اوّل	:	سنہ ۲۰۱۲ء
طبع دوم	:	سنہ ۲۰۱۳ء
طبع سوم	:	سنہ ۲۰۱۶ء
طبع چہارم	:	سنہ ۲۰۱۷ء
قیمت	:	۲۵۰/روپے

ملنے کا پتہ

کشمیر بک ڈپو سرینگر کشمیر

فون: ۲۴۵۰۲۶۲

فہرست مضامین وعنوانات

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
	پیش لفظ پروفیسر غلام محمد شآد	۲۳
	نقش ثانی	۳۳
	پیغام جناب پروفیسر عبدالواحد قریشی	۳۴
	توحیدِ باری تعالیٰ	
۱۔	صاحبہ ژٕ ے بۆ ڈ بُلند کانہہ نے	۳۹
۲۔	اوّل تہٕ سُے اُخرتہٕ سُے	۴۰
۳۔	خدا ے چھاگٕے ناوٕ چھس لُچھاہ	۴۱
۴۔	لا اِلٰہ اِلا اللہ سہی کۆ رُم	۴۲
۵۔	کنہِ ر ے یُو زکھ گُنہِ نوروزَ کھ	۴۳
۶۔	ییٚمی تھاوے زمین تہٕ اَسمان کنگہٕ	۴۴
۷۔	سُے ہواوس تہٕ سُے ہوآ سی	۴۵
۸۔	خداتعالیٰ اوس تہٕ آسے	۴۶
۹۔	اوے اُلف گو گُنے چھُ اللہ	۴۷

Scanned with OKEN Scanner

۱۰۔ ت گوتوکل کرتہٕ علی اللہ ۴۸

۱۱۔ ک گوکلمۂ شہادت پرُن ۴۹

۱۲۔ ئے مےٚ نِشے بہٕ تَسِ نِشے ۵۰

۱۳۔ سَتھ چھم چاٚنی پَتھ چھُم کانٛہہ نے ۵۱

۱۴۔ ژٕلیس نِکھ تس دِتھ ہیکہِ کانٛہہ نے ۵۲

۱۵۔ صاحبہٕ مہر ےکرکھ پوٚش زن پھولنم ۵۳

۱۶۔ ژٕ میون خداُ ےبہٕ چون بندہ ۵۴

۱۷۔ ژٕنے ناوٕسکلین کارن ہیکہٕ ۵۵

۱۸۔ صاحبہٕ چانہِ برتل موٚلُم ساس ۵۶

۱۹۔ دِتھ نُرس گورتہٕ تُلکہِ مانچھی ۵۷

۲۰۔ سوٚرے چھُ پانے وُچھکھ کیاہ پانس ۵۸

۲۱۔ کلہٕ ترأوِتھ آس مالہِ بندے ۵۹

۲۲۔ پیٚتہٕ تہٕ مےٚ ژٕ ےتہٕ تہٕ میہٕ ژٕ ے ۶۰

۲۳۔ تیمہِ أسی یتھ دُنی یہس سوزی ۶۱

۲۴۔ پانٔے چھُ گندان نفی اثباتس ۶۲

۲۵۔ یارے زاٗنی زبن سرتَس دیزٕ ے ۶۳

۲۶۔ عاشق چھُ نثار تھنزِ وَتے ۶۴

قرآنِ کریم اور علمِ قرآن ۶۵

۲۷۔ علم چھُ صندوقس سوٚن زَن برُن ۶۷

۲۸ علم چھُ بوٚ ڈتہٕ کلمہٕ ستٕ سأوو ۶۸

۲۹۔ الحمد، قُل ھواللہ، التحیاَ توٚ ۶۹

۳۰۔ دوہےوُ چھ زبم حضرتِ قرآنس ۷۰

۳۱۔ کن تھاو آین سَن وارٕ سوٚرن ۷۱

۳۲۔ یتھ واوہالے ژونگ گُس زالے ۷۲

رِسالت (رسولِ برحقؐ اور خلفائے راشدینؓ) ۷۳

۳۳۔ محمدؐ تہٕ ژوریار برحق گُنزٕرکھ ۷۵

۳۴۔ پأرٕ پأرٕ محمدؐ صابٕنِس شانَس ۷۶

۳۵۔ پأرٕ پأرٕ لگٔو زِتس پیغمبرسؐ ۷۷

۳۶۔ نبی صأبُن ؐکھین چین تہٕ وُچھتہٕ ۷۸

۳۷۔ سُہ چھُ ثقلین بوٚڈ پیغمبر ۷۹

۳۸۔ پأرز پأرٕ محمدؐ صابنِس شانَس ۸۰

۳۹۔ عمر خطابسؓ تس پہلوانس ۸۱

۴۰۔ تمن ژون یارنؓ نمہ ہَس ۸۲

۴۱۔ پوٚز دپان پَن زَن نٹکھ ۸۳

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۴۲۔ ہائند یوہیند بن ہنز کامہ ترا اُدی تو ۸۴

نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج ۸۷

۴۳۔ کوکرن بانگ دِژنُور کہ وقتو ۸۹

۴۴۔ بانگ تہ صلوٰۃ چھے سورگنگ سردپہ ۹۰

۴۵۔ نادروقتن فرشتہ دَسان ۹۱

۴۶۔ وقتح نماز چھے تخس رندے ۹۲

۴۷۔ صبح پھوٗل تے راتھ گیہ آدا ۹۳

۴۸۔ صبح چھ نوٗر تے نیر تہ نمازے ۹۴

۴۹۔ فجر یہ دگندارکھ شوب رکو آسی ۹۵

۵۰۔ چاشت، اشراق یہ دگندارکھ ۹۶

۵۱۔ ہابند مازتو نماز پیشنس ۹۷

۵۲۔ خاص چھے نمازِ عصر کردگارس ۹۸

۵۳۔ شامچہ نماز شمع زن زوتکھ ۹۹

۵۴۔ خفتن سو چھنہ لوٗ کن خبر ۱۰۰

۵۵۔ سوٗنے مول چھے سُنت وقتن ۱۰۱

۵۶۔ کسب یم کرن نماز گندارن ۱۰۲

۵۷۔ بڑے میوس تہ نمیوس نہ ربس ۱۰۳

۵۸۔ امراہ کُری تو بے نماز ہن ۱۰۴

۵۹۔ موماز دِہن تہ دیارن ۱۰۵

۶۰۔ بے خبرس کو سہ گوھ یو گتہ ۱۰۶

۶۱۔ لوبس تہ مُہس دِتھ رضا ۱۰۷

۶۲۔ نماز کان گُیم کاہلس ۱۰۸

۶۳۔ نادان عقلہ نشے ابق ۱۰۹

۶۴۔ یاونہ منیانے ہاستہ ہرنے ۱۱۰

۶۵۔ نماز پرُتھ پائنزوے ۱۱۱

۶۶۔ توش بند نمازِ بنیہ رمضانس ۱۱۲

۶۷۔ روزہ نماز طے کرسا ۱۱۳

۶۸۔ رکتھ نہ ہوکرنئیم صیامس ۱۱۴

۶۹۔ زُگو روزہ رمضان دُرن ۱۱۵

۷۰۔ دینہ کمین کارن دوہ دبن برتو ۱۱۶

۷۱۔ مُخلس یوے آسی کوستوزی تہ ببرے ۱۱۷

مُسلمان ۱۱۹

۷۲۔ نصر ائہ زینہ یتھ زمانس ۱۲۱

۷۳۔ پانس مول کرِنہ ہارے ۱۲۲

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

۷۴۔ اندگن نیرتھ پندتیمی ہیٚتھو ے ۱۲۳

۷۵۔ بنیس دوپ شمؤکھنی ۱۲۴

۷۶۔ دودتر اُوِتھ یُس آب مَندے ۱۲۵

۷۷۔ سُے پورشاسور گس پزاوٕ ے ۱۲۶

۷۸۔ انگہٕ زن خوشبوموکھہٕ زن ڈدے ۱۲۷

۷۹۔ بُلبل پوشہ وارے گاران ۱۲۸

ذکر، اوراد اور تسبیح ۱۲۹

۸۰۔ توبہٕ یِژ ذکرکھ یمہٕ بوٚدسرٕ ترکھ ۱۳۱

۸۱۔ پُویِژ دپلکھ توٕ اِدلسکھ ۱۳۲

۸۲۔ ذِکر، ستی پژرُم اللہ ۱۳۳

۸۳۔ ذکراوراد ے وظیفہٕ آسی ۱۳۴

۸۴۔ ذکرِ ستمن رٹن مالے ۱۳۵

۸۵۔ دل چھے گاڈتے ہؤکھہ موتھاؤن ۱۳۶

۸۶۔ اللہ پَرُنس دوراہ پھری زِے ۱۳۷

۸۷۔ نفس دِتکھ اورے میٚتھ ۱۳۸

۸۸۔ سُہ چُھنہٕ ڈچھان قیلس تہٕ قالس ۱۳۹

۸۹۔ پران پران پالن مؤتھہ مو ۱۴۰

۹۰۔ کل اَے کرکھ کلےٚ ڈزی ۱۴۱

موت ایک حقیقت ۱۴۳

۹۱۔ آدم وو پدوڈن ژوباوہ ۱۴۵

۹۲۔ معبوٗدپنہٕ ئے رودٕ ے سرٕ ئے ۱۴۶

۹۳۔ زُوژ بوزتو توٕرچ کنوان ۱۴۷

۹۴۔ دو ہہ اکہٕ لمہٕ لُم لگہٕ یوجانس ۱۴۸

۹۵۔ الموتُ یاتی بوزُ تھ نہٕ زرے ۱۴۹

۹۶۔ موت چُھے سہہ تے کوٚتوڑلی زے ۱۵۰

۹۷۔ کیاہ کرکِ زِمرنس تہٕ مرکھ نہٕ نمن وکانٕن ۱۵۱

۹۸۔ پانژھ وَکھ مُتھم نفسہٕ بانبرے ۱۵۲

۹۹۔ گس گوتوت تہٕ کمؤ ڈیوٹھو ۱۵۳

۱۰۰۔ سون گرٕ چُھے اند ماُدانس ۱۵۴

۱۰۱۔ زُوکندِ رو چھمکھ دردک سون زن ۱۵۵

۱۰۲۔ بگرِ لیچہٕ تہٕ چھاپرٕ بجؤ ۱۵۶

۱۰۳۔ زن اکہٕ اکہٕ گرٕ گیمہ بارتر اُوتھ ۱۵۸

۱۰۴۔ زُوکتھ نہٕ روزا کھاولچہٕ سُنزے ۱۵۹

۱۰۵۔ ییٚتہٕ اُسُ آسے تہٕ گوہمن چُھ توٚتے ۱۶۰

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

۱۰۶۔ اتھہٕ زٕ ڈتھ کھور سوٗم تھاوِتھ ۱۶۱

۱۰۷۔ آدنہٕ زندے مرنادانو ۱۶۲

۱۰۸۔ ترٲوِتھ ینٛ لٔنڈ ماٗدانس ۱۶۳

۱۰۹۔ بایوٗ تیلہِ گوھکھ حاٗرانس ۱۶۴

عذابِ قبر ۱۶۵

۱۱۰۔ تلہٕ چھُے زِیُس تے پیٹھٕ چھکھ نژان ۱۶۷

۱۱۱۔ کینٛژن قبر چھُے پوٗش زٔن شیرے ۱۶۸

۱۱۲۔ نکیرتہٕ منکر ہین پرژھُن تو ۱۶۹

۱۱۳۔ نکیرتہٕ منکر حسابس وٕسن ۱۷۰

۱۱۴۔ وٕچھتہٕ کیناوِچھُے قبرِ دیٛژن ۱۷۱

۱۱۵۔ قبرآوراوی چیر دِتھ ونہٕ یو ۱۷۲

۱۱۶۔ چھُے میٛنزِ تٔل وُسن کیا چھُکھ چھوان ۱۷۳

۱۱۷۔ قبرتنگی تاریکی تہٕ گئے ۱۷۴

۱۱۸۔ کاٹھی بُتھہِ وسنم نٲل ییلہِ ولنم ۱۷۵

۱۱۹۔ یٰس اور یمٰن یاروٕسی ۱۷۶

۱۲۰۔ حضرت محمدؐ حتہٕ سُند پیٛرو ۱۷۷

۱۲۱۔ یتھ شوٗبلس پانس مارتہِ ڈسن ۱۷۸

۱۲۲۔ تتہِ کیناہ کروژھٹہِ تہٕ گئے ۱۷۹

قیامت، روزِ حساب ۱۸۱

۱۲۳۔ زیٹھے ماسہٕ بُرٕ پنٕ یی کنٛدے ۱۸۳

۱۲۴۔ اندکم وٕچھن بنٛدٕ کم آسن ۱۸۴

۱۲۵۔ تتہِ کیناہ کرکھ روزِ محشرس ۱۸۵

۱۲۶۔ یمہِ دوہہ صاحب توری دوزخ ۱۸۶

۱۲۷۔ تتہِ کیناہ کری مول تے ماٗجی ۱۸۷

۱۲۸۔ بزٕ وٕتھ ییلہِ تزاوِنے پاپٕ زٕیہی ۱۸۸

۱۲۹۔ تتہِ نُندبن تہٕ ڈیٛلھن ژارن ۱۸۹

۱۳۰۔ ییٛتہِ رِتمن رِتمن بیٛون ژارن ۱۹۰

۱۳۱۔ تتہِ کُس داری تھٕربا ۱۹۱

۱۳۲۔ بُڈٕ گنٛڈٕ وٕسن کیکر موٗرے ۱۹۲

۱۳۳۔ پاپ تہٕ پُن تتہِ ہین تولہٕ نو ۱۹۳

۱۳۴۔ تتہِ ییلہِ دفتر ہین ورژنو ۱۹۴

اعمالِ صالحہ، جدو جہد، صالحین ۱۹۵

۱۳۵۔ ہاہے ہانگہٕ نارزٔن دٕزن ۱۹۷

۱۳۶۔ آدنہٕ یہِ کرٕ کھتی ادٕنگی ۱۹۸

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

۱۳۷۔ یہ دوٚکھ سونتہٕ تہٕ تی لونکھ ہرٛ دی ۱۹۹

۱۳۸۔ کرِینے تے کاژن چھے ژت کرٛن ۲۰۰

۱۳۹۔ سونتہٕ یم جھکھن تہٕ لاگنے کرٛن ۲۰۱

۱۴۰۔ آٹگنز نادکران چھے ہونو ۲۰۲

۱۴۱۔ کزٕ یُس کرِنہ نوزانہہ تھکی ۲۰۳

۱۴۲۔ رزق چھے بزونہہ برذنہہ موت پتہٕ پتے ۲۰۴

۱۴۳۔ کندوٕ مرگہٕ گرٛبن کھسکھ ۲۰۵

۱۴۴۔ کندوٕ ماز کھلگہٕ ہندِس حس ۲۰۶

۱۴۵۔ یوٗ دمبٕڈ نیرے کو پتہٕ پھیرے ۲۰۷

۱۴۶۔ پانے پانس پاپ نیٛوارے ۲۰۹

۱۴۷۔ ہوٗل نے گنٛڈکٕ زے کاٗم کتھٕ نیرے ۲۱۰

۱۴۸۔ کرتو کزٕ یے تہٕ بیٛہ تو ہیٛجھ ۲۱۱

۱۴۹۔ کاٗنسہِ نہٕ گنہ تہٕ کانہہ وژٕن ژھونڈ م ۲۱۲

۱۵۰۔ سیٛزٕ دیم ژبتھ تھون پزاون یارس ۲۱۳

۱۵۱۔ تگہِ یے تہٕ پوچھِ یوٗن دِزے ۲۱۴

۱۵۲۔ پھوٗل ہے دوٚکھ داہ پھلٕی یوٚون ۲۱۵

۱۵۳۔ دوئِ ترٛاو تہٕ مولاگ چھندہٕ ۲۱۶

۱۵۴۔ چھودیٚس آسہ تس دود کنیاہ کرے ۲۱۷

۱۵۵۔ کل تھاوِتھ روز تو بندو ۲۱۸

۱۵۶۔ کم سنہٕ نیندٕ رِتہٕ کم سناوٕ دِی ۲۱۹

۱۵۷۔ أندرٕ خبریس واٗ ژے روٗحس ۲۲۰

۱۵۸۔ عاشق تم یم پاک رچھن بدن ۲۲۱

۱۵۹۔ کزٕ یہِ مُتٕ یم چلہ درٛن ۲۲۲

صحبتِ صالحین ۲۲۳

۱۶۰۔ نُند بن رِتمن سنٛز کران اُسی زے ۲۲۵

۱۶۱۔ لوٗب تہٕ مُہہ مداہنکار چھے ۲۲۶

۱۶۲۔ سوٗکھس ماٗل چھے کھبس تہ چینس ۲۲۷

۱۶۳۔ اندرٕ نے اژٕک زے تو ے ماٗرن ۲۲۸

۱۶۴۔ سزٕ اناہ کُری زے یُتھنہ کانہہ ڈیشی ۲۲۹

۱۶۵۔ دوٚہس گوٗ ورٛم نفلہٕ ہتھاہ ۲۳۰

۱۶۶۔ اولہٕ سوٚلہٕ یڈٕاہ برے ۲۳۱

۱۶۷۔ ناوِ وسکھ کنہٕ وو کھلی پلکھ ۲۳۲

۱۶۸۔ یم گناٗہس میلتھ موٗہ مارن تہٕ ۲۳۳

۱۶۹۔ ژوٗک تہٕ موٗ دُرتہٕ ٹیوٗ ٹھ تہٕ زہر ۲۳۴

۱۷۰۔ نصر بابہ! جان پٹر جان آفرینس ۲۳۵

نفسِ امّارہ ۲۳۷

۱۷۱۔ نفسو کامہِ کر بجھ کمہِ زشتہ ۲۳۹

۱۷۲۔ نفسو! ہر نئہِ ژھلہِ چُھکھ زوان ۲۴۰

۱۷۳۔ نفسی کُرم ادل تہِ ودل ۲۴۱

۱۷۴۔ نفسی موژس تہِ واے ۲۴۲

۱۷۵۔ نفسے میانہِ ہاناٹہِ یارو ۲۴۳

۱۷۶۔ نفسےِ من مُوراوی ۲۴۴

۱۷۷۔ نفس پتہِ لگّن چھے اُچھی منز برز بن ۲۴۵

۱۷۸۔ نفس چھے وَنک اگہِ موٗلے ۲۴۶

۱۷۹۔ وعدٕ یہِ کوژ رُتھ تہِ کربا ۲۴۷

۱۸۰۔ نفسس مودَ پھ بدے ۲۴۸

۱۸۱۔ ڈ ڈے اُستھ نیسر پنے یم ۲۴۹

۱۸۲۔ پتہِ پتہِ پوٚ گُکھ نفسِ شیطانس ۲۵۰

۱۸۳۔ نفسےِ میون زَن ہوٗس تےَ ۲۵۱

۱۸۴۔ نفسن لوگُم ناژ وکرِ ڈ ژُھے ۲۵۲

۱۸۵۔ نفسے منیانے ژیرِی وِاَ گو ۲۵۳

۱۸۶۔ نفسی کوڈُس اُڈُ اُٹی ۲۵۴

۱۸۷۔ نفس چھے بکُھر گنڈُن آلس تے ۲۵۵

۱۸۸۔ نفسائیتھ چھے نقصان دِیلس ۲۵۶

۱۸۹۔ یہ چھے ژیر تہِ ژالِنہِ میچھی ۲۵۷

کوتاهیوں پر ندامت کا احساس ۲۵۹

۱۹۰۔ وُنن بنیہِ سُند وذ یم نہِ پُٹن راہ گوٚم ۲۶۱

۱۹۱۔ اُچھن ڈز کِعن زر پیٚوم ۲۶۲

۱۹۲۔ لاوِنے داوژ خنم موکھتہِ ہارس ۲۶۳

۱۹۳۔ شرزاون پھلے سوبرم ہے ۲۶۴

۱۹۴۔ زبجھ ڈُنی پہس حاصل گناہ کوژم ۲۶۵

۱۹۵۔ آدنہِ کژ یے مُنجم نادانس ۲۶۶

۱۹۶۔ سوندرے کلمہِ دِڈن چاوگوم ۲۶۷

۱۹۷۔ لوکچار راوژم منز غفلتس ۲۶۸

۱۹۸۔ شرزاوٗن سوریو تہِ کوستور کلیود ۲۶۹

۱۹۹۔ آدنہِ پھیوٗژس ڈوربن تہِ ڈارَن ۲۷۰

۲۰۰ ہاژے ژسکھ ہاشینہِ ہندریو ۲۷۱

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

رہبانیت ۲۷۳

۲۰۱۔ نصر بابہٕ جنگل کھسُن ٹُھیم خامی ۲۷۵

۲۰۲۔ گرِ گراکس تاج لاگنس سرس ۲۷۶

۲۰۳۔ گرٕ کرُن چھُہ ہیوٗت تہٕ دِتُو ۲۷۷

۲۰۴۔ وَنَن پُژرکِ تہٕ واندرآسن ۲۷۸

۲۰۵۔ مُڈ وکند بواژ کھ چلس ۲۷۹

۲۰۶۔ گوپھِ اژنہٕ تَر دے نولبکھ ۲۸۰

اعلائے کلمۃُ الحق ۲۸۱

۲۰۷۔ پوٗز دپُن چھُہ نارٕ دزاوسون زن ۲۸۳

۲۰۸۔ زوٗنُم نہ رازٕ پرُش پچھِ اُنی ۲۸۴

عُلماءِ سُو ۲۸۵

۲۰۹۔ علم پرُن تہٕ پرٕتھ نہٕ پالُن ۲۸۷

۲۱۰۔ علم چھُہ بوزٕ تہٕ ملہٕ چھُکھ دانا ۲۸۸

۲۱۱۔ علم پرٕتھ زونکھ اُسۍ گٔے وتھی ۲۸۹

۲۱۲۔ ووپھ بَتہٕ اُنٕ دوزٕنی دولو کھرے ۲۹۰

۲۱۳۔ مُلو چھو لُکھ تہٕ مُلو چھو لُکھ ۲۹۱

۲۱۴۔ پرَان پرَان زبو تال پھوٗجھکھ ۲۹۲

۲۱۵۔ پرَان پرَان زبو تال پھوٗجہٕ وو ۲۹۳

۲۱۶۔ ملا ڈیوٗ ٹُھم موشی کھوان ۲۹۴

۲۱۷۔ ملہٕ چھی مشیدن اُچھی درو ۲۹۵

۲۱۸۔ یِہہ ژالیہٕ گوپھن تہٕ شال چھِ گربزان ۲۹۶

۲۱۹۔ علماہ پوٗر رود، ودفہٕ کے ہوسے ۲۹۷

۲۲۰۔ ملہٕ چھے زاڈِ گُرزن ڈلان ۲۹۸

۲۲۱۔ ملَن ہونگہٕ پھیتی ٹُھملی ۲۹۹

۲۲۲۔ ملہٕ چھی خوشحال ہٕدٕ ین تہٕ سالس ۳۰۰

۲۲۳۔ نبیرٕ شوبِلی اَندری شوٗمی ۳۰۱

۲۲۴۔ أندرٕ کرٕ ودھ تڑاو کھنہٕ تہٕ ۳۰۲

۲۲۵۔ تسبیح پھٔلی پھرتھ ٹھسلہٕ ۳۰۳

۲۲۶۔ کیلِک ملہٕ ژھی سالس پکے ۳۰۴

۲۲۷۔ ملاہ ڈیوٗ ٹُھم زن داں بوٗ رو ۳۰۵

۲۲۸۔ ملاہ ڈیوٗ ٹُھم پوٗ رمتے ۳۰۶

۲۲۹۔ تسبیحٔ وُچھِ مے گُنساہ ہشو ۳۰۷

۲۳۰۔ بیرِ لنجے مُشک زانہہ نہٕ سورے ۳۰۸

Scanned with OKEN Scanner

رِیاکاررِیتی ٣٠٩

٢٣١۔ دنیادار ریشو ٣١١

٢٣٢۔ اُزکر ریشی چھی کیلکی ریشی ٣١٢

٢٣٣۔ عاصبہ تہ ڈرمہ چُھی جور ٹھو ٣١٣

٢٣٤۔ فانی سرایہ بیو تُھکھ ڈکانس ٣١٤

٢٣٥۔ گُندِ پانس مودیورَندے ٣١٥

٢٣٦۔ ریشی ہے ریشیئت پالہ ہن ٣١٦

٢٣٧۔ پُتر مبور ریشو دوہ دبن رُچھی ٣١٧

٢٣٨۔ ریشی اُسی پُتم ریشی ٣١٨

٢٣٩۔ آدنہ گُرتھ پاپَن کرشی ٣١٩

٢٤٠۔ یامتھ نہ چتھ زپھ کرِیشی ٣٢٠

٢٤١۔ کیلکی گرگر ریشی لاگن ٣٢١

خلافِ شریعت کام اور شیطان ٣٢٣

٢٤٢۔ یتھ جایہ دَفتہ دمامہ آسہِ وَزان ٣٢٥

٢٤٣۔ آوژ وراہ لوٹنہِ گرَے ٣٢٦

٢٤٤۔ نصریو! پُہشکھ نہ شیطان موکھس ٣٢٧

٢٤٥ پُرگتھِ رودُ کھا اُکس دوہِ مو ٣٢٨

٢٤٦ پُرزنمن کُندِ کرکھ تالہ مُتی ٣٢٩

قناعت، سخاوت ٣٣١

٢٤٧۔ فقر چُھی دوزخس ڈُرن ٹھوڑو ٣٣٣

٢٤٨۔ فقریس اُکس ووندس منز شرِ پو ٣٣٤

٢٤٩۔ سخاوت کرکھ تو دنے کھینے ٣٣٥

٢٥٠۔ سخی ین مول گس کرِرو پہ بنز ڈُرن ٣٣٦

٢٥١۔ تیئتے کھنز پتے ڈیلی ٣٣٧

٢٥٢۔ کیاہ گُرزی روپس تہ سونس ٣٣٨

٢٥٣۔ دیارن گُلن چُھی دار بن تہ بامن ٣٣٩

صبر، برداشت ٣٤١

٢٥٤۔ صبر یو ذکرکھ سُے بوچوئے ٣٤٣

٢٥٥۔ کانن تھند بن دا رگ زِنہ سپر ٣٤٤

٢٥٦۔ سُے ژالہِ نبند تیمی ڈوو بیوئے ٣٤٥

اِنکساری ٣٤٧

٢٥٧۔ بہہ ہے اُکرِ زِے شال زن پُکھو زے ٣٤٩

٢٥٨۔ نصرو! موڈ چھ گُکی کیناہ کورو ٣٥٠

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

غیبت و بد گوئی ۳۵۱

۲۵۹۔ یُس یُتھ سٔہ تیُتھ پانس ۳۵۳

۲۶۰۔ یام چھے تا پھ دوہ گُرے ۳۵۴

۲۶۱ سرِ مژی خرِ زن ژھنم تھاہ ۳۵۵

دُنیا پرستی اور اس کا انجام ۳۵۷

۲۶۲۔ رَزِ تہٕ گزے ہُتل مینم ۳۵۹

۲۶۳۔ زُومیانے گُلِ انا ے ۳۶۰

۲۶۴۔ بیٚہ چھم تمہِ سُمہ اند رکتھ واتے ۳۶۱

۲۶۵۔ موکانچھ شُری مُری تہٕ گبر ۳۶۲

۲۶۶۔ کوٹہٕ رالیو مَر لزایہ پٹھ سنگرن ۳۶۳

۲۶۷۔ یمن کُناہ کرکھ دُنیا رَن ۳۶۴

۶۸ ۲۔ زُوینیلہِ ژمی کھمن نوروژی ۳۶۵

۲۶۹۔ آدنہ گیُوس گُرس کنتھ ویرس ۳۶۶

۲۷۰۔ آدِنہ پرلبن زوگُم ۳۶۷

۲۷۱ توشان توشان وودُر بوزُم ۳۶۸

۲۷۲۔ یاونہٕ بُمہ رسنہٕ دگ دِژم ستہٕ تی ۳۶۹

۲۷۳۔ پانہٕ میانہِ پزنم ژُندرو ۳۷۰

۲۷۴۔ زبتھ کُناہ لوٗ زم سیاہ رویے ۳۷۱

۲۷۵۔ ہارَس ننبدٕ رپنے یم یامتھ پوہ گوم ۳۷۲

۲۷۶۔ دُزٕ یہس آیاسے باُجی باُجی ۳۷۳

۲۷۷۔ ژیونُم نہٕ یام مندنمن دوہ گوم ۳۷۴

۲۷۸۔ ززٕ ری تُھپھ گُیم عُمرِ سبز ارس ۳۷۵

۲۷۹۔ دوہ درلوگُم تہٕ کوردمہٕ تھپہ ۳۷۶

مذمّتِ اعمالِ کفر و شرک ۳۷۷

۲۸۰۔ مسلمان یم ہیند یت پکن ۳۷۹

۲۸۱۔ دَ ے مودہٕ موکھے آسی ۳۸۰

۲۸۲۔ گُہہ لوٗنس تہٕ گریُمت چنس ۳۸۱

۲۸۳۔ مسلمان یُس ہپند یُت پالہِ ۳۸۲

۲۸۴۔ کونگُم ڈارس ہنگہِ کُمرِ ڈویو ۳۸۴

ذات، نسب، دُنیاوی جاہ و غرور ۳۸۵

۲۸۵۔ وُچھتہٕ آذر پوٗ تلہٕ گرو ۳۸۷

۲۸۶۔ ابوجہل ناپاک موٗ رو ۳۸۸

۲۸۷۔ ابوطاٗلب کنہِ کھوتہٕ دوٗ رو ۳۸۹

۲۸۸۔ حضرت بابہٕ آدمٗ مولو ۳۹۰

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

۲۸۹۔ زاڈے پیٹرِ دِلِل اُوذ دتو ۳۹۱
۲۹۰۔ ذوت پُھی دپان ذات پھِے میأنی ۳۹۲
۲۹۱۔ کول موگلی رنگن تہٕ سنگن ۳۹۳
۲۹۲۔ ذات گز بتھ کیاہ پھِے سودا؟ ۳۹۴
علاماتِ قُربِ قیامت ۳۹۵
۲۹۳۔ نصر بابہٕ !ژ بوز گوبہٕ ہندی وژن ۳۹۷
۲۹۴۔ لکھہٕ تہٕ پکن دُنیاہ ژورن ۳۹۸
۲۹۵۔ تیلہِ ملہِ آسن تتھی کیرن ۳۹۹
تقدیرِ الٰہی ۴۰۱
۲۹۶۔ اوٗ ناوِ پالکہِ اُرِ دِتھ نکھ تس ۴۰۳
۲۹۷۔ اکھاہ ڈیو نُتھم بیتھ تکس ۴۰۴
۲۹۸۔ خان اُکی بہان یمن روبہ خانن ۴۰۵
۲۹۹۔ اُکس برتل سازندٕ وایان ۴۰۶
۳۰۰۔ کینژن ہٕتہٕ بُدی دلنہٕ گچھن ۴۰۷

☆☆☆

تلقینِ حضرتِ شاہِ ہمدانؒ ۴۰۸

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

حضرت شیخ نور الدین ریشی رحمۃ اللہ علیہ روایت و درایت کے مطابق چودھویں صدی عیسوی کی آٹھویں دہائی کے سرے پر علاقہ مراز کے کولگام کے ایک گاؤں کیموہ میں پیدا ہوئے اور پندرھویں صدی عیسوی کی چوتھی دہائی میں عالمِ آخرت کو سُدھارے جب شاہ میری خاندان کا سلطان زین العابدین کشمیر پر حکومت کرتا تھا۔ حضرت شیخ کے والد محترم سُلت سنز تھے جو حضرت سید حسین سمنانی رحمۃ اللہ علیہ کے دستِ حق پرست پر ہندو مذہب چھوڑ کر مسلمان ہوئے اور حضرتِ سمنانیؒ نے اُن کا نام شیخ سالار دین رکھا۔ حضرت شیخ کی والدہ محترمہ سدرہ ماجی تھی جو پشتنی مُسلمان تھی۔ حضرت سالار دینؒ نے دینی اور روحانی تربیت حضرت سیّد حسین سمنانیؒ سے ہی حاصل کی۔ ایک روایت کے مطابق اُنھوں نے حضرت یاسمن ریشیؒ مدفن کریوہ بجبہاڑہ (جنوبی کشمیر) سے بھی کچھ فیض و تربیت پائی۔ اس تعلیم و تربیت کی وجہ سے حضرت شیخ سالار دین کا گھر اسلام کے فیوض و برکات سے مُستفید ہو چکا تھا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

حضرت شیخ نورالدینؒ نے اسی ایمان افروز گھر میں آنکھ کھولی۔

حضرت شیخ کی حیاتِ مبارکہ اور کلام پر لکھنے والے حضرات ان ابتدائی اہم کوششوں سے نا معلوم وجوہات کی بناء پر صرفِ نظر کرتے آئے ہیں جو حضرت شیخ کے والدین نے انکی ابتدائی تعلیم وتربیت کے سلسلے میں انجام دی تھیں کیونکہ حضرت شیخ کے والدین حضرت سیّد سمنانیؒ کے تربیت یافتہ تھے۔

حضرت شیخ نورُالدّین ریشیؒ نے جس ایمان پرور پاکیزہ گھریلو ماحول میں آنکھ کھولی وہاں نغمۂ توحید کی گونج کے ساتھ ساتھ، سیرتِ رسولِ برحق صلی اللہ علیہ وسلّم، سیرتِ خُلفاء راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور اُن کے لازوال کارناموں کے تذکرے روزانہ ہی بیان ہوتے رہتے تھے۔ اسی روحانی طور پر بالیدہ اور فیض بخش تعلیم وتربیت نے حضرت شیخ کی آئندہ زندگی کی راہ مقرر و متعین کر دی۔ بلوغیت کے میدان میں قدم جماتے ہوئے حضرت شیخ نے اپنے مشن یعنی دین اسلام اور تعلیماتِ قرآن وسُنّت کی تبلیغ واشاعت کو مضبوط بنیادوں پر آگے بڑھانے اور آئندہ طریق کار کے خطوط مقرر کرنے اور ہمہ جہت تیاری کے لئے علائق و خلائق سے دور رہ کر کیموہ گاؤں کے ایک غار میں ایک مقررہ مدت تک غور و خوض کے ساتھ مراقبے شروع کئے۔ مراقبوں کی مدت ختم ہونے کے بعد تبلیغ دین کیلئے اس دور میں میسر تمام ذرائع و اسباب کا احاطہ ذہن

میں رکھتے ہوئے جدوجہد کے عملی میدان میں عزم صمیم کے ساتھ نکل آئے۔ حتیٰ کہ اُن کی ڈھلتی ہوئی جوانی اب حدودِ بزرگی میں داخل ہو چکی تھی۔ جب حضرت سیّدعلی ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ سات سو اصحابِ علم وفن کے ساتھ واردِ کشمیر ہوئے۔ وہ جلدی جلدی آتے اور واپس جاتے رہے۔ لیکن اُن کے ساتھیوں کی کثیر تعداد یہیں رہ گئی۔ اس کے معاً بعد اُن کے فرزند حضرت میر محمد ہمدانی رحمۃ اللہ علیہ ایک ہزار علما وفضلا کے ساتھ کشمیر تشریف لائے۔ وہ تقریباً اٹھارہ سال یہاں مُقیم رہے۔ ان حضرات کی مساعیِ جمیلہ سے قصباتی آبادی کا کثیر ترین حصہ دائرہ اسلام میں آگیا۔ اس عرصہ میں حضرت شیخ اور حضرت میر محمد ہمدانیؒ میں باہم کئی ملاقاتیں ہوئیں، جن کے نتیجے میں حضرت شیخ کبروی سلسلۂ سلوک میں حضرت میر محمد ہمدانیؒ کے دستِ حق پرست پر بیعت ہوئے۔

حضرت میر محمد ہمدانیؒ نے کشمیر کے مختلف مرکزی حیثیت کے مقامات پر قرآن وسُنّتِ نبوی کی تعلیم وتربیت کو عام کرنے کے لئے خانقاہوں کی صورت میں درس گاہیں قائم وجاری کر دیں۔ یہاں پر یہ وضاحت ضروری ہے کہ باہر سے آئے ہوئے علماء وفضلاء نے درس گاہوں میں درس وتدریس کا کام اچھی طرح سے سنبھالا جب کہ اسی تعلیم و تربیت اور اس کی روح کو وسیع پیمانے پر مسلم وغیر مسلم عوام میں متعارف کرانے اور پھیلانے کا وسیع وگراں قدر کام حضرت شیخؒ نے اپنے

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

کاندھوں پر اُٹھایا۔

خطۂ کشمیر کا کثیر حصہ چوں کہ دور دراز علاقوں میں واقع میدانی اور پہاڑی گاؤں پر مُشتمل ہے۔ان علاقوں میں غیر کشمیری مبلغ حضرات جو مقامی حالات، تہذیب وتمدن اور خصوصاً مقامی زبان سے بالکل ناواقف تھے۔تبلیغ کا کام آسانی کے ساتھ موثر طریقے پر انجام نہیں دے سکتے تھے۔ اسی لئے اِن سارے خطوں کے بعید ترین اور دشوارر گزار اطراف میں واقع دیہات میں جا کر حضرت شیخ بذاتِ خود نہ صرف دینِ حق کی مبادیات کی واقفیت عوام کو بہم پہنچاتے رہے بلکہ وہ قرآن، سُنت اور فقہ کی جزئیات تک اپنے منظوم کشمیری کلام کے ذریعے مسلم اور غیر مسلم عوام کی آبادیوں میں گھر گھر جا کر عام کرتے رہے۔

ابتدائی ادوار سے لیکر سُلطان زین العابدین کے عہدِ حکومت تک ہزاروں لوگ دائرہ اسلام میں آچکے تھے لیکن تعلیم وتربیت کی کمی کی وجہ سے اُن کے سابقہ مذاہب کے معتقدات، تُوہمات و رُجحانات اور قدیم سماج کے رسوم ورواج بہت حد تک موجود تھے۔ان کے ازالہ اور بیخ کنی کے لئے مقامی تہذیب و زبان جاننے والے اور اُن غلط رسوم وعقائد کا تنقیدی ادراک رکھنے والے حضرات، غیر کشمیری مُبلغین سے بہت بڑے حد تک کارگر اور کامیاب ہوسکتے تھے۔حضرت شیخ نورالدینؒ نے اس حکمتِ عملی کو بروئے کار لاکر اس اہم کام کا بیڑا بذاتِ خود اُٹھایا اور نہایت ہی احسن

طریقے پر اسے نیک انجام تک پہنچایا۔

اُس وقت کے مسلم سماج میں سابقہ مذاہب کے مضر ترین مُخرّبِ ایمان معتقدات میں سے ''شرک'' اور اسی سے ملحق ہر نوع کے شرکیہ عقاید توہمات، رسم ورواج وغیرہ گہری جڑوں کے ساتھ موجود تھے۔ ان ہی مُشرکانہ عقائد و معتقدات، توہمات اور رسوم ورواج پر حضرت شیخ نور الدین ریشیؒ نے بار بار کاری وار کئے اور اُن کو جڑ سے اُکھاڑنے کی پیہم کوشش اور جہاد کیا۔

اللہ تعالیٰ کے لاشریک وقادرِ مطلق اور مُدبّر بلا وزیر ہونے، اس کی احدیت اور صمدیت کو مدلل افہام وتفہیم اور پُرامن واحسن تبلیغ سے واضح کرنے کی اہم ضرورت تھی۔ اس کے ساتھ ساتھ کافرانہ طرزِ زندگی سے تازہ نکلے ہوئے مُذبذبین کے دلوں میں ایمان وایقان اور حقانیتِ اسلام کو مبرہن اور روشن اور راسخ کرنا بھی اہم کام تھا۔ یہ دونوں کام حضرتِ شیخ نے بالغ نظر، صاحب عزیمت وبصیرت داعیٔ اسلام کی طرح اپنے پُر خلوص اور انتھک مجاہدانہ جذبے اور پیہم سعی اور عملی ایثار سے نہایت کامیابی کے ساتھ انجام دئے۔ اس اہم مقصد کو نظر میں رکھتے ہوئے انہوں نے اپنے کلامِ بلاغت نظام میں توحیدِ الٰہی، متابعتِ سُنّتِ نبویؐ، ردِ شرک وردِ عقائد شرکیہ، ردِّ رسم رواج، حصولِ علم قرآن وحدیث، تاکیدِ قیامِ نماز، ادائیگی زکوٰۃ قیام وعمل آوری، روزہ وحج پر تاکیدی انداز میں بتکرار زور دیا

Scanned with OKEN Scanner

ہے۔ اُنہوں نے کفر و شرک کی برائیوں اور اُن کے عواقب و نتائج، اجمالاً ہی سہی مگر واضح طور پر بیان کئے ہیں۔

دوسری طرف اسلامی عبادات کے ظاہری فیوض و برکات کے ساتھ ساتھ حضرت شیخ ؒ نے اُن کے روحانی یعنی تزکیۂ نفس کے مختلف پہلوؤں کو بھی اُجاگر کیا ہے۔ موت، حیات بعد الموت، قبر، عذابِ قبر، حشر و نشر قیامت، جزا و سزا جیسے اہم بنیادی اسلامی عقائد، حضرت شیخ کے کلام کے نمایاں ترین عنوانات ہیں۔ وہ تمام دینی عبادات اور امور کو مختلف الفاظ میں شدت کے ساتھ بار بار دہراتے ہیں تا کہ اُنکی اہمیت دلوں میں راسخ ہو جائے۔

حضرت شیخ نور الدین ریشیؒ رہبانیت اور ترکِ علائق و خلائق کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ اُنہوں نے عائلی زندگی کی افادیت و اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے اس کو احکام الٰہی اور سُنّتِ نبویؐ کی مکمل پیروی جانتے ہوئے انسانوں کے لئے لازمی قرار دے دیا ہے اور بہتر شخصیت اور بہتر سماج تعمیر کرنے کے لئے اعمالِ صالح کی بجا آوری اور صالحین کی صحبت اختیار کرنے کی تاکید بھی کی ہے۔

حضرت شیخ ؒ کی نظر سے مسلم سماج میں پیدا شدہ خرابیاں اور در انداز شدہ منفی پہلو بھی اوجھل نہیں رہے ہیں۔ انہوں نے غلط رسوم و رواج اور معتقدات کو رد کرتے ہوئے عُلماءِ سُو اور ریا کار ریشیوں کی رنگا رنگ ریا

کاری، جبلتِ زر اندوزی، ظاہر داری، منافقانہ روش اور فاسقانہ طرزِ زندگی پر زبردست اور زوردار تنقید کی ہے۔ انہوں نے شرح و بسط کے ساتھ اس موضوع کو واضح کیا ہے۔ اس سے یہ اندازہ لگانا مشکل نہیں ہے کہ حضرت شیخ ؒ کو خود اکثر ایسے ہی علماءِ سو اور ریاکار ریشیوں سے سابقہ پڑا ہوگا اور ممکن ہے کہ ایسے لوگ حضرت شیخ ؒ کی تبلیغی مساعی میں روڑا اٹکانے کی مذموم کوشش بھی کرتے رہے ہونگے۔ اس بارے میں حضرت شیخ کے تجزیے آج کے دور میں بھی بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔

حضرت شیخ کی حیاتِ مبارکہ کا مطالعہ کر کے یہ بات اظہر من الشمّس ہو جاتی ہے کہ وہ دینِ برحق کے لئے ایک عظیم مجاہد اور داعی تھے۔ اس بات پر اُن کا سارا کلام شاہد عادل ہے۔ لسانی اور ادبی پہلوؤں کے علاوہ اُن کے سارے کلام کے دیگر پہلوؤں کا اُنکی دعوت کے بنیادی نکات کو مدِ نظر رکھ کر احاطہ کرنا نہایت ہی اہم ترین کام ہے۔ جس کی انجام دہی کے لئے مالی طور سے ایک مضبوط ادارے کی فراخ دلانہ سرپرستی کے علاوہ، مخصوص مدت اور دینی توحیدی شعور و تنقیدی بصیرت کی ضرورت ہے۔ اُن کے مُصفّا کلام میں نفس پرست ریشی باباؤں اور دیگر فرقوں کے روایتی مُحرفوں اور خاین نقل نویسوں کے دیدہ و دانستہ عمل سے بہت سا ایسا کلام بھی شامل ہوا ہے جو حضرت شیخ کے پسندیدہ مذہب یعنی اسلام کے بنیادی عقائد اور اُن کی داعیانہ زندگی سے دور کا واسطہ بھی نہیں رکھتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

بہر کیف اس مہم کو کسی تذبذب اور خوف کے بغیر سر انجام دینے والے صاحب کے انتظار کی زحمت کب تک وقت کو برداشت کرنی پڑے گی یہ اللہ ہی جانتا ہے۔

گذشتہ دو سو سال سے آج تک حضرت شیخ ؒ کا اکثر کلام وقتاً فوقتاً مختلف مجموعوں کی صورت میں چھپ چکا ہے جس کا بیشتر حصہ ان پڑھ کاتبوں، ناجائز نفع خور چھاپنے والوں اور اپنا نام بنانے والے مؤلفین کی فکری پراگندگی اور ذہنی انتشار کا شکار ہوا ہے۔ کشمیر یونیورسٹی میں شیخ العالمؒ چیئر روزِ اوّل سے ہی کج معماری کے ساتھ افسر شاہی تذبذب سے عقیم بن کر رہی ہے۔ پہلے ہی عام اجلاس میں خاکسار نے تجویز پیش کی تھی کہ شیخ العالمؒ چیئر کا مُقدم ترین کام نہ صرف اُن کے کلام کی جمع آوری ہے بلکہ لسانی، تنقیدی اور حضرت شیخ کے داعیانہ مزاج و کردار کے نُکتۂ نگاہ سے جمع کردہ سارے کلام کی تدوین و ترتیب کے ساتھ ساتھ اُس کا ایک مُستند اور دُرست متن مقرر کیا جائے جو آنے والی نسلوں کے لئے باعثِ ہدایت و راحت ثابت ہو جائے لیکن آج تک یہ کام یا تو تساہُل یا دیدہ و دانستہ صرفِ نظر کرنے کی وجہ سے انجام نہیں پا سکا اور بظاہر مستقبلِ قریب میں بھی ایسی کوئی اُمید نظر نہیں آ رہی ہے کیونکہ یہ کام ایک نام نہاد نیرنگی مزاج اور پہلے سے طے کردہ اور سوچے ہوئے منصوبے کے موافق نہیں پڑے گا۔ یہ مزاج حقیقت کو اپنے رنگین لباس میں دیکھنا چاہتا ہے۔ حضرت شیخ

نورالدینؒ کے کلام کا انتخاب مقرر کرتے وقت خاکسار کے پیشِ نظر بہت سے قدیم و جدید مطبوعہ نسخوں کے علاوہ نور نامہ حضرت بابا نصیب الدین غازیؒ کا ایک مخطوطہ اور چند مختصر خطی مُسودے بھی رہے ہیں۔ اس انتخاب میں شامل کلام کا اردو میں ترجمہ کرنے میں اور حضرت شیخ کے داعیانہ کردار و مزاج کی صحیح ترجمانی کرنے میں، میں کس حد تک کامیاب ہوا ہوں اس کا اندازہ روشن ضمیر اور دیانت دار صاحبِ علم و بصیرت حضرات ہی کر سکتے ہیں۔ تصنیف و تالیف اور تراجم میں نہ چاہتے ہوئے بھی بلکہ لاکھ کوششوں کے باوجود کوئی نہ کوئی خامی ضرور رہتی ہے جو نظروں سے اوجھل رہتی ہے۔ اگر اس ترجمے میں کوئی خوبی ہے تو وہ صرف اللہ تعالیٰ کی رہنمائی کی مرہونِ احسان ہے اور اگر کوئی خامی ہو تو وہ خاکسار کی کم فہمی اور روحِ مطالب تک نارسائی کا نتیجہ ہے۔ ان کی نشاندہی صاحبِ علم و بصیرت قارئین کرام کا کام ہے۔ اُن خامیوں کا ازالہ، اُن اصحاب کے شکریہ کے ساتھ آئندہ ایڈیشن میں کیا جائے گا۔ انشاءاللہ۔

اس عظیم الشان اور بابرکت کام کو خوبصورت ترین کتابی صورت میں پیش کرنے کے لئے خاکسار کو اپنے ایک مکرم و محترم دوست نے آمادہ کیا اور اس کی بہترین طباعت و اشاعت کی سعادت عزیز محترم جناب ظہور احمد صاحب آف فرم علی محمد اینڈ سنز سرینگر کشمیر کے حصے میں آئی۔ اللہ تعالیٰ ان دونوں صاحبوں کو جزائے خیر اور فلاح دارین سے

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

نوازے اور قارئین کرام کو دین فہمی کے ساتھ ساتھ روحانی بصیرت بھی عطا فرمائے اور اس انتخاب کو اپنے بندوں کے لئے نفع بخش بنائے۔ آمین یا رب العالمین۔

میں جناب پروفیسر عبد الواحد قریشی صاحب (وائس چانسلر سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر) کا نہایت ہی ممنون ہوں کہ اُنہوں نے میری گزارش پر اس انتخاب کو ناقدانہ نظر سے ملاحظہ فرما کر نہ صرف اسے پسند فرمایا بلکہ ایک تحریری پیغام بھی عنایت فرمایا جو زینتِ کتاب ہے۔

خاکسار

(پروفیسر) غلام محمد شاد

۵۱۔ سیکاپ روڈ، بجبہاڑہ، کشمیر

۱ مارچ ۲۰۱۲ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نقشِ ثانی

جس کام میں خلوصِ نیت کے ساتھ اِشاعت وتبلیغِ دینِ حق کی انجام دہی میں محض رضائے الٰہی کا حصول مدِ نظر ہو۔ اللہ تعالیٰ اُسے عام وخاص سطح پر شرفِ قبولیت سے نوازتا ہے۔ فرم میسرز علی محمد اینڈ سنز سرینگر کے مینجنگ ڈائریکٹر مکرم ظہور احمد صاحب نے چند ماہ قبل ہی تعلیماتِ قرآن وسنت نبوی ﷺ پر مبنی فرمودات حضرت شیخ نور الدین نورانیؒ کو" کلامِ شیخ العالمؒ " کے عنوان کے تحت زرِ کثیر خرچ کر کے نہایت آب وتاب اور خوبصورت تزئین کے ساتھ طبع کروا کے نہایت کم قیمت پر شائقین کی خدمت میں پیش کیا۔ اُنکے اس پُر خلوص کام کو اہلِ اسلام نے ایسے والہانہ طور پر سراہا کہ اسکا پہلا ایڈیشن چند ماہ میں ہی ختم ہوگیا۔ یہ اس بات کی شہادت ہے کہ کشمیر کے مسلمان حضرت شیخؒ کی تعلیمات کو صحیح اسلامی تناظر میں ہی دیکھنا، پڑھنا اور حرزِ جاں بنانا پسند کرتے ہیں جیسا کہ حضرت شیخؒ کی مساعی جمیلہ کا مقصد تھا۔

ذاتی اغراض اور حصولِ جاہ ومنصب وزر کیلئے بزرگانِ دین کی تعلیمات کو شرک اور دورِ جدید کے کفر یعنی سیکولر ازم سے ہم آہنگ بتانا اور بنانا، انکی تعلیمات کی نہ صرف سراسر تحریف وتکذیب ہے بلکہ اُنکی حیاتِ مبارکہ کے اعلیٰ مقاصد کو جان بوجھ کر نظر انداز کرنا نہ صرف مجرمانہ انداز کا کتمانِ حق ہے بلکہ ایک تدلیسی اور تلبیسی حرکت ہے۔

" کلامِ شیخ العالمؒ " کے طبع اول کی ترتیب میں تعجیل کی وجہ سے کہیں کہیں نقطوں کا ہیر پھیر ہو گیا تھا ان پر نظر ثانی کر کے انکو درست کرنے کی حتی المقدور کوشش کی گئی ہے۔ اب دوسرا ایڈیشن زیادہ زیب وزینت کے ساتھ شائع ہو رہا ہے جسکے لئے مکرم ظہور احمد صاحب مبارکباد اور مرحبا کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس نیک کام میں سب متعلقہ اصحاب کی کوششوں کو قبول فرما کر انہیں مزید نیک کاموں کی انجام دہی کیلئے ہمت اور توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

خاکسار

پروفیسر غلام محمد شاد

بج بہاڑا کشمیر

تحریر ۳۰ مارچ ۲۰۱۳ء

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

Central University of Kashmir
Transit Campus, Sonwar (Near G B Pant Hospital), Srinagar [illegible]
Ph: [illegible]

Prof. Abdul Wahid
Vice-Chancellor

پیغام

شیخ العالم شیخ نورالدین ولی کشمیریؒ کی ذات ستودہ صفات پر اہلِ کشمیر کو بجا طور پر فخر ہے۔ اُنہوں نے نہ صرف اپنے کردار اور اپنی گُفتار سے اسلام کی طرف لوگوں کو دعوت دی بلکہ کشمیری زبان و ادب کے ذخیرۂ الفاظ کو مالا مال کیا۔ اُنکے کلام میں یوں تو بحیثیتِ مجموعی دینِ حق کے ہر گوشے پر روشنی پڑتی ہے لیکن اُنہوں نے اپنے کلام میں زیادہ تر زور توحیدِ خالص اور اتباعِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر دیا ہے۔ حضرت بابا داؤد مشکوٰتیؒ، جو بابا نصیب الدین غازیؒ کے شاگردِ رشید ہیں۔ اولیائے کشمیر پر اپنی مشہور کتاب ''اسرار الابرار'' میں شیخ العالمؒ کا تذکرہ کرتے ہوئے رقمطراز ہیں کہ حضرت شیخ نے فرمایا ''سارا علم لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ کے معنی ہیں اور لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ توحید ہے، اس لئے سارے علم کا مفہوم توحید ہی ہے''۔

(حضرت بابا داؤد مشکوٰتیؒ: اسرار الابرار (اردو) مطبوعہ سرینگر ۱۹۷۹ء، ص: ۱۱۰)

اسلام کی بنیاد ہی عقیدۂ توحید پر ہے اور تمام حضراتِ انبیاء علیہم السلام نے توحید ہی کو اپنی دعوت کا مرکزِ اساسی قرار دیا ہے۔ شیخ العالمؒ کی سوانح اور انکے کلام کے بارے میں اب تک بہت کچھ لکھا گیا، لیکن ابھی بھی بہت کچھ لکھنا باقی ہے۔ بالخصوص اُن کے کلام کے متن کو قرآن و سنت کی کسوٹی پر جانچنا اور پھر صحیح کلام مُتعین کرنا وقت کی اشد ضرورت ہے۔ اب تک شیخ العالمؒ کے کلام کا انتخاب مختلف اہلِ علم نے مُرتب کر کے شائع کیا ہے جو اس موضوع سے عوام و خواص کی دلچسپی پر دلالت کرتا ہے۔

یہ نہایت ہی خوشی کا مقام ہے کہ ہمارے فاضل دوست پروفیسر غلام محمد شآد صاحب نے شیخ العالمؒ کے تین سو شُرکوں پر مشتمل ان کے منتخب کلام کا ایک حسین گُلدستہ عام فہم اور سلیس اردو زبان میں ترجمہ کر کے مُرتب کیا ہے۔ شآد صاحب کے مُرتب کردہ مجموعہ کے بعض شُرکوں کے متن کے ساتھ معمولی سا اختلاف تو ہوسکتا ہے لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ اُنہوں نے یہ مجموعہ مختلف اہم عنوانوں کے تحت نہایت عرق ریزی سے مُرتب کیا ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ کتاب مُرتب کرتے وقت شآد صاحب کی بھی یہ کوشش رہی ہے کہ حضرت شیخ کے داعیانہ پہلو کو اُجاگر کیا جائے اس لئے یہ ایک قابلِ قدر، مُستحسن اور مبارک کوشش ہے۔

محترم شآد صاحب کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ آپ اردو

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

اور کشمیری زبان کے آزمودہ کار شاعر، نامور نثر نگار اور سر کردہ ادیب اور مُحقق ہیں۔ نظم و نثر میں اب تک اُن کی بہت سی مفید کتابیں چھپ چکی ہیں اور ان کی کچھ اہم کتابیں زیرِ ترتیب و تصنیف ہیں۔ آپ ایک مشہور تاریخ دان ہونے کے علاوہ کشمیری، اردو اور فارسی زبان و ادب کے نکتہ شناس بھی ہیں۔

میری دعا ہے کہ کلامِ شیخؒ پر مُشتمِل اُنکی یہ پیشکش عوام و خواص کے لئے فائدہ مند ثابت ہو۔ آمین۔

عبدالواحد قریشی

وائس چانسلر سنٹرل یونیورسٹی آف کشمیر سرینگر

توحیدِ باری تعالیٰ

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

فرمودات باری تعالیٰ جل شانہٗ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

☆ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ وَ لَمْ يُوْلَدْ ○ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○ (الاخلاص:۱۔۴)

آپ کہہ دیجیے کہ وہ اللہ ایک (ہی) ہے۔ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے۔ نہ اس سے کوئی پیدا ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا۔ اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے۔

☆ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا آخَرَ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ○ (القصص:۸۸)

اور اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو نہ پکارو۔ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔

☆ يَا اَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ○ (الحج:۷۳)

لوگو! ایک مثال بیان کی جارہی ہے، اب اُسے کان لگا کر سُنو! تم لوگ اللہ کو چھوڑ کر جن جن کو دعا کے لیے پکارتے ہو، وہ ایک مکھی بھی پیدا نہیں کر سکتے، چاہے اس کام کے لیے سب کے سب اکٹھے ہو جائیں اور اگر مکھی اُن سے کوئی چیز چھین کر لے جائے تو وہ اُس سے چھڑا بھی نہیں سکتے۔ ایسا دعا مانگنے والا بھی کمزور اور جس سے دعا مانگی جارہی ہے وہ بھی!

❁❁❁

۱

صاحبِ! ڙئے بوڈ بُلند کانہہ نے
تگہِ ہیمے تہِ کرہَے ڙیئے اطاعت
بہِ یوٚد زلنہِ ہا دُنیاہ چُھ کیثہہ نَے
نا حقہِ دُنی تِیچ بَرہانہِ بڑانت

❁❁❁

میرے مولا! تیرے بغیر کوئی عظمت و کبریائی والا نہیں، مُجھ ضعیف البُنیان بشر سے اگر ہو سکتا تو میں تیری عبادت ایسے بجا لاتا جیسا کہ تیری عبادت کا حق ہے۔

کاش میں سمجھ گیا ہوتا کہ یہ دُنیا بالکل ہیچ ہے تو ہرگز اس کے ساتھ کوئی اُمید وابستہ نہیں رکھتا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲

اوّل تہِ سُے آخر تہِ سُے

ندِ بل وُستھ مَل کاسِو

گُلو گُنڈِتھ تُسی کُن سر خم اَسِو

دیو گُنہِ دوزخنہ نارِ لُسِو

کائنات کا خالق و مالک اور فرماں روا عدم سے لانہایت آخر تک وہی ایک اللہ ہے۔ شرک کی تمام آلودگیوں سے پاک ہونے کے لئے دریائے وحدت (ندبَل) میں غوطہ زن ہو جاؤ۔ پھر دوزخ کی آگ سے (جسمیں مُشرِک اور کافر جلائے جائیں گے) نجات پانے کے لئے اُسی ایک اللہ کے حضور میں ہمیشہ مکمل بندگی کے ساتھ دست بستہ سرخم ہو کر رہو۔

۳

خُدائے چُھ اکُے ناو چھس لَچھاہ

ذِکرِ رُوس کانہہ کُچھاہ مو

عُمر ویندُن اکُے پچھاہ

رِزقہِ رُوس اکھ مُچھاہ مو

کائنات کا خالق اللہ لاشریک ہے، جس کے بے شمار صفاتی نام ہیں۔ زمین سے اُگنے والی گھاس کا ایک ایک تنکا بھی اُس کی یکتائی کے ذکر سے غافل نہیں ہے۔

میرے دوست! اپنی عمر کو مختصر سمجھتے ہوئے اس کی بندگی دل وجان سے بجالاؤ۔ رزق کی فکر میں پریشان نہ ہو۔ کوئی کبھی بھی اُس کے رزق سے محروم نہیں ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

۴

لَآ اِلٰـــہ اِلاَّ الـــلّٰـــہ سَہی کوُرُم

وحی کوُرُم پنُّن پان

وجوٗد ترأڈِتھ موجوٗد سوٗرُم

ہر موکھِ وُچھُم پنُّن پان

لا الہٰ الا اللہ یعنی حی قیوم اور قادر مطلق اللہ کے سوا کوئی بھی الہٰ نہیں ہے۔ اللہ کی وحدانیت اور صمدیت کی ذات لاشریک پر ایمان لا کے تمام معبودانِ باطل سے منہ موڑ کر ہی میں اپنی زندگی سدھار سکا۔ کائنات (کی تخلیق) اور موجوات (یعنی موجود) پر غور وفکر سے ہی میں اس یکتا واجب الوجود کو جان سکا، پھر میں نے اسی عقیدۂ توحید کی کسوٹی پر اپنے آپ کو بار بار پرکھا۔ (کہ میں شرک میں مُبتلا تو نہیں ہوا)۔

۵

گُنہرے بوزَکھ گُنہِ نو روزَکھ

أمی گُنزَرن کوتاہ دیُت جلاو

عقل تےَ فکر تور کوٗت سوزَکھ

کأنسہِ نبا ہیوٚک چیتھ سُہ ڈٔرِکھ یاو

اللہ تعالیٰ کی ذاتِ احدیت اور اُس کی کُنہہ کی فہم وادارک میں تمام عقولِ انسانی بالکل درماندہ، لاچار اور بے بس ہیں۔ وہ حقیقت الحقیقت ہے اور ساری کائنات اُس کے ہونے کی زندہ حقیقت اور گواہی ہے۔ عقلِ انسانی محدود ہے اور ذاتِ صمدی لامحدود اور محدود، لامحدود کا ادراک کرنے سے ہمیشہ عاجز و درماندہ رہے گا۔ کوئی بھی دریائے وحدت کو نہ پی سکا۔

(٦)

یئمی تھاُوی زمین تۂ اَسمان کنگۂ
تُسی بہ منگۂ تۂ ئے میٔے دِیے
داسس ہے روشم اَترِکہ ھنگۂ
اِدِ کس بۂ منگۂ اَدِ کُس مۓ دِیے

جس نے زمین وآسمان رکھے ہیں اُستوار
مانگوں میں اُسی سے بس داتا وہی تو ہے
میری کسی خطا سے وہ ناراض ہوا گر
مانگوں میں کس سے اُس کے سوا کون ہے جو دے۔

(٧)

ئے ہو اوس تے ئے ہو آسی
ئے ئے گُری زِ ہا زوو
ئے ساُری اندیشۂ کاسی
ھتا زُوو! پالیس پتبو

نہ تھا جب کچھ وہی تھا جب نہ کچھ ہوگا وہی ہوگا۔ تو اُس کا ذکر کرتا رہ۔ ترے اندیشے جتنے بھی ہوں سارے دور کردے گا۔ میری جان! خود سنبھلتے رہ۔

Scanned with OKEN Scanner

٨

خدا تعالیٰ اوس تۂ آسے
سُہ پینتہِ آرُت کائنسی نو
نکس دن ہار روزی آسے
اُسی تس زبتس سُہ اسہِ نو
بندا پاپ کران رَسے
تس قبرِ ءتۂ کانٛہہ وسہِ نو

❁❁❁

اللہ تعالیٰ ہی اول قدیم وبلا ابتدا اور وہی آخر ہے بلا انتہا۔ وہ بے نیاز کسی بھی کام میں کسی کا محتاج نہیں۔ وہی ہر ذی روح کا رزّاق ہے۔ وہ ہم پہ مہربان ہے مگر ہم اُسے بھولے ہوئے ہیں۔

افسوس اُس بندے پر جو یہ جانتے ہوئے بھی کہ قبر میں اُس کے ساتھ کوئی بھی نہیں جائے گا۔ ناجائز طریقوں سے دنیا کمانے کے لئے گناہوں میں مست و مگن رہا۔[1]

[1] حضرت بابا نصیب الدینؒ کا کیا ہوا ترجمہ

٩

اللہ اوّلے اُلف گو کنے چھُ
تس اولہٕ پتہ اُخر زوال نہٕ
اللہؐ رسوٗل محمد گو 'ب'
اُمتس کرِ شفاعت قیأمژ

❁❁❁

صحیفہ کائنات کا پہلا حرف 'الف' شاہدِ عادل ہے کہ اللہ ایک ہے جسے بلا ابتدا ازل سے بلا انتہا ابد تک کوئی زوال نہیں۔

'الف' کے بعد 'ب' کے معنی یہ ہیں کہ اب قیامت تک محمد رسول اللہؐ خاتم الانبیاء والمرسلین ہیں۔ وحی اور نبوت اُنؐ پر ختم ہوگئی۔ اب وہی اپنے رب سے قیامت کے روز اپنی عظیم ترین اُمت کے شفاعت خواہ ہونگے۔

Scanned with OKEN Scanner

۱۰

'ت' گو توکل کرتہٕ علیٰ اللہ
باقی سورے عالم فان
کلمہٕ پر کر درۄد ہر وزِ آدا
توٕ ستی محکم گوٚھی ایمان

حرف 'ت' کا مطلب توکل ہے اور توکل صرف اللہ تعالیٰ پر کرنا چاہیے باقی ساری کائنات فانی ہے اور فانی ذات یا چیز پر توکل (بھروسہ) نہیں کرتے ہیں

کلمہ کو وردِ جاں بنا۔ ایمان کا مضبوط قلعہ اسی سے کھلتا ہے۔ اللہ کو ایک اور حضرت محمدؐ کو اللہ کا آخری رسول و نبی مان کر اُن پر ہر وقت درود و سلام کا تحفہ بھیجتے رہ۔ اس سے اللہ و رسولؐ پر تیرا ایمان مضبوط ہو جائے گا۔

۱۱

'ک' گو کلمہ شہادت پرٚن
'نوٗن' گو نماز اصلس وٚتھ
'ز' زکات مال صدقات کرٚن
تمہِ ستی بلایہِ روزان پٔتھ

'ک' کا مطلب ہے کلمہ شہادت کا ایمان و ایقان کے ساتھ پڑھنا۔ اس بات کی شہادت دینا کہ کائنات کا خالق و مالک، جزا و سزا دینے والا صرف اللہ ہے اور محمدؐ اُس کا بندہ اور رسول ہے۔
'ن' سے نماز مطلب ہے جو اصل یعنی صراطِ مستقیم کی طرف لیجانے والا راستہ ہے۔ 'ز' اللہ کے اس حکم کی تلقین کرتا ہے کہ صاحب نصاب پر زکوٰۃ کا ادا کرنا فرض ہے اور صدقہ کرنا بھی اللہ کا حکم ہے۔ اس کی ادائیگی سے بلائیں دور رہتی ہیں اور مصائب ٹل جاتے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۲

نِشے   تَس   بۂ   نِشے   مےٚ   سُہ

آو   قرار   نِشے   تس   مےٚ

دِشے   پَر   مےٚ   ژھونڈُم   نحتے

آو   یار   مےٚ   دِشے   پننے

اللہ تعالیٰ بندے سے اس کی شہ رگ سے زیادہ قریب ہے۔ مومنِ صادق ہمیشہ اللہ کو اپنے سامنے حاضر و ناظر یقین کرتا ہے اور پھر اپنے آپ کو بھی اُس کے سامنے پاتا ہے۔ جب اس بات پر یقین جم جاتا ہے تو دل میں سکون، اطمینان اور قرار آجاتا ہے انسان اپنی بے وقوفی، کم عقلی، کم علمی اور جلد بازی سے اللہ تعالیٰ کو دوسری جگہوں پر (جنگلوں، تیرتھوں، مقبروں اور بتوں کی صورت میں) پانے کی لا حاصل کوشش میں عمر ضائع کرتا ہے۔ انسان کو علم و عقل کام میں لا کر اپنے دل سے پوچھنا چاہئے کہ حقیقتِ ازلی اور لا زوال ہستی کون ہے؟ یہ سمجھ میں آجائے تو اپنے دل ہی میں وہ سکون و قرار پائے گا۔

۱۳

نَے   کانٛہہ   چُھم   پَتھ   چاٲنی   چھم   ستھ

دات   دودربم   تۂ   دبہہ   ئبدربم   کرتام

نَے   کانٛہہ   ہیکہ   نتھ   تَس   دِکھ   یَس   ژٕ

ساعت   کربس   کیٛاہ   تۂ   گُر   کرِبس   کیٛاہ

تیرے بغیر میرا کوئی آسرا نہیں۔ کل جب میرا بے کار جسم پیوندِ خاک ہو کے گل سڑ جائے گا، مجھے تیری ہی مہربانی کی اُمید ہے۔ کائنات کے رزّاق! جسے تو دے گا اُس سے کوئی بھی چھین نہیں سکتا۔ مُبارک اور نامُبارک گھڑی کا ہونا اُس کے لئے کوئی رکاوٹ نہیں بن سکتا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۴

ژٕ یَس نِکھ تَس دِتھ ہیٚکہِ کانٛہہ نے
کیٛاہ کربس قأبلیت تہٕ کیٛاہ کربس ذات
پأرِ پأرِ لگہٕ ہا چانہ قودرژے
یَس یُتھ زوٗنتھ دِیُتھ اوقات
لگہٕ ہار اسہِ کر پننہ معرفژٕ ے
پرٛزنو نتہٕ کتھٕ چأنی ذات

جس سے تُو عطا کی ہوئی کوئی نعمت چھین لے گا وہ اُسے کوئی واپس نہیں دے سکتا۔ اس کی قابلیت اور اونچی ذات سے تعلق رکھنا اُسے کسی کام نہیں آسکے گا۔ میرے اللہ! تیری قدرت اور حکمت و مرضی پر میں قربان ہو جاؤں، تو نے جس کے لئے جو بھی مناسب سمجھا اُسے وہی دیدیا۔ مولا! ہمیں اس قابل بنا کہ ہم تجھ کو اس طرح سے پہچان سکیں جس طرح سے تیری معرفت کا حق ہے۔ تیرے فضل کے بغیر ہم تجھے کیسے پہچان سکتے ہیں۔

۱۵

صاحبہٕ! مِہرے کرکھ پوش زن پھوٚلنم
زہرس سپدہم نابد تہٕ قند
صاحبہٕ! قہرے کرکھ سون کیٛاہ لوَے
شراکہِ تہٕ مازس چھَا واو واد؟

میرے مولا! تیری مہربانی سے زندگی شاداب ہو سکتی ہے اور زہر کی تلخی بھی میرے لئے شیرین اور خوشگوار ہوگی۔ تیرے قہر و غضب کے سامنے سونا جیسی گراں قدر چیز کوئی قیمت نہیں رکھتی ہے۔ تو مختارِ مطلق ہے۔ تیری مرضی کے آگے کوئی دم نہیں مار سکتا ہے۔ بھلا چھری کی کاٹ سے کیا گوشت انکار کر سکتا ہے۔ ؟

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۶

ڑ میون خودائے بہ چون بنڑہ

بندس بشہِ ہم باندوی

قیامژ وقتن وُچھزبم انڈہ

نتہِ حض رسولسؑ اتھہِ گوندوی

مولا! میرا معبود صرف تو ہی ہے اور میں تیرا ہی بندہ ہوں مجھے
اپنی بندگی کے لائق بنا۔ میری گزارش ہے کہ قیامت کے دن رسولِ
رحمت کی نظر بچا کر مجھ سے حساب لے لینا۔ ورنہ وہؑ میرے اعمال دیکھ
کر آزردہ ہو جائیں گے۔

۱۷

ژیٔے ناو سکلمن کارن ہمٔیے

مٔے ژٔے پڑبتھ ونن دِتم ترلنہِ

بہ ژیٔے پاژن وقتن نٔمے

چُھ ہم ژیٔتس مہربانہِ

میرے مولا!
میں تو ہر نیک کام کی ابتدا تیرے ہی نام سے کرتا ہوں۔ میں
نے ہر جگہ، شہروں اور جنگلی بستیوں میں تیرے ہی دین اور توحید کا پیغام
پہنچایا جو آپ کا حکم ہے۔ میں ہر روز پانچوں نمازیں ادا کرتے وقت
تیرے ہی آگے جھکتا ہوں۔
اے میرے مہربان رب! تو مجھے دل کی گہرائیوں سے یاد
ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۸

صاحبہٕ چانہ برتل مۆلُم ساس
رۆنگُم روے تہٕ تھاوتَم وَنہِ
نَرد چُھ دُنی یاہ پیٚوان چُھنہٕ تاس
ہاوس روزِہے وُلہٕ گنہِ
کرتم قبوٗل چھس چونُے داس
بر تل پھیرٕ ہے ڈُلہِ گنہٕ

❀❀❀

اے میرے مہربان مولا!

میں نے تیرے دربار کے دروازے کے گردوغبار (یعنی صبغۃ اللہ) سے اپنا چہرا رنگ دیا۔ میری التجا ہے کہ تو مجھے اپنی نظر میں رکھیو۔

یہ دنیا شطرنج کا کھیل ہے اس میں انسان مشکل سے جیت حاصل کرسکتا ہے۔ میری تمنا ہے کہ میں ہمیشہ تری بارگاہ کے دروازے کے ساتھ لپٹ کے رہوں۔ مولا! میں تیرا ہی بندہ ہوں۔ میری تمنا ہے کہ میں صرف تیرے ہی در پر ہمیشہ لوٹ پوٹ ہو جاؤں۔ تو میری آرزو قبول فرما!۔

۱۹

دِتُتھ نزس گور تہٕ تُلرِ مانچھی
دِزتھ ہلَم ہٕلس رأنٹھس دَچھ
صاحبہ! پأرک چانہٕ قودرَژٕ ے
دِتُتھ روٗبس کوٗستوٗرٕ رَچھ

❀❀❀

اے منعمِ حقیقی! تو ہی سب نعمتوں کا خالق اور بخشنے والا ہے، تو نے جس کے لئے جو مناسب جانا اُسے دے دیا۔ تو نے ہی گنّے کے نڑ کو مٹھاس بھرے گڑ اور شہد کی مکھی کو شہد اور ٹیڑھی بیل کو انگور کی دولت سے نوازا۔

اے خلاّقِ عظیم! تیری محیر العقول قدرت پر میں قربان ہو جاؤں۔ کیا ہی حیرت افزا بات ہے کہ ہرن (آہو) جیسے بے بضاعت جانور کو ایسی خوشبو کی تھیلی عطا کی جس سے فضا معطر ہوتی ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۰

سوُرے چھُ پانے وُچھکھ کیاہ پانس
ذاتس لبہٕ ہس نہٕ ننبدٕر تہٕ کھین
تیمہ نہٕ دھیان کوّر اتھ گیانس
اُنس چھُ ہوُے رات تہٕ دِن

❀❀❀

اے انسان ! تم اللہ تعالیٰ کے سامنے کیوں غرور کرتے ہو، ساری کائنات کا خالق و مالک تو وہی ہے جسے نہ اونگھ آتی ہے اور نہ وہ خورد و نوش کا محتاج ہے۔

جو اس کی یکتائی اور بے نیازی کو نہیں سمجھتا ہے اس اندھے کے لئے دن اور رات ایک جیسی بات ہے۔

۲۱

کلہٕ تراُوِتھ آس مالہٕ بندَے
اَتھہِ توٕ تیٖہ سُہ اکی کتھے
نتہٕ تتہٕ آسکھ یژٕ شرمندَے
صاحب چھُ اکُے ییٚتہٕ کیو تتےٚ

❀❀❀

میرے عزیز! صرف اللہ کے حضور اپنا سر جھکا کے رہ۔ اسی ایک عمل سے تم اس کو پا سکو گے، یہ جانتے ہوئے کہ دنیا اور آخرت میں وہی ایک اللہ حاکم و مختار ہے۔ کسی اور کو اُس کا شریک نہ سمجھو ورنہ آخرت میں بہت شرمندہ ہو جاؤ گے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۲

ییتہٖ تہٖ مےٗ ڑٖے تتہٖ تہٖ مےٗ ڑٖے
میٖوے کر تم گُلزار
سأری ترأوِتھ روٗٹھ مےٗ ڑٖے
مےٗ ڑٖے ہاوتَم دیدار

یا اللہ! دنیا اور آخرت میں صرف تو ہی سہارا ہے، تو نے مجھے مٹی سے بنایا ہے اب میری مٹی (ذات) کو دین و دنیا میں اپنی مہربانیوں سے گلزار بنا دے۔

سب (معبودانِ باطل) کو چھوڑ کر میں نے فقط تیرا ہی آسرا پکڑا ہے۔ مجھے (آخرت میں) اپنے دیدار سے مشرف فرما۔

۲۳

ییٗمی أسی ییَتھ دُزٖ ییہس سوزی
تٔسی أسی تولقہٖ پُڑھی لگَو
کھیٖنز دِیٖتن تورگ تہٖ تأزی
تِمن کھیِتھ غزا کرو
تٔسی پتہٖ مرو سُے سوُرے سوزی
یَس أسی نَم تہٖ ماز لگو

جس نے (یعنی اللہ تعالیٰ نے) ہمیں اس دنیا میں بھیجا۔ وہ ہمارا رب اور مالک ہے۔ ہم اس کے بندے ہیں اور وہ ہمارا معبود ہے۔ اور اس کے ساتھ ہمارا یہ تعلق سب سے اہم اور سب سے زیادہ گہرا اور پاک ہے۔ ہمیں اسی تعلق کی بنا پر (جو ہمارے لئے باعثِ فخر بھی اور باعثِ نجات بھی ہے) اُس کے لئے اپنا تن من دھن قربان کرنا چاہیئے۔ اُس نے ہمیں مضبوط اور عربی گھوڑے (طاقتور جسم) عطا کیے، انہی پر سوار ہو کر ہم اُسی اللہ کی راہ میں جہاد (ریاضت اور اعمال صالحہ) انجام دیں گے، اُسی کے لئے جئیں اور اُسی کے لئے مریں۔ وہی مولا ہم سب کے کاموں کا بنانے والا ہے۔ ہمارا اُس کے ساتھ ناخن اور گوشت جیسا قریبی تعلق ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۴

پائے چُھ گِندان نفی اثباتس
أَ کِس ساتس لبہ ہس نۂ ژھبن
آرأیش دِڑن یَتھ صفاتس
ذاتس لبۂ ہس نۂ مرُن تۂ زبن
شرف بخشن انسان ذاتس
ترُک اے چُھکھ تۂ پائے ژبن

صانعِ ازل اس کائنات کی بقاوفنا اور تعمیر و تخریب نا قابلِ فہم تسلسل کے ساتھ خود انجام دے رہا ہے۔ وہ موت سے زندگی اور زندگی سے موت پیدا کرتا ہے اور اس کا یہ کام لمحہ بھر کے لئے بھی نہیں رکا ہے۔

اپنی صفات کے مطابق اس نے کائنات کو آراستہ و پیراستہ کیا ہے۔ وہ ذاتِ لم یزل نہ کسی سے جنا، نہ اس سے کوئی جنا اور نہ اُسے فنا ہے۔ اس نے انسان کو اشرف المخلوقات بنا کے اعلیٰ مقام بخشا۔ اس پر غور و فکر کرو اگر تم عقلمند ہو۔

۲۵

یارَے زأنٔی زبن سَر تَس دیزے
یار چُھے وِزِ ویزے پڑے بات
بُتلے ژٔمی زے تۂ اِدِ کتِہ پیزے
وقتَے رَخشس گُری زے کیٔات

جب تم نے اللہ تعالیٰ کو اپنا محبوب دوست بنالیا تو اُس کے لئے اپنا تن من دھن۔ سب کُچھ قربان کرنے پر دل و جان سے تیار رہ۔

وہ ہر وقت تیرے ساتھ ساتھ ہے۔

ہاں یہ یاد رکھ! مٹی کے نیچے دفن ہو کے تم اس دُنیا میں پھر نہیں آسکتے ہو۔ وقت کو غنیمت جان۔ وقت کے برق رفتار گھوڑے کو نہیں روکا جاسکتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۶

عاشق چُھ نثار تھٔنزِ وَتے
ییٚتہِ یوٚنبرس تہٕ پوشس آسی خوے
تِی لیس وبد سنہِ سُہ اِد متے
تس اِد گرٛھے دویہ اَکوے

اللہ تعالیٰ کے مخلص بندے۔ اسی کی راہ (صراطِ مستقیم) کے عاشق ہیں۔ وہ اُس کے ایک حکم پر اپنی جان نثار کرتے ہیں اور اللہ سے وہ اس طرح محبت کرتے ہیں جس طرح بھنورا پھول کے ساتھ محبت کرتا ہے۔

یہ بات (اللہ کی محبت) جس کے دل میں جاگزیں ہوتی ہے وہ پھر صرف اللہ کا ہی ہو جاتا ہے اور پھر اُسے اللہ کے کسی کام میں تضاد نظر نہیں آتا۔ وہ توحیدِ خداوندی کا راز پالیتا ہے۔

قرآنِ کریم
اور
علمِ قرآن

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرموداتِ باری تعالیٰ جل شانہٗ

☆ بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيْدٌ ○ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ○ (البروج:۲۱،۲۲)

بلکہ یہ بڑی عظمت والا قرآن ہے جو لوحِ محفوظ میں درج ہے۔

☆ إِنَّ هٰذَا الْقُرْآنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ أَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصَّالِحَاتِ أَنَّ لَهُمْ أَجْراً كَبِيْراً ○ وأَنَّ الَّذِيْنَ لاَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْآخِرَةِ أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَاباً أَلِيْماً ○ (بنی اسرائیل:۹-۱۰)

حقیقت یہ ہے کہ یہ قرآن وہ راستہ دِکھاتا ہے جو سب سے زیادہ سیدھا ہے، اور جو لوگ (اس پر) ایمان لا کر نیک عمل کرتے ہیں، انھیں خوشخبری دیتا ہے کہ ان کے لیے بڑا اجر ہے۔ اور یہ بتاتا ہے کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے لیے ہم نے ایک دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

☆ وَقَالَ الرَّسُوْلُ يَا رَبِّ إِنَّ قَوْمِيْ اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْآنَ مَهْجُوْرًا ○ (الفرقان:۳۰)

اور رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کہیں گے کہ: اے پروردگار! میری قوم اس قرآن کو بالکل چھوڑ بیٹھی تھی۔

❁❁❁

(۲۷)

علم چُھے صندوقس سون زَن برُن
سأوِس سودا چھے پکن پوَے
سودا مُو چُھے، پوز ازماون
ایمان ژونگ چُھے تہٕ رٕچھن واوَے

❁❁❁

علومِ دین وشریعت یعنی قرآن وسُنّت اور دنیا کے علوم حاصل کرنا ایک بڑے صندوق کو سونے سے بھرنے کے برابر ہے۔ ہیں تو دونوں قیمتی لیکن علمِ دین سب سے زیادہ گراں قیمت ہے جو اسے (علم کو) حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے وہ اُسے ضرور پاتا ہے۔

اصلی دولت تو یہی سودا ہے۔ یعنی حق کی معرفت کی تلاش۔ یہ معرفتِ الٰہی اُسی کو حاصل ہوگی جس کا ایمان باللہ (جو ایک چراغ ہے اور کفر کی ظلمتوں کو منور کرتا ہے) محکم ہو اور وہ اپنے ایمان کو تمام قسم کے کفر وشرک (کی آندھیوں) سے بچاتا بھی ہو۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۸

علم ڇھے بوڙ تۃ کلمۂ ءَتي ساٗوو

محمدؐ پاٗلتھ یوٗد پگکھ وَتے

کرٗے ڇُھے وُرُن موکھتے لاٗوو

باو ڇُھے واو تۃ توتٗے واتے

❀❀❀

مان لیا کہ تمہارا علم بہت ہے اور کلمۂ طیبہ پر بھی تمہارا ایمان ہے لیکن ان سے تب ہی تم فیض یاب ہوسکو گے جب نبی برحقؐ کی مکمل پیروی کر کے اعمالِ حسنہ کے موتیوں کے پولے (SHEAF لوُو) سے ایک ایک موتی میں سوراخ کر کے اُن سے قیمتی مالائیں پروؤ گے۔

ان (اعمالِ حسنہ) مالاؤں کا بھاو بہت اونچا ہے اور خریدار (اللہ تعالیٰ) تیرے پاس ہی آئے گا۔

۲۹

اَلحمدُ، قُل ھُوَ اللہ، اَلتحیاتُو

بالکھٕے تی ڇُھے قرآنس یوتو!

نتۃ ابلیسن پڑٕیوو کوتو

گوس پٕترن سگ تۃ موٗلن دروتو

❀❀❀

اگر تم الحمد یعنی سورۃ الفاتحہ، قُل ہو اللہ یعنی سورہ اخلاص اور التحیات میں بیان کیۓ گیۓ احکامات ہی کی سختی کے ساتھ پیروی کرو گے تو گویا تم نے پورے قرآن پر عمل کیا۔ خالی خولی پڑھنے سے کوئی فائدہ نہیں ہے۔

ورنہ ابلیس نے تو اتنا پڑھا تھا کہ معلم الملکوت بنا تھا لیکن وہ (ایمان باللہ کے درخت) کے پتوں کو سینچتا رہا مگر (اپنے انکار کی وجہ سے) جڑ کو کاٹ گیا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۳۰

دوہے وُچھ زبم حضرتِ قرآنس

توِ دلُک دود ہا بلی

توِ ٹھوٗر لگی شیطانس

کرٗود نو سلمانس پزِی

❀❀❀

اے مسلمان! غور وفکر کے ساتھ قرآن مجید کی تلاوت کو اپنا روز کا معمول بنالے اس سے تمہارے دل کی (اندر کی) بیماری دور ہو جائے گی اور اسی سے تم شیطان (بُرے کاموں) سے بچ سکو گے۔ مسلمان کو اپنے دل میں کسی شخص کے خلاف بغض وکینہ نہیں رکھنا چاہئے۔

۳۱

کن تھاو آین سَن وارِ سوٗرن

دوہہِ اکہِ ننِہ یو حوٗرن منٛز

ظاۂلمن زالن منز توٗندُ ورَن

عاۂلمن جاے دِن قصوٗرن منٛز

❀❀❀

قرآنِ پاک کی آیات شوق سے سُن اور اس کی سورتوں میں درج احکام اور فرمانِ الٰہی پر غور وفکر کر۔ اس طرح سے قرآن کو اپنے قول وعمل کا معیار بناؤ پھر تمہیں جنت نصیب ہوگی۔ قرآن کے ساتھ جو ظلم کرتے ہیں۔ ان کے لئے آخرت میں خسارہ اور جہنم کے تپتے تنور ہونگے۔ باعمل علماء کے لئے جنت کے محل ہونگے۔

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

۳۲

یَتھ واوِ ہالے ژونگ گُس زالے
تلہٕ کنہِ زالبس علم تہٕ دہٕن
پرَکتھ ترٲوِتھ سو کتھ پالے
سورُے علم چھُس الف لام میم

کون ہے وہ جو کفر و شرک کے اندھیروں کے گھٹا ٹوپ طوفانوں میں علم اور دین کے تیل سے ایک ایسا چراغ جلائے جو سارے ماحول کو منور کر دے۔

اِس کے لئے لازم ہے کہ وہ تمام قسم کے شرک اور کفر کی باتوں اور معتقدات سے مکمل طور پر کنارہ کش ہو جائے اور پھر اس صحیح اور قابلِ یقین و اعتماد حقیقت یعنی اسلام کا پالن کرے جس کا سارا علم الف لام میم یعنی اللہ کی آخری کتاب ''قرآن'' میں ہے۔

رسولِ برحق ﷺ
اور
خلفاءِ راشدین رضؓ

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

اُوْصِیْکُمْ بِتَقْوَی اللّٰہِ وَ السَّمْعِ وَ الطَّاعَۃِ وَ اِنْ عَبْدٌ حَبَشِیٌّ فَاِنَّہٗ مَنْ یَعِشْ مِنْکُمْ یَرٰی اِخْتِلَافًا کَثِیْرًا وَ اِیَّاکُمْ وَ مُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّھَا ضَلَالَۃٌ فَمَنْ اَدْرَکَ ذٰلِکَ مِنْکُمْ فَعَلَیْہِ بِسُنَّتِیْ وَ سُنَّۃِ الْخُلَفَآءِ الرَّاشِدِیْنَ الْمَھْدِیِّیْنَ عُضُّوْ عَلَیْھَا بِالنَّوَاجِذِ۔ (ترمذی، ابواب العلم)

میں تم کو وصیت کرتا ہوں اللہ سے ڈرنے کی اور بات سُننے اور کہنا ماننے کی اگرچہ حاکم ہو تم پر ایک حبشی بندہ۔ اس لیے کہ میرے بعد جو زندہ رہے گا تم میں سے دیکھے گا بہت سے اختلاف سو بچو تم (دین میں) نئے نکالے ہوئے کاموں سے اس لیے کہ نئے نکالے ہوئے کاموں پر چلنا گمراہی ہے۔ پس جو اس زمانہ کو پائے تو لازم پکڑے اپنے لیے میری سنت کو اور ہدایت یافتہ خُلفائے راشدین کی سنّت کو، مضبوط پکڑو اسے دانتوں سے۔

❀❀❀

(۳۳)

محمدؐ تہٕ ژور یار برحق گُنزُکھ
تِمن نشہ انۂ نے سأری نیاے
مال و جان پنہ نُے تھنزِ وتہٕ بُزُکھ
سوٗے چھے تور ہکہٕ بُڈ رہکاٗے
أنس اتھہٕ وول پاے ہکتھہٕ سبزرکھ
یامتھ نہٕ وزِ رَکھ تِمن رہنماے

❀❀❀

حضرت محمدؐ اور اُن سے تربیت یافتہ چاروں خلفائے راشدین (حضرت ابو بکرؓ، حضرت عمرؓ، حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ) کو برحق جان لو۔ ان کے پاس تمہارے دین و دنیا کے سارے معاملات اور مسائل حل ہونگے۔ اپنا مال اور جان اُن ہی کی پیروی میں خرچ کرلو۔ یہ عقبیٰ میں تمہارے لئے بہت بڑا سرمایہ (نجات) ثابت ہوگا۔ اندھا آگے چلنے کے لئے لاٹھی کا محتاج ہے۔ اسی طرح دینِ حق کو سمجھنے کے لئے تم بھی محتاج ہو۔ تم اپنا پاؤں آگے نہیں بڑھا سکتے ہو جب تک کہ تم رسولِ برحقؐ اور خلفائے راشدینؓ کو اپنا رہنما نہ بناؤ گے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۳۴

پأری پأری محمدؐ صأب نِس شانس
یُس اُمتس ہیۓ پانس ءستی
اتہٖ کھوٗر تُمی ہیتہٖ گُنڈی شیطانس
تیمی ئے گُر قرآنس ءستی

اللہ تعالیٰ نے ختم المرسلین حضرت محمدؐ کو قیامت تک تمام بنی نوع انسان کے لئے رحمت بنا کر عظیم ترین مرتبہ عطا کیا۔ اُن کی اس رفعتِ شان پر قربان ہو جایئے۔ قیامت کے روز اللہ کے اِذن سے وہ اپنی اُمت کو اپنی شفاعت سے نوازینگے۔

یاد رہے کہ جو سچا اور باایمان اُمتی قرآنِ پاک کو اپنا رہنما بناتا ہے۔ وہی شیطان کے ہاتھ پاؤں باندھ کر اُسے شکست دے سکتا ہے۔

۳۵

پأری پأری لگی زِ تس پیغمبرسؐ
یسندس دورس رحمت چھے جأری
کألی ییٔلہ ہکھ لگہِ روزِ محشرس
تسٔی گُن ووميدوار آ ن سأری

نثار ہو جایئے اُس خاتم المرسلین پیغمبرؐ پر جس کے قیامت تک محیط دورِ نبوت و رسالت میں رحمت یعنی دین اسلام جاری و ساری ہے۔ (کیونکہ اُنؐ کے بعد نہ کوئی نبی یا رسول آئے گا، نہ کوئی نیا دین)۔

قیامت کے روز جب لوگوں پر اپنے کیۓ ہوئے اعمال کے کڑے محاسبے کی وجہ سے خوف و دہشت طاری ہوگا تو سب ہی نبی رحمتؐ کی شفاعت کے امیدار ہونگے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۳۶

نبیؐ صأبن کھمن تۂ چمن وُچھتۂ

ترّیۂ ترّیۂ دؤہُ کوّرُکھ افطار

کرؒے تۂ بندگی ئُر تموۓ گشتۂ

پایۂ مُبارکن ووتھ آزار

❁❁❁

میرے عزیز! پیارے نبیؐ کی ساری زندگی ہمارے لئے اسوۂ حسنہ اور اُسوۂ کاملہ ہے۔ وہ کم خور، کم خواب اور کم گفتار تھے۔ اکثر وہ روزہ دار رہتے تھے لیکن مہمانوں اور غریبوں کو ضرور کھلاتے پلاتے تھے۔ ان کا کھانا بہت ہی کم ہوتا تھا، کبھی کبھار وہ تین تین دن کے بعد افطار کرتے تھے۔

وہ روزمرہ عبادات کے علاوہ رات کا اکثر حصہ تلاوتِ قرآن اور نفل نمازوں میں گزارتے تھے اور اسی مسلسل عبادت کی وجہ سے اُن کے پائے مبارک مُتورم ہوجاتے تھے۔

۳۷

سُہ چُھ ثقلین بوّڈ پیغمبر

ژےؔ تَس بوُوتھ سیرآدانہ

سُہ ژیےؔ شوّدِ منۂ نیوُوتھ اندر

چُھہم ژیتِس مہربانۂ

❁❁❁

وہ (حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم) دُنیا و عقبیٰ میں تمام پیغمبروں سے بڑا عظمت والا ہے کیونکہ وہ رحمۃ للعالمینؐ اور خاتم الانبیا والمرسلین ہے اور ساری اُمتوں سے زیادہ اُن ہی کی اُمّت ہوگی۔

مولا! تو نے اُنہیں پہلے ہی سے منصبِ نبوت کے اسرار ورموز حاصل کرنے کے لئے چُن لیا تھا، پھر اُن کا شرحِ صدر بھی کیا اور معراج کے موقعہ پر اپنے دربار میں بھی بلایا۔

میرے مہربان مولا! میں تجھے ہردم یاد رکھے ہوئے ہوں۔

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

(۳۸)

پأرِ پأرِ محمدؐ صأب نِس شانس
یُس اُمّت پننِ ہیٚیہِ پانس ستی
حضرت صدیقسؓ تس دُر دانس
یُس اول ہیوٚت صاحبنؐ پانس ستی

قربان ہوجایئے سلطانِ دین ودنیا رحمۃ للعالمین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جواپنی مؤحدِ امُت کوروزمحشر اپنی بے پایاں شفاعت کے سائے میں جگہ دیں گے۔

قربان ہوجایئے حضرت ابوبکر صدیقؓ پر جسے سبقتِ ایمان و اسلام، دین حق کی مالی وجانی خدمات اور بے مثال ایثار کی وجہ سے نبی برحقؐ نے سب سے پہلے اپنا رفیق (ہمیشہ کے لئے) منتخب فرمایا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابوبکرؓ کا ذکر بھی قرآن میں ہمیشہ کے لئے معزز ومحترم بنا کے رکھدیا۔

(۳۹)

عمر خطابسؓ تس پہلوانس
ییمِ جنگ کوٚر شیطانس ستی
حضرت عثمانسؓ ابن عفانسؓ
ییمِ کتھہٕ کرِ فرقانس ستی
حضرت علیسؓ شیرِ یزدانس
ییمِ زوٗٹھ کھیٚیہ مہمانس ستی

نثار ہوجایئے حضرت فاروق اعظمؓ پر جس نے دینِ حق کو اللہ کی وسیع و عریض زمین کے نمایاں حصوں پر غالب وفرماں روا بنا کے ابلیسی اور شیطانی قوتوں کو شکست فاش دیدی ۔فدا ہوجایئے حضرت عثمان ابن عفانؓ پر جنہیں (رسول اللہ کی دو صاحبزادیوں حضرت رقیہؓ اور حضرت اُم کلثومؓ کے ساتھ یکے بعد دیگرے عقد کرنے کی وجہ سے) ذی النّورین کا لقب ملا اور جس نے نہ صرف اپنی بے شمار دولت دینِ حق کے لئے وقف رکھی بلکہ اپنی مومنانہ فراست سے تمام عالم اسلام میں قرآن کریم کی ہمہ گیر نشر واشاعت کا عظیم ترین کارنامہ انجام دیکر تمام مومنوں پر بہت ہی بڑا احسان کیا۔

قربان ہوجایئے شیر خُدا حضرت علی مرتضیٰؓ پر جو اپنے دسترخوان پر کسی نہ کسی مہمان کے بغیر کھانا تناول نہیں فرماتے تھے۔

Scanned with OKEN Scanner

(۴۰)

تمن ژؤن یارن نمہٕ ہَس

یمو اَولَے اؤن ایمانہٕ

تم چھی ڈَکھ ژور عالمس

چھہم ژیتس مہربانہٕ

سلام ورحمت ہو حضرت محمدؐ کے اُن چاروں یاروں پر جو ایمان لانے والوں میں سابقون الاولین ہیں میں، دل کی گہرائیوں سے اُن کی عزت کرتا ہوں۔ وہ دُنیائے اسلام کے چار مضبوط ستون ہیں۔ ان کی پرُ خلوص کوششوں اور جہاد فی سبیل اللہ سے اسلام دنیا کے تاریک گوشوں میں پہنچ گیا۔ قیصر وکسریٰ کی جھوٹی خدائیاں خاک میں مل گئیں ظلمتیں نورِ توحید سے منور ہوگئیں۔

اے میرے مہربان مولا! مجھے تیرے تمام احسانات یاد ہیں۔

(۴۱)

پۆز دپان پَن زن نکھ

اپُز دپان گگی رَس

محمدؐ ترٲوتھ ابلیس رَٹکھ

خودأے وُچھے تہٕ کھٹکھ کس

ریاکاری کرتے کرتے تمہیں مزا آئے گا اور منافق بن کر رسولِ برحقؐ کی اطاعت سے منہ موڑتے موڑتے ابلیس کا پیرو بن جاؤ گے۔ یہ سوچتے ہوئے کہ لوگ تیرے ظاہر پر یقین کرینگے لیکن خدا تو دیکھ چکا ہے۔

یاد رکھ! قیامت کے دن جب تم سے سچ اُگلوایا جائے گا تو تم پر بید لرزاں جیسا لرزہ طاری ہوگا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

ہا مُندیو! ہندبن ہنژ کامہِ ترأوی تو
ترأوی تو! پرأوی تو حقہٖ سِنز وتھ
حضرت محمدؐ متہٖ مُشٔی رأوی تو
اسہِ نن دوزخس تمن روزِ کتھ

اے مسلمانو! ہندوؤں کے کام یعنی شرک، بُت پرستی اور رسم ورواج پرستی چھوڑ دو۔ عقل سے کام لیکر ایک اللہ تعالیٰ کا راستہ پکڑو۔

اللہ کے آخری رسول حضرت محمدؐ کی پیروی اور اطاعت میں غفلت وتساہل مت کرو۔ ہمارے خلافِ قرآن وسُنت کام ہمیں تو جہنم میں پہنچا ہی دینگے لیکن رسولِ برحقؐ ضرور آزردہ ہوجائینگے۔

شرک کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ کے کسی بھی کام، طاقت، مرضی اور

یکتائی میں کسی زندہ یامُردہ انسان کو یا کسی پیر بزرگ، اور ولی کو شریک سمجھنا۔ بُت پرستی کیا ہے؟ زندہ یا مردہ، بزرگ یا دیوی دیوتا کے آگے جھکنا، اُسے اللہ کی طاقت کا مظہر، حامل یا اوتار مان کر اس کی پوجا اور پرستش کرنا۔

رسم ورواج کیا ہیں؟ آباء واجداد، ذات برادری نے اپنی جہالت کم علمی اور دین کے صحیح مفہوم سے ’بے خبری‘ کی وجہ سے جو غلط طریقے، رواج اور رسوم بنالئے ہوں اور انہی کو حقیقی دین سمجھ لینا۔

ان سب کو مکمل طور پر چھوڑنا چاہیئے اور ہر کام میں اللہ اور اسکے رسولؐ سے رہنمائی حاصل کرنی چاہیئے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

نماز
روزہ، زکوٰۃ
اور حج

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

عَنِ بْنِ عُمَرَؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ بُنِيَ الْاِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ وَ اِقَامِ الصَّلٰوةِ وَ اِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ وَ الْحَجِّ وَ صَوْمِ رَمَضَانَ. (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

حضرت عبداللہ بن عمر (رضی اللہ عنہما) سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر رکھی گئی ہے (۱) اس حقیقت کی شہادت دینا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں (۲) نماز قائم کرنا (۳) زکوٰۃ ادا کرنا (۴) حج کرنا اور (۵) رمضان کے روزے رکھنا۔

❁❁❁

کوکرن بانگ ڈِڑ نُور کہِ وقتو
ووتھو نیک بختو سوے جبار
آدن وُنہِ چھے ٹکان ڑ پکھتو
ووتھو نیک بختو سوے جبار

❁❁❁

مرغ نے نور کے تڑکے اللہ کے حکم سے بانگ دے کر اُس کے بندے کو نوجوانی کا زرّین وقت ضائع نہ کرنے اور اولین فرصت میں اللہ کی پکار کی طرف جلدی سے دوڑنے کی آگاہی دیتے ہوئے پیغام دیا کہ اے نیک بندے (غفلت اور سستی چھوڑ کر) جلدی سے جاگ اُٹھ (اور نماز ادا کر)۔

Scanned with OKEN Scanner

۴۴

بانگ تہٕ صلوٰۃ چھُے سورگک سرُوپہ
ہے نۄندرِ وُزِکھ نو گُپنو

مُرکھو! لشہِ میٹھ مو زال دوُپہ
سۄے آدنہٕ ژین تو گُپنو

مندورِ آوسے یہِ وستوُ کوپہٕ
ہے نۄندرِ وُزِکھ نو گُپنو

❁❁❁

نماز کا بُلاوا یعنی اذان اور نماز تو جنت کے خوبصورت مناظر کی سیر کے لئے تم کو دعوت دے رہے ہیں۔اے حیوان کی طرح بے وقوف! کیا تم ابھی بھی نیند سے بیدار نہیں ہو رہے ہو؟ اے بے وقوف! تم ظلمت کی سیاہی سے بھری ہوئی دھویں والی لکڑی (لکش) پر دھوپ (خوشبو) رکھ کر مت جلاؤ (یعنی حق کو باطل پر قربان نہ کر) اس حقیقت کو اپنی جوانی کے آغاز میں ہی سمجھ لے۔

یاد رکھ! دنیا کے مال ومتاع اور محلاّت پر مغرور نہ ہو جا۔ان گنت محل اور بڑی عمارات زمین بوس ہو گئی ہیں۔تم غرور کی بلندی سے نیچے اُتر کر (اس پر غور کر) کیا اب بھی تم نیند سے نہیں جاگو گے۔

۴۵

نأدر وقتن فرشتہٕ وسان
آدمن دپان ژھچو شۓ

زَل یِم چھاوان مَل یِم کاسان
تِم پیٚتہٕ کھوٚتہٕ تَتہِ آسن شۓ

❁❁❁

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر رحم وکرم جاری رکھتے ہوئے خاص وقتوں پر اپنے فرشتوں کو زمین پر بھیجتا رہتا ہے جو انسانوں کو صرف اللہ تعالیٰ سے اُمید کو مضبوطی سے قائم کرنے کی تلقین کرتے ہیں۔

اِس سے وہی لوگ فیض یاب ہوتے ہیں جو ظاہری صفائی کے ساتھ ساتھ شرک وبدعت کے زنگ کو اپنے دل سے دور کرتے ہیں۔ وہی لوگ اپنی دُنیاوی زندگی سے زیادہ آخرت میں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کی اُمید قوی کی دولت سے مالا مال ہونگے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۴۶)

وچِّ نماز چھے تختس رَندے
وچِّ نماز چھے بندِگی
بے وقت نماز چھے مذاق تۂ خندِے
بے وقت نماز چھے شرمندگی

پابندی کے ساتھ وقت پر نماز ادا کرنا گویا لکڑی کے کُھردرے تختہ کو رندے سے ہموار اور چمکدار بنانے کے برابر ہے۔ دل بھی ایک کُھردرا تختہ ہے۔ نماز کی پابندی سے یہ چمکتا ہے اور اللہ کی مکمل بندگی تو وقت پر نماز ادا کرنے سے ہی ظاہر ہوتی ہے۔

بے وقت کی نماز رب کی عبادت کے ساتھ ایک مذاق اور ٹھٹھے کے برابر ہے اور آخرت میں اس کا پھل رسوائی اور شرمندگی ہے۔

(۴۷)

صبح پھوٗل تَے راتھ گیہ آدا
اَتہِ کیازِ روٗدُکھ راداہ دِتھ
بانگ تۂ صلوٰۃ توٗرُک نادا
تتہ کیاہ آیُوکھ وعداہ دِتھ
فرض تۂ سُنّت کر مالہِ آدا
جنتس نِنہٖ یو ناداہ دِتھ

رات ختم ہوگی اور صبح کا سویرا روشن ہو رہا ہے۔ اے غفلت میں پڑے ہوئے بندۂ خدا! تم ابھی تک لمبی تان کر سوئے ہو۔

اذان اور نمَاز کے ذریعہ اللہ تم کو اپنی طرف بُلا رہا ہے۔ تم نے تو روزِ ازل سے اُسی کو اپنا رب تسلیم کیا ہوا ہے۔ اُس سے کئے ہوئے وعدے کو یاد رکھتے ہوئے فرض اور سنّت نمازیں خشوع و خضوع کے ساتھ ادا کرتے رہو اور تمہیں پھر بُلا کر احترام کے ساتھ جنّت میں لیا جائے گا۔

Scanned with OKEN Scanner

(۴۸)

صبح چُھ نوٗر تے نیر تہٖ نمازے
وِزِ مانکھ تہٖ روزی وار
دُنیاہ سوٗرے زان رنگ بأزی
نحقس لاگی بأزی گار

❀❀❀

صبح کے وقت ساری کائنات اللہ کے نور سے روشن ہو جاتی ہے، تمہیں بھی اللہ کے نور کا طالب بنکر نماز کے لئے تساہل کے بغیر نکلنا چاہئے۔ وقت کی قدر اور پابندی کروگے تو رب کے ہاں مغفرت اور رحمت طلب کرنے کا موقع ہاتھ آئے گا۔

خبردار! دنیا کے لہو ولعب میں نہ پھنس جانا، یہ گرگٹ کی طرح رنگ بدلتی رہتی ہے۔ خوانخواہ تمہیں بھی فریب میں لاکر ایمان کی دولت سے محروم کرے گی۔

(۴۹)

فجر یِوٚد گذارکھ شوٗب ٕکرٕ آسی
فجرٕ ٕستی ہو لَسی پان
گٔلمہٕ تمجید یِوٚد وونَدٕس آسی
توٗے اَنٛد ہیٚیی شیطان

❀❀❀

میرے عزیز! وقت پر نماز فجر ادا کرو گے تو نہ صرف تمہاری شان وشوکت اور ظاہری و باطنی وقار میں بہت اضافہ ہوگا بلکہ نماز فجر کی برکت سے تمہارا جسم بھی صحت مندر ہے گا۔

کلمۂ تمجید یعنی اللہ کی پاکی، اس کی حمد اور اس کی یکتائی اور کبریائی کے ساتھ ساتھ اس بات کو دل میں جاگزین کرنا کہ ایک ہی قادرِ مطلق اللہ کے بغیر کوئی بھی کائنات کا حکمران، خالق اور مالک نہیں ہے۔ اس یقین پر جم کے رہو، شیطان تم سے دور بھاگے گا۔

Scanned with OKEN Scanner

٥٠

چاشت اِشراق یۆد گذارکھ

پئِن گارَکھ صاحب جُو

اند گُن نیٖرتھ یۆد ژٖے گذارکھ

پژٖتھ جایہ تارکھ پئِن زُو

پانچ وقت کی نمازیں تو مومن بندہ پر فرض ہیں۔ ان کے علاوہ نفل نمازیں اگر بندہ پورے خشوع وخضوع اور حُبِّ اِلٰہی میں سرشار ہو کر ادا کرتا ہے تو ایسی عبادت سے وہ اللہ تعالیٰ کی قربت حاصل کرے گا اور یہ قربت اُسے اللہ تعالیٰ کا محبوب بندہ بنا ئیگی۔ خصوصاً جب بندہ بے ریا ہو کر چاشت اور اِشراق کی نمازیں، پوشیدہ طور پر ادا کرنے کا التزام کرتا ہے۔ اس عمل سے وہ ہر جگہ اپنے آپ کو سلامتی کے ساتھ بچالے گا۔

٥١

ہا بندٕ ماز تو نماز پیشنس

شینس کھوتے آسکھ پرٛوٗنُو

توٕ ستھن رۆح نِنے علِیّینس

بر مُۆر نے جنتس گنُو

رحمت محمدؐ صأبنس دینس

مرن وتہِ تھوۆن کلماہ نۆنُو

اے اللہ کے نیک بندے! نماز ظہر توجہ کے ساتھ وقت پر ادا کر، اللہ تعالیٰ تجھے اپنے نور اور رحمت سے نوازے گا۔ تیری موت کے بعد تیرے لئے جنّت کے دروازے کھلیں گے اور تیری روح بلند مرتبہ جگہ "عِلیّین" پر لے جائی جائے گی۔

حضرت محمدؐ کے دین میں سراسر رحمت ہی رحمت ہے۔ آخرت کے سفر کو آسان بنانے کے لئے اُنھوں نے کیا ہی خوب کلمہ 'اَشْھَدُ اَنْ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ' (یعنی میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود (الہٰ) نہیں ہے سوائے اللہ کے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ (حضرت) محمدؐ اُس کے بندے اور اُس کے رسول ہیں) مومنین کے لئے تجویز فرمایا۔

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

۵۲

خاص چھے نمازِ عصر کرِدگارس
تتہِ گٹہِ کارس تیی درکار
کائرن یۆد کرکھ یتَھ سمسارس
توِ ستِ لوتی توئرک بار
وگ یۆد رٹکھ نفسِ امارس
نارَس بنی تتہِ گلزار

عصر کی نماز کو اللہ تعالیٰ نے نمازِ وسطیٰ (درمیانی نماز) کہہ کر اس کی حفاظت (یعنی بروقت ادا کرنے) کا حکم دیا ہے۔غزوہ احزاب کے موقع پر نبی برحقؐ نے اسے صلوٰۃ وُسطیٰ ہی کہا۔کیونکہ یہ دن اور رات کی پانچ نمازوں کے بیچ میں ہے اور اس کی ادائیگی سے نمازوں کا تسلسل قائم رہتا ہے۔اللہ کے ہاں یہ خاص نماز ہے۔یہ قبر کی تاریکی اور محشر کے ہولناک عالم میں نماز گزار بندے کے کام آئے گی۔

تم نیک کام آدابِ بندگی کے ساتھ انجام دیتے رہو۔اس سے آخرت میں تمہارا بوجھ ہلکا ہو جائے گا۔

اور اگر اپنے نفسِ امّارہ کو لگام دے کے قابو میں رکھو گے تو آخرت میں جہنم کی آگ تمہارے لئے گُلستان بن جائے گی۔

۵۳

شامچہِ نماز شمع زن زوتکھ
لوتکھ پاپہِ تتہِ پوری نتہِ نار
نوئرِ چ خبراہ بوئزی بوئزی شوتکھ[۱]
آسہِ کھے پیاده تتہِ سپنکھ سوار
کرئیہ ہندِ شوئزر عرشس واتکھ
مولا توِ دئی پئنن دیدار

مغرب کی نماز (پابندی کے ساتھ) ادا کرتے رہنے سے تم شمع کی طرح نورانی بنو گے۔تیرے گناہوں کا بوجھ بھی ختم ہوگا اور دوزخ کی آگ سے بھی محفوظ رہو گے۔ نماز (فرض، سُنّت اور نفل) سے قُربِ الٰہی حاصل ہوتا ہے۔دل منظرِ ربانی بن جاتا ہے اور تم نور کی خبریں (آیاتِ الٰہی) سنتے سنتے روحانی مسرت پاؤ گے اور تیرے روحانی درجات بھی بلند ہوتے جائینگے۔پیدل اگر چلتا تھا تو اب سوار بن کر جاؤ گے یعنی پاکیزہ، بے لوث اور خالصتہً لوجہ اللہ اعمال کی انجام دہی سے اعلیٰ ترین مقام (عرش) تک پہنچ جاؤ گے اور آخرت میں اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے دیدار سے مشرف فرمائے گا۔

---

[۱] شوتن: بہت خوش ہونا

۵۴

خُفتن سو، چُھنہِ لوکن خبر

نتہِ خوفتن روزہن پأِلتھ دوہےَ

شیطان پِنہِ کڈی مشیدِ نبر

یُتھنہِ تبر ژِھنی تاأِلتھ دوہے

اگر نمازِ عشاء کی برکات اور فضائل سے مسلمان مکمل طور پر باخبر ہوتے تو وہ بہت ذوق وشوق اور اہتمام سے روزانہ وقت کی پابندی کے ساتھ نمازِ عشاء ادا کرتے۔

اس بات کا خاص خیال رکھو کہ کہیں شیطان تجھے لہو ولعب کی رنگینیوں میں مصروف رکھ کر مسجد سے باہر ہی نہ رکھتا رہے اور تجھے نمازہی سے بدول کر کے تیرے سر پر کلہاڑی مار کر خدا کے فضل وکرم سے محروم کردے۔

۵۵

سِوِنےِ مول چُھے سُنت وقتن

تیٔلہ کم بختن ننبدِر پٔےٚ یے

حأضر یم روٗدِ پأژن وقتن

تِمن سونہِ سُند تاج موکھتِو ژھٚے یے

رسولِ برحقؐ کی مبارک سُنّت تھی کہ رات کے نصف آخر میں نوافل کا خصوصی اہتمام کرتے تھے۔ صبح کی نماز کے علاوہ ہر ایک نماز کیلئے اول وقت پر ہی تیار رہنا سُنّتِ نبی برحقؐ ہے لیکن کم بخت ہیں وہ لوگ جو اس وقت بھی نیند میں پڑے رہتے ہیں۔

جو لوگ (مسلمان) نماز پنج گانہ وقت پر ادا کرتے رہے۔ قیامت کے دن اُن ہی کے سروں پر سونے کا تاج اور موتیوں کی چھتری کا سایہ ہوگا۔

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

۵۶

کَسَب یَم کرن نماز گُذارَن
وُدئِ تمے سمسارس زاے
چھکھ لاگنے بُڈ پالن ہےَ کارن
پُئتھ یِیکھ بُڈ رُٔہکاے
ناِر وو برن تمن تارس تارن
تۄک فاۓض دِیکھ خوداے

❀❀❀

جولوگ رزقِ حلال کمانے کے لئے کوئی کام اور ہُنر سیکھتے ہیں اور نماز بھی پابندی کے ساتھ ادا کرتے ہیں۔اس دنیا میں پیدا ہوئے ہوشیار اور عقل مند وہی لوگ ہیں۔اُن کی زمین اور زراعت بہت ہی بڑی ہے (یعنی اُن کے لئے بہت کام ہے دین کا) اگر وہ محنت کے ساتھ اپنے اعمال بھی انجام دینگے تو (اُن کے نیک اعمال کی) کمائی یعنی فصل پک کر اُن کو بہت فائدہ دے گی۔

پُل صراط سے اُن ہی کو آسانی کے ساتھ پار لے جایا جائے گا اور وہ جہنم کی آگ سے بھی نجات پائینگے۔اعمالِ حسنہَ کا فیض و اجر بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ضرور ملے گا۔

۵۷

رَبس نۓ نَمیوس تۓ میوس برۓ
آسہ ہا نَتہ کوت شُو ہلُو
پانژَن وقتن ونتھ نۓ وِنۓ مَس
یہ مُہہ پھۆرم ہتھ گوم ہۆلُو

❀❀❀

نفسِ امارّہ نے مجھے گمراہ کر کے رب کے آگے سر بسجود ہونے سے غافل رکھا۔اس بہترین عمل (نماز) سے میں آخرت میں جنت کا حقدار بنتا۔

افسوس! میں پانچ وقت کی نماز وقت پر ادا نہیں کر سکا۔نفسِ امارّہ نے مجھے اللہ تعالیٰ کی عبادت سے دور رکھ کے گمراہ کر دیا۔

Scanned with OKEN Scanner

٥٨

اُمراہ ئُری تو بے نمازہن
یمن واُنجہ گئے پربتو
کڑے تراُوتھ ئُفرس مازن
تمن عذاب آسہ کاُفرن کھوتو

اللہ سے ڈرنے والے مومن بندو! تم پر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا کام فرض ہو چکا ہے۔ ان سنگدل غفلت زدہ بے نمازیوں کو حکمت و دانائی کے ساتھ احسن طریقے پر تلقین کر کے نماز ادا کرنے کے لئے آمادہ کرو۔

یہ لوگ نماز جیسا بہترین عمل چھوڑ کر کفر کے کاموں کے رسیا بنے ہوئے ہیں۔ انہیں آگاہ کرو کہ (نام کا مسلمان ہونا) انہیں آخرت میں عذاب سے نہیں بچا سکے گا۔ جو اُن پر کافروں سے زیادہ ہی شدید ہوگا۔

٥٩

مؤ ماز دِنن تۂ دیارَن
خوے کر ژورن یارَن ئستی
تتۂ ہو نمازِ پرژھےؔ[1]. مارن
بیتۂ دپن لگہ بُتھ ہائتی

اس فانی دنیا کے زر پرستوں اور دھن دولت کی محبت میں نہ پھنس جاؤ۔ رسولِ برحقؐ کے چار برگزیدہ ترین ساتھیوںؓ کی سیرت اپناؤ۔ دنیا کی دولت اُن کے قبضے میں تھی اور وہ صاحب اقتدار بھی تھے لیکن وہ دنیا کے غلام نہیں بنے۔

یاد رکھ! جہاں (قیامت کے دن) جہنم کے ہولناک منظر تیرے سامنے ہونگے وہاں نماز کی پُرسش پہلے ہوگی۔

[1] پرژھ (پرِیو ژھ) پُرسش پوچھ پاچھ (پرژھ گار۔ پُرسش)

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

٦٠

بے خبرس کوسۂ گرِٹھ یوگٹۂ
دۆبرتھ قبرٕ ییٚلہ وٹۂ نَے ہو
پانٛژھ نمازٕ تتہِ رٹٲن ژھٹۂ
بے نمازیو ماز ژٹۂ نَے مو

اے بے خبری کی غفلت میں پڑے ہوئے مسلمان! یہ جاننے کی کوشش تو کر لے کہ تم پر کونسی وحشت اور دہشت ناک تاریکی چھا جائیگی۔ جب مرنے کے بعد دفنا کے تیری قبر کو پاٹا جائے گا۔ غفلت میں پڑ کر تم نماز ہی چھوڑ چکے ہو۔

اے نماز چھوڑنے والے! آخرت میں نماز چھوڑنے کی پاداش میں تیری تکا بوٹی ہوسکتی ہے۔ بہتر یہی ہے کہ تم نماز کے پابند ہوجاؤ۔ پانچ وقت کی نمازیں ہی تجھے جہنم کے شعلوں کے تھپیڑوں سے بچائینگی۔

٦١

لۆبس تتۂ مُہس دِتھ رضا
ہے کتھ دِلس مُوٗھتھ ہاے
پانٛژھ وقت نمازٕ کربتھ قضا
تمگے سزا دِیی خوداے

اے نادان! تم دنیا کے مال و دولت کی طمع اور لالچ پر بے فکری کے ساتھ خوش ہو۔ افسوس ہے۔ جس دل میں اللہ کی محبت اور یاد ہونی چاہیئے تم نے اُسے (دنیا وی دولت) کے گرد و غبار (جو اُڑ کر غائب ہونے والا ہے) سے بہت آلودہ اور گدلا کیا ہے۔

تم نے (دولت کے غرور اور اسی فنا ہونے والی دولت کے جمع کرنے کی فکر میں) پانچوں وقت کی نمازیں قضا کر کے بہت بڑا گناہ کیا۔ اس کی سزا اللہ تم کو ضرور دے گا۔

Scanned with OKEN Scanner

۶۲

نماز کان گٔییم کأہِلس
تِم پانژھ وقت آسِم خاصے
کل گٔرم نہٕ ، مل ژۄلمنہٕ دِلس
اَپزٕ یک بگٕر مۄلم ساسے
مٔرتھ وۄپدِنس تَتھ زلزلس
کژٕ یہ رۄس قبرِ منٛز بہٕ کیُتھ آسے

افسوس! مجھ کاہل کو نماز ادا کرنے کا خیال تیر جیسا لگتا ہے۔
نماز کے وہ پانچ وقت خاص الخاص تھے۔ اللہ کی عبادت کرنے کے لئے (جو کہالت کی وجہ سے میں نے ضائع کیے) میں نے اس کے لئے فکر کے ساتھ کوشش ہی نہیں کی۔ نتیجہ ظاہر ہے کہ میرے دل سے دنیاوی آلودگیوں کا میل کچیل دور نہیں ہوا۔ اپنی ظاہری صورت سے لوگوں کو دھوکہ دیتا رہا۔ اپنے اس جھوٹے منہ پر میں نے مزید کالک مل دی۔
مجھ بے عمل کا حال قبر میں کیا ہوگا اور پھر اُس زلزلہ کی ساعت میں، میں کیا لیکر قبر سے نکلوں گا۔

۶۳

نادان عقلہِ نِشے اَبق
قرآن خوان عقلہِ نِشے زور
نماز گذارَن عقلہ ہُندے سبق
بے نمازی عقلہ نِشے سۄر

جو اللہ تعالیٰ کے دینِ حق کو جاننے کی کوشش نہیں کرتے ہیں وہ نادان ہیں اور وہی عقل و شعور سے دور بھاگتے ہیں۔ جو لوگ تدبر اور غور و فکر کے ساتھ قرآن پڑھتے ہیں وہ عقلمندی سے روشنی کا مینار بن جاتے ہیں۔ نماز پڑھنے والے نیک لوگ اللہ کی دی ہوئی عقل سے سبق حاصل کرتے ہیں۔ نماز چھوڑنے والے عقل کی نظر میں گرد و غبار سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۶۴)

یاونۂ میانے ہا متۂ ہرنے
وونۂ گُس گلی مے پرنے أے
پانژہ وقت نماز مُٹھۂ یو پرنے
اِدۂ گُس کاراہ کرۂنے أے

اے مست ہرن جیسی میری جوانی! ذرا یاد کر کہ ہم اس دنیا میں کس کلمہ کو پڑھنے، لوگوں تک پہنچانے اور بلند کرنے کے لئے آئے۔ وہ کلمہ اللہ کی وحدانیت اور ربوبیت اور نبی برحقؐ کی رسالت اور اُنؐ کے مشن کی تبلیغ واشاعت کا تقاضا کرتا ہے۔

تم تو پانچ وقت کی نمازیں ادا کرنا بھی بھول گئے۔ ہم تو دنیا میں دینِ حق کی نشر واشاعت کا کام انجام دینے کے بغیر اور کون سا کام کرنے کے لیے آئے ہیں۔

(۶۵)

نماز پُرِتھ پاإنز وَسے
نماز وُدِس کھسے تر
نماز ءتیٓ الگ تۂ پُلگ لسے
نماز جنتس وَسے بَر

نماز صرف چند کلمات کے دُہرانے اور کچھ حرکات وسکنات کا نام نہیں ہے۔ اپنے دل وجان بلکہ اپنے جسم کی ہڈیوں کے گودے میں اس کی پرورش بھی کرنی ہے یعنی پورے عقل وشعور، ذوق وشوق، خضوع وخشوع اور حضورِ قلب کے ساتھ نماز ادا کرنا ہی اس کا حق ادا کرنا ہے۔ یہ ایمان رکھنا کہ معبود کارساز، رزّاق اور پروردگار صرف ایک اللہ ہے۔ جو عقلمند مومن اس یقین کے ساتھ نماز ادا کرتا ہے اُسی کو فلاحِ دارین کی دولت ملے گی۔

ہاں پورے ایمان سے ادا کی ہوئی نماز سے ہی دنیا اور آخرت میں کامیابی ملے گی اور نماز کی کنجی سے جنت کے دروازے کھلیں گے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(٦٦)

توش بنڈِ نمازِ بنِیہ رمضانس
تڑِ کاٹی لگیو پانس ءِستی
کن تھاو آین حضرت قرآنس
شُتتو وپر یوّت واڑاے ءِکتی
راَچھ کر پننہ نِس دین وُ ایمانس
نتہ تُلنے شیطانس ءِستی

اے اللہ کے نیک بندے! زندگی بھر نمازوں اور ماہِ مقدس رمضان کے روزوں کا دلی محبت، چاہت اور خلوص کے ساتھ اپنے عمل سے استقبال کرتا رہ۔ یہی وہ گراں بہا سرمایہ ہے جو آخرت میں تمہارے کام آئے گا۔

قرآن شریف کی آیاتِ مبارکہ کو غور و فکر کے ساتھ سُن لے کہ اس دنیا میں لاتعداد بہادر، بادشاہ اور صاحبِ دولت آئے لیکن آج اُن کا نام و نشان بھی کہیں نہیں ہے۔ اپنے دین اور ایمان کی حفاظت کرتے رہو (دنیا میں بھٹکنے اور بہکنے کے بہت سے مقام ہیں) ذراسی غفلت کرو گے تو آخرت میں تجھے شیطان کے ساتھ اُٹھایا جائے گا۔

(٦٧)

روزِہ نماز طے کرسا
یہ ڈے کر دِمس وڈنو
یوّد جنت گوڑھی کڑے کرسا
چھے محنت توّت کڑ تھو نُو
نُندبن ءِستھن خوے کرسا
بنڈِ روے کر قبلس گُنو

نماز اور روزہ فرض عبادات ہیں۔ وقت کو غنیمت جان کر عبادات ادا کرتے رہو۔

آخرت میں جنت چاہتے ہو تو نیک اعمال انجام دیتے رہو۔

دنیا کی کھیتی میں محنت کرو۔ اس کا پھل آخرت میں ملے گا۔

اس کے ساتھ ساتھ صالحین اور اچھے لوگوں کی صحبت اختیار کر ۔ تم اللہ کے بندے ہو اُسی کی عبادت کرتے رہو۔

Scanned with OKEN Scanner

(۶۸)

کبتھٕ نٕہ سوٕہ کرٕیأیم صِیامس
وُچھتہٕ خامس نٛے پتھ ژۄلو
بانگ بوٕزم صُبحس تہٕ شامس
سوٗے بوٗزِتھ پۆگس ہۆلو

***

ہائے میری شامتِ اعمال!

رمضان کا مقدس مہینہ (جس میں اللہ کی رحمت حاصل ہوتی ہے اور گناہوں کی مغفرت ہوتی ہے اور جہنم کی آگ سے نجات ملتی ہے) میں نے ضائع کیا اور میں نے ماہِ رمضان کی خدمت (عبادت، تلاوت اور شب بیداری سے) نہیں کی اور اس طرح مجھ ناپختہ اور خام (بے وقوف) کے ہاتھ سے وہ جاتا رہا۔

ہر صبح (دن) اور ہر شام (مغرب وعشاء) اذان سن کر میں ان سنی کر کے کجروی پر قائم رہا۔

اب میں بہت پچھتاتا ہوں جب ماہِ رمضان گزر گیا۔

(۶۹)

'ر' گو روزٕہ رمضان درُن
چھُے نجات، رحمت بٛیہ مغفرتھ
'ح' گو حج طواف کعبس کرُن
دمہٕ دمہٕ کر ہس پوٕنپرِ گتھ

***

'ر' کا مطلب ماہِ رمضان ہے۔ اس میں روزہ دار رہ کر تمہیں اللہ کی طرف سے رحمت، جہنم سے نجات اور گناہوں سے مغفرت ملے گی۔

'ح' حج بیت اللہ کی طرف اشارہ کر رہا ہے۔ اگر استطاعت ہو تو یہ فرض جلدی سے ادا کرو۔ کعبہ شریف کا طواف پروانہ وار انجام دیدو۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۷۰

دینۂ کہن کارن دوہ دہن بَرتو
کُلی مۂ کُنزِ علمُک گنج مُژراو
نماز، روزہ، حج، زکات سر تو
یُس کرِ گونگل سُے کرِ کرژاو

میرے عزیز! دنیا و آخرت میں سرخروئی کے ساتھ کامیابی چاہتے ہو تو دینِ حق کو قائم کرنے کے کاموں میں اپنا دن اور رات یعنی سارا وقت لگا دے اور اعلائے کلمتہ اللہ کے لئے ضروری ہے کہ کلمۂ شہادت پر تیرا ایمان مکمل ہو۔ یہ کلمہ وہ چابی ہے جس سے تم دین و دنیا کے علوم کے خزانوں کو کھول سکتے ہو۔

نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج جیسی اہم اور بنیادی عبادات، غور و فکر کے ساتھ انجام دیتے رہ۔ یاد رکھ! جو محنت اور جدو جہد کرے گا، ہی کامیاب ہوگا۔

(جو کھیتی محنت سے کرے گا وہی پھل پائے گا)۔

۷۱

شِلس بوے آسی کوستوُر تۂ ببرے
دلۂ یوُد گارکھ کانچھی سام
وُچھہ ہَن ابلیس چھوکھ دِس تبرے
گڑھی نیرتھ موکھۂ شُت تام
دوُر یوُد روزکھ فرضس تۂ خبرے
اِد حساب آسی نہ قیامت تام

تیرے دل سے کستوری نافہ اور ریحان کی خوشبو پھیلے گی اگر تم خلوص و محبت سے اللہ تعالیٰ کو یاد کرو گے۔ پھر وہ تم کو محبوب رکھے گا جونہی ابلیس کو دیکھو گے تو اُسے دیکھتے ہی کاری ضرب لگا و تب ہی وہ خاسر و نامراد ہو کر بھاگ جائے گا۔

اگر تم قرآن اور احادیثِ رسولؐ پر مضبوطی سے عمل پیرا ہو جاؤ گے تو پھر قیامت تک (قبر کے عالمِ برزخ میں) تم سے کوئی مواخذہ اور محاسبہ نہیں ہوگا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

مُسلمان

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا یَظْلِمُہٗ وَ لَا یُسْلِمُہٗ مَنْ کَانَ فِیْ حَاجَةِ اَخِیْهِ کَانَ اللّٰہُ فِیْ حَاجَتِهٖ، وَ مَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ کُرْبَةً فَرَّجَ اللّٰہُ عَنْہُ بِهَا کُرْبَةً مِّنْ کُرَبِ یَوْمِ الْقِیَامَةِ، وَ مَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَہُ اللّٰہُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ.

(صحیح بخاری وصحیح مسلم)

مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، نہ اس پر ظلم کرے، نہ اس کی مدد چھوڑ کر دشمنوں کے حوالہ کرے۔ جو شخص اپنے بھائی کی حاجت پوری کرتا ہے اللہ اس کی حاجت پوری کرتا ہے اور جو شخص کسی مسلمان کی تکلیف کو دور کرتا ہے اللہ اس کی وجہ سے قیامت کی مصیبتوں کو دور فرمائے گا اور جو شخص کسی مسلمان پر پردہ ڈالتا ہے اللہ پاک قیامت کے دن اس پر پردہ ڈالے گا۔

❁❁❁

نصرِہ! سُہ زینہِ یَتھ زمانس
یُس مُسلمانس خبر ہٕے ییے
رِکیہہ لیس چھٕیتہِ مژ کرٕیہ تہٕ گیانس
بیِیس دِتھ یُس پانس کھٕے ییے
تیار روزِ وضوٗس تہٕ سرانس
پانژن وَقتن خبرَ ہے ییے
کوشش آسی تَس ایمانس
لیس نورٕ چہ سو کلہِ کامن پٕے ییے

نصر بابا! اس زمانے کا فاتح مسلمان وہی ہوگا جو اپنے مسلمان بھائی کی ہر جائز طریقے سے مدد کرے گا اور اُن کے حالات واعمال کا جائزہ لیتا رہے۔ جس کے سر کے بال اللہ تعالیٰ کی معرفت کے حصول اور اعمالِ صالحہ انجام دینے میں سفید ہو جائینگے اور جو انفاق فی سبیل اللہ[۱] پر عمل پیرا ہو کر پہلے دوسروں (محتاجوں) کو کھلائے۔ پھر خود کھائے اور ہر وقت وضو اور جسم کی طہارت (غسل) کے ساتھ نمازِ پنجگانہ کے لئے تیار رہے۔

وہی شخص اپنے ایمان کو پختہ تر بنانے کے لئے نُور کے تڑکے ذکر اور عبادت الٰہی میں دل کی پر خلوص محبت وفکر کے ساتھ کوشاں ہوگا۔

---

[۱] اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

۷۳

پانس مول کرِ نہ ہارے
ستی بنیس کرنہ مان مان
دور ڈنی ترأوتھ سو ڈنی گارے
راتس دوہس دارے ڈیان
پر تہ پان یُس سُدرس تارے
سُے ئے ڈِپ زے مُسلمان

تزکیۂ نفس اور خود احتسابی کرتے ہوئے حقیقی انکساری کے ساتھ جو اپنی قیمت ایک کوڑی بھی نہ جانے اور از راہِ تواضع اپنے آپ کو دوسروں کے برابر بھی نہ سمجھے۔ بُرے لوگوں سے دور رہے اور نیکو کار اور صالح لوگوں کی صحبت کا ہمیشہ طالب رہے اور روز و شب کے لئے مقررہ عبادات، نماز اور ذکر واذکار پورے خلوصِ نیت اور انہماک کے ساتھ ادا کرتا رہے، جو میدانِ محشر میں اپنی نجات کے علاوہ دوسروں کی نجات کی فکر اور سامان کرتا رہے اور اپنے ساتھ انہیں بھی پُلِ صراط کو کامیابی کے ساتھ پار کرنے کے قابل بنائے۔

حقیقت میں وہی پکا مسلمان اور مومنِ صادق ہے۔

۷۴

اندگُن نیرتھ پنڈ تیمی ہیڑے
سیڑے لوگُن پنّن پان
تیمی یڈ گنڈ تہ ژبڈ تیمی ہیڑے
میڑے ووندُن پنّن پان
اند گُن نیرتھ برِ تیمی پھیڑے
سُے یے ڈِپ زے مسلمان

جو تنہائی میں غور و فکر کے ساتھ اپنی نیت اور اعمال کا احتساب کرتا ہے اور توبہ کر کے آئندہ کے لئے سبق اور نصیحت پکڑتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے نیک اعمال کی بجا آوری کی توفیق کا طالب ہوتا ہے اور پھر اپنی ساری اُمیدوں اور حاجات کی تکمیل صرف ایک اللہ سے مانگتا ہے۔ جو اپنے پیٹ یعنی نفسِ امّارہ کو قابو میں لا کر خاکساری اور استقامت کے ساتھ صبر کرتا ہے اور دوسروں کے کام آتا ہے۔ تنہائیوں میں عجز و انکساری کے ساتھ اپنی زبان سے روح پرور ذکر و اذکار سے اپنی ساعتوں کو لذتِ عشقِ الٰہی سے سرشار کرتا ہے۔

اُسی صاحبِ عزیمت و ایمان کو حقیقی مسلمان کہتے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۷۵

بٔنیس دوپ شم وَکھنی
پانس بڑونٹھ اَنی ایمان
بیٖیس نظر کر نٔہ ہٕنی
آسِہ نہ دَنٕہ ڈیشتھ بڑبمان
سیٖز وتہِ پکہِ تہٕ شرع زانی
سُے ییٚ ڈٕلِ زییے مُسلمان

❀❀❀

جو شخص پہلے خود صدق دلی کے ساتھ اللہ لاشریک لہٗ اور اُس کے آخری نبی اور رسولؐ۔ اُس کی نازل کردہ آخری کتابِ ہدایت قرآن مجید اور یومِ آخرت پر ایمان لائے اور اس کو اپنے عملی ثبوت سے محکم کرتا ہے۔ پھر دوسروں کو ان عقائد کی تلقین اور تبلیغ کرے اور جو شخص دوسروں کو حسد، نفرت اور بُری نظر سے نہ دیکھے۔ مال و دولت دیکھ کر حرص و لالچ میں گرفتار ہو کر اپنے ایمان کو متذبذب اور ڈانواڈول نہ بنا دے۔ اپنے قول و عمل، سوچ اور مضبوط ارادہ و نیت کے ساتھ صراطِ مستقیم پر گامزن ہو کر شریعتِ الٰہی کو اپنی پوری زندگی پر نافذ کرے اُسی صالح اور پاک و نیک کردار کا نام مسلمان ہے۔

۷۶

دود ترٲوِتھ آب یُس مَنٛدے
سُہ سمسارَس کنٛدے زاو
پرٕتےَ پان یُس ہیٚوٕے ویٚنٛدِے
سُے ہبا سیٚنٛدے ترِٕتھ دڑاو

❀❀❀

دودھ (دینِ برحق) کو چھوڑ کر جو آدمی صرف پانی بلوتا ہے جس میں کوئی مکھن حاصل ہونے کا کچھ بھی امکان نہیں ہے۔ وہ احمق آدمی دنیا میں کس لئے پیدا ہوا ہے؟

جو آدمی انسان ہونے کے ناطے اپنے آپ اور غیر میں کوئی فرق نہ جانے اور مساوات میں یقین رکھتا ہو۔ وہی آدمی آخرت میں پُلِ صراط کو کامیابی کے ساتھ پار کر سکے گا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۷۷)

سُے پورشا سورگس پڑاوَے
یُس دَے سرِ بہیٖن سان
رِتہن دوہن روزٕ یُس تھاوے
پانژَن وقتن آسہِ نمان
کرُوٗد، لوٗب، مد، اہنکار ترآوے
سُے یے ڈٕپِہ زِ مسلمان

وہی شخص جنت کو حاصل کرسکتا ہے جو خود ایک اللہ پر ایمان لائے اور دوسروں کو اُسی معبودِ برحق کا بندہ بننے کی تلقین کرے جو فضیلت والے دنوں (ماہِ رمضان) میں روزہ رکھے اور پانچ وقت کی نماز پورے خضوع وخشوع کے ساتھ ادا کرتا ہو، جو برائیوں، لالچ وحرص اور حسد وغرور سے دور رہتا ہو۔ اُسی نیک شخص کو مسلمان کہہ سکتے ہیں۔

(۷۸)

اَنگہٕ زن خوشبو موکھٕ زن وُدے
نشِہ وُدبن ہتھ گُتھن مان
سو ستےٕ کرٕیہ تہٕ روستُے کرُوٗدُے
سُے یے ڈٕپِہ زِ مُسلمان

جس شخص کا انگ انگ توحید کی خوشبو سے مہکتا ہے اور چہرہ مومن کا نور لئے ہے۔ وہ صالحین کی صحبت میں رہ کر ان کی نیک باتوں کو دھیان سے سن کر اُن پر عمل کرتا ہے۔ وہ نیک اعمال کی انجام دہی پر ہمیشہ مُستعد اور برائیوں سے دور رہتا ہے۔ اسی نیک بخت کو حقیقی مسلمان کہہ سکتے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

۷۹

بُلبُل پوشہِ وأرِ ے گاران

موٗغُل گاران ہُن واس

سِہہ تازِ شکارِ ے ژھاران

خر ژھاران گُہہ، لبد تہِ ساس

بُلبُل پھلواڑی کو پسند کرتا ہے اور اُلّو ویران جگہوں کو۔ شیر تازہ تازہ شکار کو ڈھونڈتا پھرتا ہے اور گدھا اس جگہ کو تلاش کرتا ہے جہاں گوبر، لید اور گرد و غبار ہو۔ مطلب یہ ہے کہ مومن بلبُل کی طرح اللہ تعالیٰ کی رضا پر چل کر جنت کو پسند کرتا ہے نہ کہ ویرانیوں کو، نہ مُردار اور نہ ہی گندگی کو پسند کرتا ہے بلکہ ہر لحاظ سے پاکیزہ (یعنی اسلامی) ماحول کو پسند کرتا ہے اور ہمیشہ خوبی اور نیک کاموں کے کرنے کی تلاش میں رہتا ہے

ذکر

اوراد

تسبیح

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

فرمودات باری تعالیٰ جل شانہٗ

☆ یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوا اذْکُرُوا اللّٰہَ ذِکْرًا کَثِیْرًا ۝
وَسَبِّحُوہُ بُکْرَۃً وَّأَصِیْلًا ۝ (الاحزاب:۴۱-۴۲)

اے ایمان والو! اللہ کو بہت زیادہ یاد کیا کرو اور صبح و شام اُس کی پاکی بیان کرو۔

☆ وَاذْکُرْ رَّبَّکَ فِیْ نَفْسِکَ تَضَرُّعاً وَخِیْفَۃً وَدُوْنَ الْجَھْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْآصَالِ وَلَا تَکُنْ مِّنَ الْغَافِلِیْنَ ۝ (الاعراف:۲۰۵)

اور اپنے رب کا صبح و شام ذکر کیا کرو، اپنے دل میں بھی، عاجزی اور خوف کے (جذبات کے) ساتھ، اور زبان سے بھی، آواز بہت بلند کیے بغیر! اور اُن لوگوں میں شامل نہ ہو جانا جو غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔

☆ وَاذْکُرُوا اللّٰہَ کَثِیْرًا لَّعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ (الجمعہ:۱۰)

اور کثرت کے ساتھ اللہ کا ذکر کرو پھر تم فلاح و کامیابی کی اُمید کر سکتے ہو۔

☆ فَاذْکُرُوْنِیْ أَذْکُرْکُمْ ۝ (البقرۃ:۱۵۲)

مجھے یاد کرو، میں تمھیں یاد رکھوں گا۔

۸۰

توبہِ یوْد کرَکھ یئیمہِ بوْوِ سرِ ترَکھ
توبہِ چُھے اَپور تارِ وِنی ناو
توبہِ روْس پانو تتہِ کتھِ وو بر کھ
یئیتہِ چُھے زمہر یر تہِ کوُٹھی شُن واو

انسان چاہے کتنا ہی محتاط کیوں نہ ہو۔ چاہے بہت بڑا ہی نیکوکار اور متقی ہی ہو یا کوئی گنہگار ہی ہو۔ انسان اصل میں بشر ہے اور بشر غلطیوں کا پُتلا ہے۔ یہ انجانے اور جان بوجھ کر بھی غلطیاں کرتا رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے مومن بندوں کو اُنکے سہواً یا جان بوجھ کر کئے ہوئے گناہوں کی سزا سے بچنے کے لئے اپنے عفو اور مغفرت کا دروازہ کھلا رکھا ہے۔ جو عجز و انکساری اور خلوصِ دل سے اللہ کے دربار میں توبہ کرتا ہے وہ دنیا کے اس سمندر سے پار جنت کے کنارے اُتر سکتا ہے اس کے لئے توبہ ہی کشتی کا کام دے گا۔

اے میرے وجود! توبہ کے بغیر وہاں آخرت میں تو کیسے نجات پا سکے گا، جہاں (آگ والے جہنم کے علاوہ) شدید ترین سرد جہنم 'زمہریر' ہے اور تیز و تند برفانی ہوائیں ہونگی۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۸۱)

پۂ یوُد پکّھ تۂ اِۂ لَسکھ
نَتۂ ہبا کوُر مُتے راوے
پانۂ ییلہ لوسکھ تۂ بُجُرِۂ ڈسکھ
لورِ روُس اُنس وَتھ گُس ہاوے

❀❀❀

اگر درست طریقہ (راہِ شریعت) پر چلو گے تو پھر تم صحت مند اور کامیاب زندگی گزارو گے۔ہاں! اگر غلط راستوں پہ چل پڑو گے تو تیرا عمل ضائع ہو جائے گا۔

اے میرے وجود! جب تم پر ضعیفی قبضہ جمائے گی اور بڑھاپے سے کمزور ہو جاؤ گے تو سمجھ لو کہ تم اندھے ہو اور لاٹھی (شریعتِ حقہ) کے بغیر تمہیں راستے کے نشیب و فراز کیسے معلوم ہو سکتے ہیں۔

(۸۲)

ذکرِ ستۂ پوُرم اللہ
فکرِ ستۂ سپدُس کوُلوُ
دِل ڈیوٗنٹھم بوُڈ عرشِ اللہ
کنۂ بوزُم اَیُنَمَا تُوَلُّو

❀❀❀

میں معرفت ذاتِ الٰہی کے حصول کے لئے اپنے دل کو اللہ کے ذکر سے مسلسل صیقل کرتا رہا جب اللہ تعالیٰ کی ذات بے چون و بے چگون کا ادراک کرنے کے لئے غور و فکر کے لامتناہی سمندر میں غوطہ زن ہوا اور اس میں اتنا محو ہوا تو اس صاحب کُلَّ یَومٍ ھُوَفِی شَان کی شان دیکھ کر میں حیرت و استعجاب میں گونگا ہوا، اسی محویت کے عالم میں میرے کانوں میں حکم ربانی اَیۡنَمَا تُوَلُّوا الخ گونج اُٹھا (یعنی جدھر بھی تم منہ پھیر لو گے اس طرف اللہ تعالیٰ کو پاؤ گے (اللہ تعالیٰ ساری کائنات کا احاطہ کئے ہوئے ہے)[۱]

---

[۱] مقامِ عقل سے آسان گذر گیا اقبالؔ مقامِ عشق میں کھویا گیا وہ فرزانہ
اقبالؔ

۸۳

ذِکر اورادَے وظیفہٕ آسی
ہیٚکہِ کُس کٔرِتھ تیٚلہ ژٕے ءستۍ مان
کرٕیہ کھوتہٕ ژٕور یوٚد انصاف آسی
توَے ءستۍ لگی ایمان

اللہ تعالیٰ کا ذکر اور اُس کی یاد کو حرزِ جان بناؤ گے تو اُس کی نظر میں بڑا رُتبہ پاؤ گے اور پھر تمہاری برابری کون کرسکتا ہے۔

اور نیک اعمال انجام دینے کے ساتھ ساتھ اگر حقوق العباد کی ادائیگی انصاف اور دیانت داری کے ساتھ ادا کرو گے تو ایمانِ کامل زندگی میں اور موت کے بعد بھی تمہارے ساتھ رہے گا۔

۸۴

ذِکر ءستی رَٹُن مالےِ
فکرِ ءستۍ تارُس پَن
نفس[1] گنڈُن ہالےِ ہالےِ
زن تورُتھ موکھتہٕ مالےِ پَن

غور وفکر کے ساتھ اپنے نفس کو لگاتار اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مصروف رکھو اپنے سانسوں کو ذکرِ حق کے دھاگے میں ایسے پروتے رہو جیسے موتیوں میں دھاگا پروکر مالا بنائی جاتی ہے۔

1 یہاں نفس سے مُراد سانس ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۸۵

دل چھے گاڈ تۂ ہوکھہِ مو تھاؤن

ذِکر ہُنْد پوئی دِس لسہِ یو تَوے

نماز چھے زمینس پَھل زَن وَوُن

اِۂ بچہِ ننْد گرُس گھسہ یو تَوے

✽✽✽

دل کو مچھلی سمجھ کر خشکی پر مت رکھ یعنی اللہ کا ذکر کرنے کے بغیر اُسے نہ رکھ۔ دل کے لئے ذکرِ خدا ہی پانی کے برابر ہے۔ اسے یہ دیتے رہو یہی اس کی زندگی ہے۔

زندگی کی کھیتی کے لئے نماز بیج بونے کے برابر ہے۔ اسے تمام آداب کے ساتھ ادا کرتے رہو۔ اچھی جزا کی فصل اسی سے اُگتی ہے۔

۸۶

اللہ پرِنس دِوراہ پھری زِے

زگ[ا] تچ لادن سُری زِنۂ زانہہ

یادس تُہندِس دوہ دبن ئُری زے

زِندے اُستھ مُری زِنہ زانہہ

✽✽✽

تسلسُل کے ساتھ اللہ کا ذکر کثرت سے کرتے رہو۔ اس ناپائیدار دنیا کے فریب میں آکر اس سے کوئی توقع اور امید نہ رکھنا۔

اپنی مختصر زندگی کے روز وشب میں اللہ کی یاد کرتے رہو۔ خبردار رہو! اس کی یاد سے غافل رہ کر (ظاہر میں) زندہ ہوتے ہوئے غفلت کی موت نہ مرجانا۔

[ا] جگت رجگد : دُنیا

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

(۸۷)

نفس دِتکھ اورے مینژتھ
گژھ کھے ژینتھ کرکھ نہٕ فوت
دَم دِیو حقس لال زن زِینتھ
ییتہٕ چھے کُلُّ نَفْسٍ ذَائِقَةُ الْمَوْت

اے غافل! سانس لینا اور سانس چھوڑنا۔ زندگی کی علامت ہے لیکن یہی قیمتی سانس تم کو ناپ کر اور گِن کر ملے ہیں۔ تم ہوش سے کام لوگے تو ایک بھی سانس کو ضائع نہ کروگے۔

اپنی سانسوں کو اپنے وجود کے سمندر میں ذکرِ حق کی تربیت سے غوطہ خوری سکھاؤ اور پھر اپنے وجود کے عرفان سے تم اس لعلِ بے بہا کو حاصل کر سکوگے جسے واجبُ الوجود (اللہ تعالیٰ) کہتے ہیں۔

یاد رکھ! ہر جاندار کو بالآخر موت کا مزہ چکھنا ہے۔

(۸۸)

سُہ چھُنہ وُچھان قیلس تہٕ قالس
سُہ چھُ وُچھان دِلہٕ کِس حالس کُن
ذکرِ حق کر مالہ زبو دِتھ تالس
دپٕو رازٕ ہوژو تیٖی زالَس کُن

اللہ تعالیٰ کی نظر میں دکھاوے کے اعمال، خالی خولی باتوں، وعظ و تقریر کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ وہ دلوں کا حال جانتا ہے، دل کا حال (یعنی) نیّت اگر دُرست ہے یعنی نیک ہو تو بات اور عمل بھی اس کی نظر میں معتبر ہے۔

کسی دکھاوے کے بغیر، اللہ کا ذکر ادا کرتے رہو۔ اس طرح سے ممکن ہے کہ اللہ کی مہربانی سے راج ہنس (یعنی مقصدِ حیات) تمہارے قبضہ میں آجائے گا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(٨٩)

پران پران پائن مؤٹھہ مو
لیکھان لیکھان بیوُٹھم دِل
ذِکرے یتمن مولا ٹوٹھ مو
فِکرے یتمن روچھمو دل

ایک غفلت کا وہ منحوس دور تھا جب میں پڑھتا ہی گیا اور عمل کرنا بھول گیا جس سے میرا دل مردہ ہوگیا۔

لیکن میری خوش نصیبی! اللہ کا شکر ہے کہ پورے خلوص کے ساتھ اُس کا ذکر بجالاتے لاتے اللہ مجھ پہ مہرباں ہُوا۔ اللہ تعالیٰ کی آیات پرغور وفکر کرنے سے میرا دل زندہ ہوگیا۔

(٩٠)

کلے کرکھ کلےٖ وُزی
پھُلے لگی اللہ ہؤ
ڑٖ یوٖر گرٹھکھ سُہ توٖر رُزی
دلےٖ وُزی اللہ ہؤ

پورے ذوق وشوق اور انہماک کے ساتھ ہردم اللہ کی یاد کی فکر کرتے رہو۔ رب مہربان ہوگا تو پھر تیرے دل سے معرفتِ الٰہی کا زمزم جاری ہوگا اور تیری ہر طرف میں اللہ کی یاد کی بہار کے پھول کھلیں گے۔

جب دنیا سے چلے جاؤ گے تو اللہ تم پر راضی ہوگا اور تیرے دل میں صرف اللہ ہُو کا زمزمہ نغمہ زن ہوگا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

موت
ایک حقیقت

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرمودات باری تعالیٰ جل شانہٗ

☆ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۝ (آل عمران:۱۸۵)

ہر جاندار کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔

☆ أَيْنَمَا تَكُونُوا يُدْرِككُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنتُمْ فِي بُرُوجٍ مُّشَيَّدَةٍ ۝ (النسآء:۷۸)

تم جہاں بھی ہو گے (ایک نہ ایک دن) موت تمھیں جا پکڑے گی، چاہے تم مضبوط قلعوں میں کیوں نہ رہ رہے ہو۔

☆ وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ذَٰلِكَ مَا كُنتَ مِنْهُ تَحِيدُ ۝ (ق:۱۹)

اور موت کی سختی سچ مچ آنے ہی والی ہے۔ (اے انسان!) یہ وہ چیز ہے جس سے تو بدکتا تھا۔

۹۱

آدم وو پیدو وُن، ژوباؤہ
آبۂ، واو، نارؔ تۂ مئیوی
اَن ہتھ اورے پھٹھ آؤہ
دُنی یاہ روشُن نالہ مۂتی
گنڈی یئیلہ گلۂ نس ورزنۂ واؤہ
یئتی آو تی موژی

خالق کائنات نے آدم کو چار عناصر مٹی، پانی، آگ اور ہوا کے مُرکب سے بنایا اور پیدا کرتے وقت اس کی رزق بھی اُسی کے ساتھ مقرر کردی۔ اس طرح سے وہ پیدا ہوتے ہی اپنی رزق بھی اپنے ساتھ لے آیا لیکن وہ اپنی جہالت، غفلت اور نادانی کی وجہ سے حرص اور لالچ میں مبتلا ہوا اور اُس نے دنیا اور اس کے مال و دولت کو ہی گلے لگایا۔ وہ اس حقیقت کو بالکل بھول گیا کہ بڑھاپا آتے ہی اس کی ساری قوت اور زور ختم کر کے رکھ دے گا اور جہاں سے (مٹی سے جس میں بقیہ تین عناصر ملے ہوئے ہیں) آیا تھا اُس میں دفن ہو کے جذب ہو جائے گا اور اس کا جمع کردہ مالِ دنیا سب یونہی بے کار دھرے کا دھرا رہ جائے گا۔

معبوُد پݰنہٕ نُے روُڈُے سرنۓ
تورِچ خبراہ کرنےِ اُے
جاَے ہو چاَئ ینیتہٕ دأر تتہٕ برنۓ
تتہ ہو میٛو گرٕ بَرنۓ اُے

ہائے افسوس! اپنے معبودِ حقیقی کا عرفان اور پہچان تم ابھی تک نہیں کر پائے۔ ہم لوگوں کو یہی بتانے آئے تھے کہ اپنے معبود کو پہچان لو۔ اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور اسی کو کارساز مان لو۔

افسوس اے غافل بندے! تیری اصلی جگہ وہ ہے جہاں نہ کھڑکی ہے نہ دروازہ (یعنی تنگ و تاریک قبر) ہم بھی اِسی مٹی کے گھر کو بھرنے کے لئے آئے ہیں۔

زُوٕ ژٕ بوز تو تورِچ کنوان
یہ مُری ٴنٔز خبر ژبنہٕ وُان چھے
کاٴلی ہٴنڈِس ننے پُبچی وان
یہ دُنی ہِیچ پَنہ کاین برٛیمہٕ وان چھے

میری جان! تیرے کان میں جو آواز آ رہی ہے اُسے غور سے سن لو! یہ تیرے لئے موت کی آگاہی ہے کہ تُجھے ایک دن مرنا ہے: جس سے کسی کو انکار کی جرأت نہیں ہے۔ یہ مال و دولتِ دنیا جو ہرے سوکھے پتوں کے ایک پولے کے برابر بھی نہیں ہے اب بھی تمہیں فریب دے رہی ہے۔ ایک وقت آئے گا جب تُجھے موت ایسے کھینچ کے گھسیٹ کر لے جائے گی جیسے قصائی بھیڑ کو ذبح کرنے کے لئے ذبح خانے پر لے جاتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۹۴)

دوہڑہ اکہِ لمہِ لم لگہِ یو جانس
اُنڈی اُنڈی یار بأے سمہِ نئے ءَکتی
سُمِتھ سأری وَالہِ نئے سڑانس
ؤڈی ؤڈی بارَو دِنئے ءَکتی
کفنا ولہِ نئے اُدرِس پانس
نُنڈی تہِ ڈِیٹھی کار لگہِ نئے پانس ءَستی

❁❁❁

میری جان! ایک دن تیری جانِ عزیز سکرات الموت کی سختیوں میں بڑی طرح پھنس جائے گی ۔ تیرے بھائی ، رشتہ دار اور دوست تیرے اردگرد جمع ہوں گے اور سب مل کر تجھے آخری غسل دینے کے لئے تجھے مکان سے صحن میں اُتار دینگے اور رورو کے شور برپا کرینگے ۔ تیرے گیلے مردہ بدن کو کفن سے لپیٹ کر تجھے قبرستان لیجا کر دفن کرینگے ۔ پھر تم ہو اور تیرے اچھے بُرے کام تیرے ساتھی ہونگے ۔

(۹۵)

اَلْمَوْتُ یَاتِی بُو زِتھنہِ زَرے
وَ الْقَبْرُ صُندوق اُلعَمل چُھے گواہ
گُل گآم بَرِ یَتھ یاوِ ہِنہِ تھرَے
تُل کھوتُم تژ کرِ تہِ ژیوُنم نہِ زانہہ

❁❁❁

اے میری گراں گوش ذات!
کیا تم نے کبھی نہیں سُنا کہ موت اچانک آ کر تجھے اُچک لے جائیگی ذرا آنکھیں کھول کر غور سے دیکھو۔ موت کی حقیقت کی زندہ گواہی قبر ہے جو انسان کے نیک و بد اعمال کیلئے ایک صندوق ہے۔
ہائے میری جان! تیرا بُوٹا سا قد رکھنے والی جوانی کے پھول (ماہ وسال) کب کے جھڑ گئے (ختم ہو گئے) اللہ تعالٰی کے ہاں تیرے اعمال کے ترازو میں تیرے گناہوں کا وزن بڑھتا ہی گیا اور تجھے غفلت کی وجہ سے محسوس بھی نہیں ہوا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

٩٦

موت ڇُھے ٻهہ تے کوُتو ڏُلی زِے
کھیلہِ مزِہ کڈی ڏاُرِتھ کڈھ
موتِچ شربتھ چِینہِ رؤس نہ ٻُلو زے
سُلہ کوتہِ گیُوکھ ڏیٖتھ کتھ

غور سے سن ! میدانِ حیات میں موت شیر کی طرح ہر ذی روح کی گھات میں لگی ہوئی ہے۔اس سے انسان کہاں بھاگ سکتا ہے بچ کے۔یہ شیر کی طرح ریوڑ میں سے اُسی بھیڑ کو چُن کے اُٹھا لیتی ہے جس کے لئے موت کا وقت مقرر ہے۔موت ایک ایسا شربت ہے جس کا مزہ چکھنے کے بغیر عمر طبعی گزار کے کوئی بھی انسان دنیا کے دکھ درد سے نجات نہیں پا سکتا۔

اے میری غافل جان !اپنی حیاتِ مُستعار کے آغاز میں ہی تو اس حقیقت کو کیوں نہیں جان سکا۔

٩٧

کیاہ کُری زِ مرنس تہِ مُری نہِ نمن وکانن
گو کمن جانن چھانگر کُرِتھ
پوُٹِ زن شڑے پِتھ گُے کترُوبن بانن
وأنِ گُے وانن پھالو دِتھ

موت کا ایک دن تو مقرر ہے۔اس کی اچانک پکڑ اور اُس کی مختلف شکلوں سے بچنے کا کوئی بھی علاج انسان کے پاس نہیں ہے کیا کیا جلیل القدر صاحب اقتدار، نہایت خوبصورت، بڑے بڑے دولت منداور روحانی عظمت والے لوگ اس کی زد میں آ کے زمانے کی لوح یاداشت سے اُتر گئے اور وہ سب اس دنیا کے منظر سے ایسے غائب ہو گئے جیسے کہ مٹی کے نئے تازہ برتنوں میں پانی جذب ہو کے غائب ہو جاتا ہے یا اُن کی مثال ایسی ہے کہ جیسے دکاندار اپنی دکانیں بڑھا کے چلے گئے اور بازار میں اندھیرے کے سوا کچھ بھی نہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

٩٨

پاڻڙھ وَکھ مُٺِھم نفسءِ باڻبرے

نؤل ڇُھم پراران کر واتءِ کياه

اِذَا جَـــاءَ اَجَـــلُهُـمْ كاريـئله كرے

نَہ روزَن خيمءِ کُنءِ نَہ خر گاه

نفسِ امّارہ نے دنیا کے کاموں میں اُلجھا کے مجھے ایسی جلد بازی اورانتشار میں پھنسا دیا کہ میں پانچ وقت کی نماز ادا کرنا بھی بھول گیا اور میں اللہ تعالٰی کی نافرمانی کرتا رہا جبکہ مجھے معلوم ہے کہ نافرمان بندے کی موت کے بعد اُس کے مردہ جسم کی تکابوٹی کرنے کے لئے نیولے اور سانپ وغیرہ انتظار میں رہتے ہیں۔

ہائے میری غفلت! مجھے معلوم تھا جب موت آتی ہے تو اس کے آنے کے وقت میں کوئی تقدیم وتاخیر نہیں ہوتی اور موت کے بعد دنیاداری اور دنیاپرستی کے سارے سازوسامان، خیمے اور خرگاہ بھی ختم ہوجاتے ہیں۔

٩٩

کُس گو توت ، تءِ کمر ڏيوٺھو

توتھ واُتھ ءِکتر گُے پَتھ

تيمر يوُت پٽن پان ڙيوٽو

ٹُمر لُب تيڙواه لبڙھے وَتھ

دُنیا کی اس فانی سرائے سے (اپنی موت کے بعد) نکل کرکون اللہ کی رحمت اور فضل وکرم کے دربار میں جا پہنچا۔ کوئی بھی اُسے دیکھ نہ سکا بہت سے لوگ اپنی بداعمالیوں اور گناہوں میں آلودہ ہونے کی وجہ سے وہاں پہنچ کر بھی اللہ کے فضل، بخشش اور عفو سے محروم ہی رہے۔

ہاں اُسی کے لئے اللہ تک پہنچنے کا راستہ آسان اور نزدیک ہوتا جائے گا جو اس دنیا مین اللہ کی رضا کے لئے زندگی کے ایک ایک لمحے کو اعمال صالحہ کی انجام دہی کے لئے وقف کرتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۰۰

سون گرِ چُھے انڈ مأدانس
توٙت ءستِرٙ کانؕہہ ژٙے لگی ننتۂ
تنتۂ پبترن چُھے کُنسے جانس
ہے زُوو! پالیس پبتۂ

اے میری جان!

ہمارا اصل مسکن تو دور قبرستان میں ہے جہاں تیرے ساتھ کوئی بھی نہیں جائے گا۔ وہاں پر جو بھی سہنا ہوگا وہ سب تیری اکیلی ذات کو سہنا پڑے گا۔

افسوس! نیک اعمال کی انجام دہی سے غافل اے میری جان!
تم موت ایسی اٹل حقیقت کو کیوں بھول گئی؟ کیا اب بھی تم ہوش میں نہیں آؤ گی؟

۱۰۱

زُوِ کنڈِ روچھمکھ، دردُک سون زن
ژٙے گھنۂ کونۂ مولۂ وِنٛ دراٗے
واٗلِتھ تھوِ نۓ تَل ڈایَن گرزَن
تنتِہ مُژ چھٛے پنۂ نی کماٗے

اے میرے وجود!

میں نے تجھے دردستان سے لائے ہوئے سونے کی طرح کس لئے نہایت ذوق وشوق اور اہتمام وحفاظت کے ساتھ رکھا؟ تم سے قیمتی زیور (اعمالِ صالحہ) کیوں نہیں بن پائے؟
تیری موت کے بعد تجھے زمین میں ڈھائی گز نیچے دفن کر کے رکھ دینگے وہاں قبر اور آخرت میں تیرا حاصل صرف اپنی کمائی ہوگی۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۱۰۲)

بگٕرِ لبجہٕ تہٕ چھاپٕرِ پٲجۍ
بنٛدٕ اَتھۍ ستۍ اَنجۍ یوٚ ژیٚنۍ
ڈٲے گز ارزتھ زٔمیٖنہ ڈٕجۍ
دٕزٕ ہیچ لوہ لَر ژٔجۍ یوٚ ژیٚنۍ

اے دھن دولت کے پُجاری!

تیرے جمع کردہ مال و دولت میں سے کچھ بھی تیرے ساتھ نہیں جائے گا صرف چند بے کار مٹی کے مٹکے جن میں بال آیا ہوا ہے۔ ان کو ایک ٹوٹے پھوٹے بوسیدہ ٹوکرے میں رکھ کر (تیری موت کے بعد) تیرے مردہ جسم کے ساتھ ہی قبرستان پہنچایا جائے گا۔ جو وہاں پر تیری قبر کے پاٹنے میں کام آئینگے۔

تیری کُل کمائی تیری قبر یعنی ڈھائی گز زمین کا قطعہ ہے۔ اب

شاید دل سے دنیا کی دولت سمیٹنے کی خواہش اور شوق ختم ہوا ہوگا۔[۱]

۱: قدیم زمانے سے حال کے زمانے تک کشمیری مسلمان لوگ مُردوں کی قبریں مٹی کے پرانے شکستہ مٹکوں سے پاٹتے تھے۔ اب اکثر جگھوں پر خام (ناپختہ) اینٹیں اور کئی جگھوں پر لکڑی کے تختے (پھٹیاں) قبروں کو پاٹنے کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں۔ اب سیمنٹ کی خالی بوریوں میں مٹی بھر کر اسی کام کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۰۳

ڹن اکہِ اکہِ گرِ گیہہ بار ترآوِتھ

ہِن مَزار ساَوِتھ شوِہ

گرِھو ، دُڑی یہَس اَتھِ ژِ ہاَوِتھ

ہے زُوو! مرُن مؤُٹھے کوہِ

اے میری جان! یہ گھر بار چھوڑ کر سب انسانوں کو ایک ایک کر کے (موت کے بعد) لیا جائے گا اور قبرستان میں مردہ جسموں کو دفن کر کے سُلایا جائے گا۔ ہم بھی اس دنیا سے دونوں ہاتھ خالی ہاتھ ہو کر جائیں گے۔

(یعنی کوئی چیز ساتھ نہیں ہوگی)۔

افسوس نیک اعمال کی انجام دہی سے غافل اے میری جان!

تم موت جیسی اٹل حقیقت کو کیوں بھول گئی؟

۱۰۴

زُوِ کتھِ نہ روزاکھ اوِلچہ سُنزِ ے

یام دودس ستھر کاُنزے گوٚو

یِم چھِ زاگان گاڈِ زن ہاُنزِ ے

ژوٚل وانگِج نُری ترآوِتھ لوتبو

اے میری جانِ وجود!

تم نے غفلت میں بہت وقت ضائع کیا۔ افسوس ہے تمہیں تو ابتدا ہی سے آخرت کے سفر کے لئے زادِ راہ کی جمع آوری (اعمال صالح بجالانے میں) لگ جانا چاہئے تھا۔ اب تمہارا حال یہ ہے کہ جیسے صاف وشفاف اور میٹھا دودھ چاول کے بیچ سے بنے کھٹے کانجی میں تبدیل ہوگیا ہو۔

موت تجھے ایسے تاکتی ہے جیسے مچھیرا مچھلی کو۔ عارضی طور پر رہنے والا مسافر (روح) سب مال واسباب ومکان چھوڑ کے ہلکا ہو کے چلا جائے گا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۰۵

پیئتہِ اُس آے تہِ گرُوھن چھ توٗتےٗ
زوٗنُم نہٕ منٛزِ ما دُوۄت پیٛنِہ یےٗ
تس کیاہ کرو اُسی للہِ پوٗتےٗ
یُس اتھِ سون لگُبھت بوٗیےٗ

ہمیں اللہ تعالیٰ نے مٹی سے پیدا کیا اور عمر کی مقررہ مدت پوری کر کے ہم اُس مٹی میں دفن ہو جائینگے۔ اس طرح سے یہ آنا اور جانا ہمارے لئے ایک امتحان ہے اور اس میں کامیابی کے لئے ایمان باللہ، ایمان بالرسالت، ایمان بالکتاب (قرآن) اور ایمان بالآخرۃ پر مضبوطی سے جم کر اعمالِ صالحہ کی ضرورت ہے۔ مجھے یہ معلوم نہیں تھا کہ اس سفر میں دوراہا بھی آتا ہے۔ ایک اسلام کا راستہ ہے اور دوسرا کفر و شرک اور ابلیس کا راستہ۔

ہم اُس کی عبادت (جیسا کہ اس کی عبادت کرنے کا حق ہے) کس طرح سے انجام دے سکتے ہیں جس کے دستِ قدرت میں ہمارا مقدر اور اعمال نامہ ہے، کیونکہ ہم اتنی طاقت، صبر، ہمت اور عرفان نہیں رکھتے ہیں۔

۱۰۶

اَتھہِ زِ وُٹھ کھور سوٗم تھاوِتھ
ژِن دُنی پیٛچ لوہ لرٕ تراوِتھ کیتھ
گرِ پننہ نیِٛ ژِن مُرہٕ ناوِتھ
یٛژِن اَند مزار ساوِتھ کیتھ
نُندُن حورِ تَھون رنٛزِ ناوِتھ
ڈیٹھبن دوزخ تاوِتھ کیتھ

اے میری جانِ وجود! مرنے کے بعد دونوں ہاتھ سینے پہ باندھ کے اور پاؤں کو برابر کر کے تجھ سے تیری کمائی ہوئی ساری دولت اور مکانات وغیرہ چھین کر تجھے اپنے ہی گھر سے دور لے جا کر قبرستان میں دفن کر کے آئینگے۔

یاد رکھ! نیکو کاروں کو جنت میں حوریں (اور غلمان) اپنی خوش اسلوب خدمت سے محظوظ کریں گی اور بدکاروں کے لئے تپتی ہوئی جہنم تیار ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۱۰۷)

آدنۂ زندے مَر نادانو
زاکھ تۂ سۆر ہکھ ٹوٹھ
مُرتھ بِنے وَدان وَدانو
کینزٕن پتۂ تۂ کینزٕن بروٗنٹھ

دنیا میں انسان کی زندگی بھی ہر ذی روح کی طرح بالکل عارضی ہے۔ باقی ذی روح عقل وشعور سے عاری ہیں جبکہ انسان اشرف المخلوقات ہے اور عقل وشعور اور فہم وادراک کی صفات سے مُتصِف ۔اس لئے اُسے پیدا ہونے اور پیدا ہونے کے ساتھ ہی اپنے خالق کو پہچاننا چاہیئے (یہی مطلب پہلے مصرعے کا ہے) کہ نوجوانی میں ہی دنیا سے کوچ کر جانے کے لئے زادِراہ جمع کرنا چاہیئے (یعنی اعمالِ صالح، خدا ترسی، وغیرہ) پیدا ہونے کے بعد ماں باپ وغیرہ اُسے بہت پیار کرتے ہیں لیکن جب وہ مرتا ہے تو اپنے ہی لوگ اُسے قبرستان تک روتے روتے لے جاتے ہیں کچھ لوگوں کے مرنے کے بعد میں اور کچھ لوگوں کے مرنے سے پہلے ۔ کیونکہ سب کو ایک نہ ایک دن مرنا ہے۔

(۱۰۸)

ترأوِتھ یِنے اَلٔد ماأدانس
ماز تۂ وُستخان مێزِ تل جزی
حساب ہِنَے دانس دانس
کرۆد نو مسلمانس پَزِی

مرنے کے بعد تیرے رشتہ دار لوگ تُجھے دور قبرستان میں دفن کر کے چھوڑ کے چلے جائینگے ۔تم سے دانے دانے کا حساب لیا جائے گا ۔قبر میں تیرے جسم کا گوشت اور ہڈیاں زمین میں دب کر مٹی کے جز بن جائینگی۔

مسلمان کو اپنے دل میں کسی کے خلاف بغض وکینہ نہیں رکھنا چاہیئے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۱۰۹)

بابُو تیٔلہ گڑھکھ حاٗرانس
ییٔلہ پانس تھکِی دِیہہ
کیاہ کرِٕ زِ بَلہٕ وٕڑتس شیطانس
ییمٕ ہیتھ سارِ جہانٕکو پرٛیہہ
گُنزٕ سےٗ نِنے اند ماٗدانس
آر تِس پانَس پالَن پرٛیہہ

میرے بھائی! تم اُس وقت حیران و درماندہ ہو جاؤ گے جب تیرا جسم بڑھاپے کی وجہ سے بہت تھک جائے گا لیکن اس بات کا خیال رکھ کہ طاقت ور شیطان (جس نے سارے جہاں کے لوگوں کو گمراہ کرنے کی ٹھانی ہے) سے ہوشیار رہنا۔ دنیا کی دولت، چمک دمک اور فضول کاموں میں پھنس نہ جانا۔ یہ سب یہیں دھرے کا دھرا رہ جائے گا اور تجھے اکیلے ہی قبرستان لے جائینگے۔ پھر سب کچھ اسی اُدھار پر ملے جسم کو سہنا ہے۔

عذابِ قبر

Scanned with OKEN Scanner

فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ يَهُوْدِيَّةً دَخَلَتْ عَلَيْهَا فَذَكَرَتْ عَذَابَ الْقَبْرِ فَقَالَتْ لَهَا اَعَاذَكِ اللّٰهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فَسَاَلَتْ عَائِشَةُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فَقَالَ نَعَمْ عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ قَالَتْ عَائِشَةُ فَمَا رَءَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدُ صَلّٰى صَلٰوةً اِلَّا تَعَوَّذُ بَاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ. (صحیح بخاری وصحیح مسلم)

اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک یہودی عورت ان کے پاس آئی اور عذابِ قبر کا اس نے ذکر کیا۔ اس نے حضرت عائشہؓ کو کہا اللہ تجھے قبر کے عذاب سے بچائے۔ عائشہؓ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عذابِ قبر کے متعلق دریافت کیا تو آپؐ نے فرمایا: ''ہاں قبر کا عذاب حق ہے''۔ حضرت عائشہؓ کا بیان ہے کہ اس کے بعد میں نے نہیں دیکھا کہ آپؐ نے کبھی کوئی نماز پڑھی ہو مگر اس میں عذابِ قبر سے اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگتے تھے۔

١١٠

تلہِ چُھے زِبس تےَ پیٹھِ چُھکھ نژان

وَنتہِ مالہِ ووندِ کتھِ پژان چُھے

عذابِ قبرس کونہِ چُھکھ کھوژان

ونتہِ مالہِ اَن کتھِ روژان چُھے

غفلت اور مستی میں تو جس زمین پر عیش وعشرت اور رقص کی محفل جمانے میں مصروف ہے۔ اسی زمین کے نیچے ایک گہری کھائی بھی ہے۔ یہ ایک خطرناک صورت حال ہے۔ تیرا دل اس پر کس طرح اور کیسے مطمئن ہے؟

تو قبر کے ہولناک عذاب سے کیوں نہیں ڈرتا۔ میں حیران ہوں کہ تجھے کھانا کیسے ہضم ہوتا ہے؟

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

۱۱۱

کینڑن قبر چھے پوش زَن شیرے

کینڑن قبر چھے سیاہ چاہ

کینہہ گئے صاحبہ سبزے ویرے

کینہہ گئے زیرے اکہِ گُمراہ

❁❁❁

جو اللہ تعالیٰ کی بندگی خلوص ومحبت کے ساتھ بجالاتے ہیں۔ اُن کے لئے قبر ایسی ہی ہے جیسے کہ اُن کے سَروں پر پھولوں کی مالائیں سجائی ہوئی ہیں۔

کچھ لوگوں کی قبر ایک تنگ وتاریک چاہ (کنواں) جیسی ہے۔ کچھ لوگ اللہ کی محبت میں سرشار ہوکر کامیاب ہوگئے ہیں جبکہ کچھ لوگ اپنے نفسِ امّارہ اور ابلیس کے ایک اشارے سے گم راہ ہوگئے۔

۱۱۲

نکیر تے منکر ہمن پڑھُن تو

خودالیس تے رسولسؐ لئے کر تو

نیزہ تے گورزہمن ریز کرُن تو

ہوُن چھُے دَپان وَو با وَو

❁❁❁

قبر میں دفن ہوتے ہی نکیر اور منکر نامی دو فرشتے تم سے سوال کرینگے کہ کیا تو نے اللہ اور رسولؐ سے اپنے ایمان اور عمل سے اپنی محبت کا مظاہرہ کیا تھا؟

تیری خاموشی پر وہ اللہ کے حکم کے مطابق تم پر اپنے غیض وغضب کے ساتھ نیزوں اور گرزوں سے تیری تکا بوٹی کریں گے۔

کُتا بھونکتے ہوئے تجھے آگاہی دیتا ہے کہ اس دنیا کی کھیتی میں اعمالِ صالحہ کی بُوائی کرتے رہو!

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

١١٣

نکیر تۂ منکر حسابس وَسن
پربَتھ ڑَسن تھنڈۂ ہیبتۂ ءستی
بگرِ پٹھۂ ییٚله کفن کاسن
سرف تۂ گُنسے وسنۂ ءستی

❁❁❁

اے میری جان! قبر میں جب نکیر اور منکر نامی دو فرشتے تم سے تمہارے کئے ہوئے اعمال، دین اور ایمان کے بارے میں پوچھ تاچھ کرنے کے لئے اُترینگے۔ اُن کے خوف سے پہاڑ بھی زمین میں دھنس جاتے ہیں۔ جب وہ تیرے چہرے سے کفن ہٹائینگے۔ اُس وقت کیا کروگے؟ اگر تیرے اعمال خراب اور ایمان کھوٹا ہو تو پھر سانپ اور اژدہے بھی تیری قبر میں اُترینگے۔

١١٤

دَپھتۂ کیٹاه چُھے قَبرِ وِبتُرن
ییٚتِۂ ءتر تۂ وُشُن واو لوۂ
بیٚیہِ کیٚمی تۂ أژدر زَرُن
ہے زوُو ! مرُن موٹھےُ کوۂ

❁❁❁

اے میری جان! ذرا بتاؤ کہ قبر کی ہولناکی، عذاب اور قہر سے بچاؤ کے لئے تم نے کیا انتظام کر رکھا ہے۔ عذاب قبر میں شامل زمہریر کی سردی، جھلسا دینے والی گرمی اور پانی بھی ہوسکتا ہے،
وہاں پر عذاب دینے والے کیڑے اور اژدہا جیسے خطرناک ساتھی ہونگے۔
افسوس! نیک اعمال کی انجام دہی سے غافل اے میری جان!
تم موت جیسی اٹل حقیقت کو کیوں بھول گئی؟

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

قبر آو، راوی چیر دِتھ ونہِ یو
یور کیُت کینوھا اوٗن تھو
توِ کی ہاَبتِہِ تتہِ ماز چھنہِ یو
ہوُن چھے دیان وَو با وَو

❁❁❁

ہاں اے غفلت میں پڑے مست مسلمان!

قبر تجھے کس کے پکڑ کر پوچھے گی کہ یہاں کے لئے کون سا عمل (نیک یا بد) ساتھ لائے ہو۔ اُس ہولناک پوچھ تاچھ کے منظر کے ڈر سے تیرے جسم کا گوشت چھن چھن کے اُتر جائے گا۔

کتا بھونکتے ہوئے تم سے گویا کہہ رہا ہے کہ اس دنیا کی کھیتی میں نیکی اور اعمالِ صالحہ کے بیج بوتے جاؤ۔

چھے میٖہِ تَل وُسن کیاہ چھکھ چھِوان
کتھ کرِ لرَتھ وودگنہ لرَے
پتہِ بروُنٹھ پیٖنے حساب ہِوان
تتہِ جواب دِکھ کمیو تھرَے[۱]
دُنی تیٖچ دولت خوش چھے یوان
اَسہِ گژھے پھرِتھ ووُنی نکس پھرِے

❁❁❁

میرے پیارے! تُو زمین پر کیوں اکڑتا، اِتراتا ہے کل اسی زمین کے نیچے تجھے (مرنے کے بعد) اُترنا ہے۔ یہ بڑی بڑی عمارتیں تو نے کس لئے تعمیر کرائیں۔

تیرے اگلے پچھلے اعمال یعنی نیک و بد کاموں کا تجھ سے حساب لیا جائے گا۔ وہاں کون سی طاقت سے تو جواب دے سکے گا جب تم پر لرزہ طاری ہوگا۔

تو دنیا کی دولت پا کر مسرور اور خوش ہو یاد رکھو! یہ آنی جانی چیز ہے اور دغاباز ہے۔ یہ ہمیں بھی فریب دے گئی اور اسی طرح ہر کسی کو فریب دے گی۔

۱: تھر: ہمت، طاقت، پُشت، کمر ۲: تھر: لرزہ

(۱۱۷)

قبرِ تنگی، تاریکی تہٕ گٔژے
دوبرِتھ میٚو ، میٚو وٹہٕ نےٚ
نکیرٕ و منکر وسنے تڑٹےٚ
کھوپرس موے وال تام وٹہ نےٚ
نماز پرتو توٕ تمہ ژھٹےٚ
سُتم پٕتم گوناہ کھٹہٕ نےٚ

اے میری جان! یہ حقیقت اچھی طرح سے جان لے کہ تیرے مرنے کے بعد تجھے ایک تنگ وتاریک قبر میں دفن کرکے تیرے اوپر منوں مٹی ڈالی جائے گی۔ تیرے دین اور ایمان کا پہلا امتحان لینے کے لئے تیری قبر میں نکیر اور منکر نامی فرشتے اللہ کے حکم سے قہر بن کر اُتر ینگے۔ خوف سے تیرے سر کے بال تک جھڑ جائینگے۔

ہاں تیرے لئے نجات کا راستہ صرف نماز ہے۔ نماز پورے خشوع و خضوع سے پابندی کے ساتھ ادا کرتے رہو۔ تیرے سارے اگلے پچھلے گناہ اور قصور یہی نمازیں نہ صرف معاف کروائینگی بلکہ نارِ جہنم کے تھپیڑوں سے بھی تجھے بچائینگی۔

(۱۱۸)

کأڈی بُتھہِ وسنم نأل ییٚلہ ولنم
گرٕ شنم عملہ پرٕژھی پرٕژھی ناو
ژھوٹہِ تہٕ گٹہِ تتہِ آژدر وسنم
کوسہٕ میأنی عمل تہٕ کیاہ میون ناو

ہائے افسوس اور پشیمانی! ایک وقت آئے گا جب مرنے کے بعد میرے جسم کو قبر میں اُتارا جائے گا۔ نکیر و منکر (دو فرشتے) وہاں پر ایک ایک عمل کے بارے میں مجھ سے پوچھ تاچھ کرینگے۔ اپنی تہی مائگی پر میں بہت پشیمان ہوں۔ ہائے اس چھوٹی سی تنگ وتاریک قبر میں اگر اژدہے مجھے ڈسیں گے تو میں کیا کروں؟

میرے پاس کوئی قابلِ ذکر عمل نہیں ہے۔ میرا نام آور ہونا کسی کام کا نہیں رہے گا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

يس اوڙ يمُن يار وَسي
تس ہے عالم تہِ وَد لَسي مو
يُس بُتله ڈاين گزن تَل ڙَسي
سوے نبي تہِ آسہِ تہِ کھسي مو

جس کے سرہانے پر موت کا فرشتہ آدھمکا، یعنی جو مر گیا۔ اگر سارا عالم اس کے مرنے پر آہ وزاری کرے وہ موت سے تو نہیں بچ سکتا۔

جس انسان کو ڈھائی گز زمین کے نیچے (قبر میں) دفنایا گیا۔ اگر وہ کوئی نبی بھی ہوگا وہ قبر سے واپس نہیں نکل سکتا۔

حضرت محمدؐ حقہِ سُند پیورو
دَمہ دَمہِ جبریلؑ یار تَس
تِمو ییٚلہِ سکھر ئُر ییتہِ تورو
ونتہِ بابہِ دُنٔی یاہ سَارِ گَس

اللہ تعالیٰ موت اور زندگی دونوں کا خالق ہے۔ کائنات کے ساتھ اس میں شامل ہر چیز کے لئے موت مقرر ہے۔ جو کوئی ذی روح پیدا کیا گیا ہے اُسے موت کا مزہ چکھنا ہے۔ كُلُّ شَيٍ هَالِكٌ اِلاَّ وَجْهَهٗ اللہ تعالیٰ کے بغیر سب کے لئے فنا ہے۔ پس موت ایک اٹل حقیقت ہے۔

اللہ کے آخری پیغمبر حضرت محمدؐ اللہ کے محبوب تھے اور دنیوی زندگی میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی (قرآن) لے کر حضرت جبرئیلؑ اُن کی خدمت میں اکثر و بیشتر حاضر ہوتے تھے لیکن دنیا سے آخرت کو سدھارنے کی تیاری کے لئے جب انہوں نے کوئی انتظار نہیں کیا تو اُسی سے جان لینا چاہئے کہ دنیا کسی کی وفادار نہیں۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۲۱

یَتھ شو بِلس پانس مار تتہِ ڈَسن

یم بأژ تہٕ پوٕتھرُ نا وسنۍ ٕستی

گُنز سےٕ ژٕنس چُھم تتہِ آوسن

لَسن پاے ہٕتہٕ مُرکٕ سےٕ ٕستی

میری جان! اگر تیرے اعمال بُرے اور ایمان کھوٹا ثابت ہوا، اگر تم نے کسی بھی کام اور امر کی بجا آوری میں اللہ کے بغیر کسی سے مدد مانگی ہو یعنی کسی زندہ یا مردہ شخص کو اللہ تعالیٰ کا شریک ٹھہرایا ہو تو یاد رکھ وہاں قبر میں تجھے سانپ اور اژدہے ڈسنے کے لئے آئینگے اور تیرے گھر کے لوگ اور بیٹے تیرے ساتھ قبر میں نہیں اُتریں گے۔ تجھے اکیلا ہی وہاں سب کچھ سہنا ہے۔ بہتر یہی ہے کہ ابھی تیری زندگی ہے۔ عذابِ قبر سے بچنے اور قیامت میں نجات پانے کے لئے ابھی سے اپنے آپ کو نیک اعمال اور درست ایمان حاصل ہونے کا انتظام کر لے اور قبر کے عذاب سے اپنے بچنے کا سامان اپنے مردہ جسم کے ساتھ ہی لے لے۔

۱۲۲

تتہِ کیاہ کرو ژھٹہِ تہٕ گٹےِ

یئتہِ لأو وأنج پھٹہِ ہو

چیٖرٕ یئیلہ نالہِ متہِ قبر تَتہِ رٹےِ

مارَن تتہِ کانٛہہ رَٹہِ مو

عمر گراں مایہ لہو ولعب اور عیش وعشرت میں ضائع کرنے کے بعد اب یہ احساس جاگ گیا ہے کہ مرنے کے بعد زمین میں دفن ہو جاتے ہی وہاں اُس تنگی اور تاریکی میں ہم کیا کریں گے جہاں خوف ودہشت سے کلیجہ پھٹ جائے گا۔

جب قبر چاروں اطراف سے ہمیں اپنی سخت گرفت میں لے لے گی اور نکیر ومنکر (ہماری بداعمالی کی سزا دہی کے لئے) ہمیں مارتے رہینگے۔ وہاں کوئی بھی بیچ بچاؤ کرنے والا نہیں ہوگا۔

Scanned with OKEN Scanner

قیامت

روزِ حساب

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرمانِ باری تعالیٰ جل شانہٗ

فَإِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ٥ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ ٥
وَأُمِّهٖ وَأَبِيهِ ٥ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيهِ ٥ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ
يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُّغْنِيهِ ٥ (عبس: ۳۳۔۳۷)

آخر جب وہ کان پھاڑنے والی آواز آہی جائے گی، (اس وقت اس ناشکری کی حقیقت پتہ چل جائے گی) یہ اُس دن ہوگا جب انسان اپنے بھائی سے بھی بھاگے گا اور اپنے ماں باپ سے بھی، اور اپنے بیوی بچوں سے بھی، (کیونکہ) ان میں سے ہر ایک کو اُس دن اپنی ایسی فکر پڑی ہوگی کہ اُسے دوسروں کا ہوش نہیں ہوگا۔

❁❁❁

(۱۲۳)

زیٹھے ماسہِ بُسُر پیپی کندے
پُپس وندس بِکرو ژبتھا کر
آسُن گوڑھی ربتہِ کیو وَنڈے
پانژوَے نمازِ گُریندے کر
مال مولگی تتہِ گُنہ گِربنڈے
تورِ چی مالہِ فکراہ کر

❁❁❁

اے غافل انسان! تو جیٹھ (گرمی کے موسم) کے مہینے میں غفلت کی نیند میں کیوں پڑا رہا۔ اب بھی موقع ہے تو آنے والے شدید ترین سرد موسم (آخرت) کی کوئی فکر اور تیاری تو کر کے رکھ۔

ہر موسم (گرما اور سرما۔ دنیا اور آخرت) کے لئے تجھے سامان (اعمالِ صالحہ) کی ضرورت ہے۔ اس کے لئے پانچ وقت کی نماز کو ادا کرنا ضروری ہے۔ آخرت میں دنیا کا مال ومتاع تیرے کُچھ کام نہیں آئے گا۔ تجھے تو آخرت کی ہی فکر کرنی چاہیئے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

اَنِد کم وُچھن بَنِد کم آسن
قیاٗمژ احوال ہےَ کیٗاہ آسے
تارِ کم ترَنَ تہٕ نارِ کم لَسن
رحمتہٕ بُرٕ تِس ہیمتھاہ آسِے
دوزُخن بےَ چُھ عامن تہٕ خاصن
قیاٗمژ تامتھ سُے ہو آسے

❀❀❀

وہ خوش بخت بندے کون ہونگے جو اپنا انجام اچھا دیکھیں گے۔

قیامت کے دن کسی کو معلوم نہیں ہے کہ کیا اور کیسا ہوگا۔ وہ کتنے خوش قسمت لوگ ہونگے جو پلِ صراط سے کامیابی سے پار اُترینگے اور جو آگ (جہنم) کے عذاب سے محفوظ رہینگے۔ دوزخ کا خوف تو ہر خاص وعام کو ہے۔

لیکن اس ہولناک عالم میں اُس سراپا رحمت والے شافعِ محشرؐ کی ہمت مومن گناہ گاروں کے لئے ایک مضبوط اُمید ہوگی۔ قیامت تک وہی اللہ کا آخری نبی، رسول اور رحمۃ للعالمینؐ ہے۔

تَتہٕ کیاہ کرکھ روٗزِ محشرس
یِیتہٕ خاصن تہٕ عامن آسہ تلواس
مول پکَزِ نہ گوٚبرس تمہِ گٹہٕ کارَے
صبر روزِ نہٕ صاٗبرن تم تہٕ کھمن ترٲس

❀❀❀

اے میری جانِ عزیز!

وہاں قیامت کے دن تمہاری کیا حالت ہوگی جہاں عام اور خاص لوگوں کو دل کا دھڑ کا لگا ہوا ہوگا۔ جہاں اللہ تعالیٰ کے سامنے ہر ایک انسان سے اس کے اعمال کا حساب لیا جائے گا۔ وہاں پر نفسانفسی کا عالم ہوگا۔ باپ اپنے بیٹے کی کوئی بھی مدد نہیں کرے گا اور وہاں ایسا خوف ودہشت، پشیمانی اور پریشانی کا عالم ہوگا کہ بے انتہا صبر کرنے والوں سے بھی صبر کا دامن چھوٹ جائے گا اور وہ بھی ڈر کے مارے سہم جائینگے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۱۲۶)

یمہِ دوہہِ صاحب تُڑی دوزخ
تمہِ دوہہ تولَن پُن تےَ پاپ
وارِ یوّد گُلرُمک معنے بوزَکھ
یےَتہِ کیو تتہِ اِدِ آسکھ صاف

میرے عزیز ! قیامت کے دن جب اللہ تعالیٰ خود انصاف اور عدالت کی کرسی پر ہوگا۔ اس روز اچھے اور بُرے اعمال کو تولا جائے گا۔ نیکو کاروں کے لئے جنت ہوگی اور بدکاروں اور نافرمانوں کے لئے جہنم کو بھڑکایا جائے گا۔

اگر تم کلمۂ شہادت کو غور وفکر سے سمجھو گے ۔ یعنی اللہ کو وحدہٗ لاشریک، حاضر وناظر، حی وقیوم اور قادر وتوانا، بلند وبرتر تسلیم کرکے اس پر صدق دلی سے ایمان لاؤ گے اور نبی برحق حضرت محمدؐ کو اللہ کا بندہ اور آخری رسول تسلیم کرکے اُس کی مکمل اطاعت کروگے تو تیرے لئے خوش خبری ہے کہ تم اس دنیا میں اور آخرت میں بھی گناہوں سے پاک وصاف ہوگے اور تجھے قیامت کے دن بھی سرخروئی ہوگی۔

(۱۲۷)

تتہِ کیاہ کری مول تےَ ماُجی
یےتہِ روزُن کدُاُجی پیے
دَیہِ کاستم شِرکچِہِ زاُجی
اَرزِ میتکُ باجُتے ستی توت پیے

اے میری جان ! قبر کی تنگ وتاریک کوٹھری میں تجھے اکیلے ہی رہنا پڑے گا وہاں پر تیرا باپ اور تیری ماں کوئی بھی مدد نہیں کرسکتے۔

اے میرے مولا! شرک کے جتنے بھی جالے ہیں وہ اپنی عنایت اور فضل وکرم سے میری آنکھوں، دل اور دماغ سے ہٹادے۔

قیامت کے دن صرف اپنے کئے ہوئے اعمال ہی ساتھ ہونگے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۲۸

بروٗنٹھ ییٚلہ تراونے پاپٕنز ٲسۍ
تَتہِ کتھٕ پوٗشکھ وَدنس تہٕ رِوٗنَس
کٔرِتھ گوناہ ؤندِتھ ٲسۍ
یٚژھکھ وُسن تَل زٔمینس

❀❀❀

قیامت کے روز جب جزا وسزا کے لئے عدالت قائم ہوگی اور تیرے سامنے دنیا میں کئے ہوئے تیرے گناہوں کا دفتر کھول کے رکھا جائے گا۔

تُو خواہشاتِ نفس کا غلام بن کر بڑے بڑے گناہوں کو مچھر جیسا حقیر جان کر خوشی سے انجام دیتا رہا۔

اب تم کتنی ہی آہ وزاری کرو اور آنسو بہاؤ۔ سب بے سود ہوگا۔ تم اب شرم کے مارے زمین میں دفن ہونے کو ترجیح دو گے۔

۱۲۹

تَتہِ نُندبن تہٕ ڈیٖٹھن ژارَن
زانہہ لگنہٕ نہوُن شرعک سوٚتھوُ
دِن نُندِبن جنت تہٕ ڈیٖٹھبن مارَن
نزگ چھُ گونہگارن رِتوُ

❀❀❀

میرے عزیز! شریعتِ الٰہی کے نہی واوامر کے اَحکام سے کھلواڑ اور بے اعتنائی کرنا، اُن کا مذاق اُڑانا۔ اپنے قول وعمل سے اُن کا انکار کرنا کسی بھی صورت میں جائز نہیں ہے۔ ایسی حرکت نہیں کرنی چاہیئے۔ ہمیشہ پیشِ نظر یہ حقیقت رکھنی چاہیئے کہ آخرت میں حساب کے وقت نیکوکاروں اور بدکاروں کو الگ الگ رکھا جائے گا اور نیکوکاروں کو اعمالِ صالحہ کی جزا جنت کی صورت میں عطا کی جائے گی جبکہ بدکاروں اور شریعت مخالف لوگوں کو سخت سزا کے ساتھ ساتھ جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۳۰

پیٖتہِ رِتمِن رِتمِن بیوٚن ژارَن
تھَرِ چھٕم لگہِ ما گونہگارن سٕتیٖ
پُلِ صراطس تارِ کتھٕ تارن
وومید چھم ژوٚن یارن سٕتیٖ

اے اللہ مجھ پر رحم کرنا!

قیامت کے دن بندوں کے اعمال کی جانچ کرتے ہوئے جب نیک بندوں کو اپنے نیک اعمال کی وجہ امتیاز کے ساتھ الگ رکھا جائے گا۔ وہ منظر یاد کرتے ہوئے میں لرزہ براندام ہو جاتا ہوں۔ اس خوف سے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ مجھے گناہ گاروں کے ساتھ رکھا جائے۔ اپنے توشۂ آخرت کی کم مائیگی مجھے ستاتی ہے۔ پلِ صراط کو میں کیسے پار کر سکوں گا لیکن رحمان و رحیم اللہ سے یہی اُمید ہے کہ وہ مجھے وہاں نبی برحقؐ کے چار یاروں کے ساتھ پلِ صراط پار کرائے گا کیونکہ اپنی ساری زندگی میں میں نے انہی پانچوں کی پیروی کی ہے۔

۱۳۱

تتہِ کُس داری تھَر با
یتہِ ہَبا کر تل پٔنے ہٕی
مرنے بروٚنٹھے مربا
اِدِ مُرتھ مرتبہ بوٚ ہٕی

اے میری جانِ وجود! وہاں (محشر کے ہولناک عالم میں) تمہارا مددگار، سہارا اور پشتی بان کون ہوگا جہاں عدل وانصاف کی عدالت میں اعمال کے تولنے کا انتظام ہوگا اور ہر ایک انسان کی سخت پرُسش ہوگی۔

تجھے مرنے سے پہلے ہی مرنے کا انتظام کرنا چاہئے یعنی مکمل طور پر اللہ کی اطاعت اور اطاعتِ رسولِؐ برحق انجام دے کر رحمت ونجات اُخروی حاصل کرنی چاہئے۔ اُسی صورت میں مرنے کے بعد تیرا مرتبہ (شہیدوں اور صالحین جیسا) عظیم ہوگا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۳۲

ٻُڏي ڳُنڍي وَڻ ڪيڪر مورے

اُڍِ گرڻھ زورَن تفاوت

تہِ تہِ موکلن يَمن جواب فورے

تہِ چھے ہارن تہ موہرن تفاوت

کیکر کی مضبوط ٹہنی (انسان کے مضبوط جسم) سے جب بڑے بڑے کانٹے (جسم کے زور، توانائی، اعضاء کی طاقتیں) کمزور ہوتے ہوتے ختم ہو جائیں گے تو پھر ساری طاقت اور زوروں میں بہت فرق (کمی) آئے گا۔

وہاں قیامت کے دن اللہ جل جلالہٗ کی عدالت میں وہی بری ہو جائینگے جو صحیح اور درست جواب دے سکیں گے۔ وہ تو عدل و انصاف کی عدالت ہے، وہاں (کوڑی اور سونے کی اشرفی) کھرا اور کھوٹا الگ الگ قیمت رکھتا ہے۔

۱۳۳

پاپ تہ پُن تتہِ ہِہن تولہِ نو

بایو تتہِ ڳُئے پاے کرئی تو

لگہِ ووُہر کنہِ گرڻھِ ووچھوَ نو

ہوُن چھی دپان وَو با وَو

وہاں قیامت کے دِن گناہوں اور نیکیوں کو تولا جائے گا۔ اُسی حال کو نظر میں رکھ اپنی نجات کا انتظام کرو۔ کیا معلوم کہ تمہارے نیک اعمال کا پلڑا بھاری ہوگا کہ کم نکلے گا۔

سنو بھونکتے وقت کتا 'وَو، وَوا[1]' کی آواز نکالتے ہوئے تجھے خبردار کرتا ہے کہ اسی دنیا میں نیک اعمال کی بوائی کرتے رہو تا کہ آخرت میں نجات پاؤ گے۔

[1] وَو، وَو (بُوائی کر، بُوائی کر)

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۱۳۴)

تتہِ ییلہِ دفتر ہمن وَر ژُنو
اُسَر اَءتری پنڑ گس کھٹو
شُنڑ تو گُنڑ ہے چُھو پیتہِ رُنو ۔
ہوُن چُھے دَیان وَو با وَو

جب قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی عدالت میں ہمارے اعمال کا دفتر کھول دیا جائے گا تو ہم اپنے کئے ہوئے بڑے کام اور کرتوت کس سے چھپا کے رکھیں گے۔

اے غافلو! سن لو وہاں اپنی اپنی کرنی الگ الگ بھگتنی پڑے گی۔ کتا بھونکتے وقت 'وَوَوَ' (بووو بووو) کہہ کر ہمیں خبردار کرتا ہے کہ دنیا کھیتی ہے اس میں اعمالِ صالحہ کے بیج بوتے رہو تو وہاں، آخرت میں نیک بدلہ پاؤ گے۔

اعمالِ صالحہ

جدوجہد، صالحین

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرمودات باری تعالیٰ جل شانہٗ

☆ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ○ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ○ (الزلزال:۷۔۸)

چنانچہ جس نے ذرّہ برابر کوئی اچھائی کی ہوگی، وہ اُسے دیکھے گا اور جس نے ذرّہ برابر کوئی برائی کی ہوگی، وہ اُسے دیکھے گا۔

☆ وَأَنْ لَّيْسَ لِلْإِنْسَانِ إِلَّا مَا سَعٰى○ (النجم:۳۹)

اور یہ کہ انسان کو خود اپنی کوشش کے سوا کسی اور چیز کا (بدلہ لینے کا) حق نہیں پہنچتا۔

❁❁❁

(۱۳۵)

ہا ہے، ہانگہٖ نار زَن وَزن
گنبد نہٖ وزان وَن وَن کتھ؟
سو زۄن اَکی اشارٕ بوزَن
کو زۄن نہٖ بوزان دَمامہٖ ہتھ

❁❁❁

نانوائیوں کے کام آنے والی مضبوط ریشم کے دھاگے سے بنی ہوئی بڑے سائز کی چھنی کے معمولی ہلانے سے آگ تو شعلوں میں بدل جاتی ہے لیکن گنبد جیسا سنگین دل والا جاہل نہیں سنے گا اُسے بار بار کہنے سے کیا ہوگا۔

نیک اور صالح فطرت انسان ایک ہی اشارے (کلمۂ توحید) سے حقیقتِ حق کی تہہ تک پہنچ پاتا ہے لیکن جاہل (مشرک و کافر) بدفطرت اور مردہ دل آدمی حق کی بات ڈنکا اور ڈھول بجا کر بھی نہیں سنتا ہے۔

''ہا'' پھونک چھنی کے ہلا کر ہوا پیدا کرنے سے

ہانگ: پہلے نانوائی لوگ اسی سے آٹا چھانتے تھے اور کبھی کبھی اسی ہانگ سے تنور کی آگ کو تیز کرتے اور بھڑکاتے تھے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۳۶

آدنۂ یہ کرکھ تِی اِؤ تگّی
آدنۂ یہ کرکھ تۂ لگّی ءِستی
یم پھٹلی ووَکھ چھیتی کیو زُگی
تم تنۂ اُخرتس لونکھ ءِکتی
گیہہ بل تراُوتھ ویہہ بل لگی
نُند تۂ ڈِٹھ عمل چھےَ پانس ءِستی

میرے عزیز! اپنی جوانی کے آغاز میں شعور پیدا ہوتے ہی جس کام کے کرنے کی عادت ڈالو گے اُسی میں ماہر بنو گے۔ نیکی اور نیک کام کرو گے تو نیک ہی بنو گے۔ اعمالِ صالحہ جو تم جوانی سے انجام دیتے رہو گے وہ تمہارے ساتھ رہینگے۔

دنیا کی کھیتی میں جس قسم کے بیج بوؤ گے (سفید اور سرخ: اعمال صالحہ یا بُرے کام) اُن ہی بیجوں سے پیدا ہوئی فصل تم آخرت میں کاٹ لو گے۔

یہ گھر بار چھوڑ کر تُجھے غم واندوہ کی جگہ (یعنی قبر) پر جانا ہے۔

تیرے اچھے اور بُرے اعمال تیرے ساتھ ہی ہونگے۔

۱۳۷

یۂ ووَکھ سوشتۂ تۂ تی لونکھ ہَردی
وَندس کرِہس عاُش تۂ تمتاہ
ہا پہلوانو! ہاؤ پنۂ مردی
دَمۂ دَمۂ کر ساُ ذکرِ اللہ

بُوائی (بہار) کے موسم میں تم اچھے بیج بوؤ گے، کٹائی (خزاں) کے موسم میں اُس کی فصل کاٹو گے اور پھر سردیوں میں (آخرت میں) اس سے تمتع حاصل کر کے (جنت میں) عیش کرو گے۔

یعنی اس دنیا میں اعمالِ صالح کے بیج بو کر آخرت میں اس کی نیک جزا پا کر جنت میں دائمی عیش کے حقدار بنو گے۔

اے بہادر مومن! رب کی رضا کے حصول کے لئے اعمالِ صالحہ کی عمل آوری میں کوشش کرنے کے ساتھ ساتھ ہر وقت اللہ کی یاد اور ذکر کرتے رہو۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(١٣٨)

کڑے تے کارُن چُھے رُت کرُن
رحمتہ ودل بخشی جنّتھ
نُندیو پَنہٕ نُے مولا سرُن
پینتہِ کیو تتہِ چھےَ تُھنزے سَتھ

اگر تم اعمالِ صالحہ انجام دیتے رہو گے تو جو کچھ غلطیاں نادانستہ طور پر تم سے ہوئی ہوں۔ رحمت والا اللہ انہیں معاف فرمائے گا۔

اے محمد (نورالدین) تم فقط اپنے مولا سے لو لگاؤ۔ دنیا اور آخرت میں ہمیں صرف اُسی سے اُمید ہے۔

(١٣٩)

سونتہ یَم جَاھن تہ لاگنےَ کرَن
تِم سوکھ بَرن تہِ وِندے
یِم تہِ خوداے تہ رسولؐ سرَن
تِم سمَسارس زبن تہ کندے

بہار کے موسم (دنیاوی زندگی) میں جو لوگ زمین میں بیج کی بوائی کر کے پھر فصل کی نرائی اور سینچائی کرتے ہیں (یعنی اعمال صالحہ انجام دیتے ہیں) وہی لوگ آنے والے خطرناک برفانی موسم (آخرت) میں آرام سے اپنی محنت کا پھل پائینگے۔ یہی اللہ اور اُس کے رسولؐ کا فرمان اور فیصلہ ہے۔ جو لوگ اللہ اور رسولِ برحقؐ کی اطاعت دل کی خوشی سے انجام نہیں دیتے ہیں۔ اُن کا اس دنیا میں زندہ رہنا فضول اور بے کار ہے۔

زندگی بے بندگی (رب) شرمندگی ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

آنگنٕ ناد کران چھُو ہوٗنو
بایِو کیٛاہ چھُ ونان شُنٕز تُو
تیٚمی یُتھ ووٗو تٕمی تیٚتھ لوٗنو
ہوٗن چھُے دپان وَو با وَو

تمہارے مکان کے صحن میں کتا زور زور سے "وَووَو" کر کے تم لوگوں کی توجہ چاہتا ہے ۔ میرے بھائیو ۔ ! ذرا سُن تو لو کہ کیا بات ہے؟

ارے وہ تو کہتا ہے کہ جو جیسا پھل بوئے گا وہ ویسا ہی آخرت میں پائے گا۔ اے لوگو تم نیکی کا پھل بوتے رہو، بوتے رہو۔

کڑے یُس کرِ سٕہ نو زانہہ تھکی
شرع پکی پألِتھ تہٕ کتھ
شوٗب تس آسی یُس سیٚز وتہِ پکی
لوب تہٕ طمع گالِتھ تہٕ کتھ

قرآن وسُنّت کے مطابق جو اپنی زندگی کے دنیاوی اور اُخروی کام روبہ عمل لاتا رہے گا۔ وہ کبھی تساہل اور تھکاوٹ محسوس نہیں کرے گا۔ وہ شریعت کے احکام پر دل وجان سے عمل پیرا ہوگا۔

یادرکھ! جو صراطِ مستقیم پر گامزن رہ کر رضائے الٰہی کا طالب ہوگا اور نفسانی خواہشات اور لالچ کو ختم کرے گا۔ دنیا اور آخرت میں وہی سرخ رُو اور شان والا ہوگا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۱۴۲)

رزق چھے برؤنہہ برؤنہہ موت پتۂ پتۓ
دُنی یاہ چُھے سفرُک اَتۂ گتھ
سرتن مولا گار تہنزِہ وتےَ
ستۓ نِکھ نیک یا بد ارزتھ

تیرے پیدا ہونے سے پہلے ہی تیری رزق مقرر ہو چکی ہے لیکن یاد رکھ اس کے بعد موت بھی ہے اور دنیا سفر کا آنا جانا ہے۔ اپنے مولا سے لو لگا لو اور اُس کے بتائے ہوئے راستے پر چلو۔ تم اپنے ساتھ بُری یا اچھی کمائی ہی لے سکتے ہو۔

(۱۴۳)

کنڈیو مرگہٖ گُربن کھسکھ
کند وَسکھ نَدِ ناوے
کاٗلی سَنگرُک شہین زن ژَسکھ
اِد مائز للکھ ترٖ تاوِے

اے میرے وجود!

تیری دنیاوی زندگی کا وقت بہت ہی مختصر ہے۔ اس قلیل وقت میں بندے کو چاہیے کہ وہ اللہ کی عبادت کرے لیکن تم پر غفلت کی مستی چھائی ہوئی ہے۔ تم اس قلیل متاعِ دنیا پر مغرور ہو کر کس اور کن کے لئے موت کے گھوڑوں پر سوار ہو جاؤ گے اور کیوں دریا کی طغیانی (دنیا پرستی) میں اپنی کشتی ڈالو گے۔

یاد رکھ! جلد ہی تم پہاڑ کی چوٹی پر جمع شدہ برف کی طرح پگھل جاؤ گے اور برف کا تودہ ہوتے ہوئے بھی سورج (جہنم) کی تپتی ہوئی دھوپ (آگ) کا عذاب سہو گے۔

Scanned with OKEN Scanner

(۱۴۴)

کندیو ماڑکھ لُکہ ہندِس حقس
منافقس بار لدَنے بورو
دوزخنہِ نارِ لاگنَس پاکس
اِدِ ناپاکس پھکھ پیہِ ژؤپورو

ظاہر میں امانت دار اور نیکوکار بن کر لوگوں کا حق کیوں مارتے ہو؟ یہ تو صریحاً منافقت ہے۔ تیرا عمل تیرے کردار کے خلاف ہے۔
جہنم کی آگ میں تجھے پکایا جائے گا۔ اور تم کو اپنے ناپاک وجود کی بدبو ہر طرف سے محسوس ہوگی۔

(۱۴۵)

یوّد مُڈِ نیرے کو پتۂ پھیرے
سُہ ویرِ منگے ٹِنگو کاٹھ
وُڈُے کھنڈِ نَل[۱] ژاُپتھ چیرے
خشخشس[۲] وَس کھیٌیہ سُے گو ژاٹھ

اسلام کی روح یعنی توحید اور شریعتِ نبویؐ سے بے خبر اور جاہل لوگ اپنی زندگی لہو ولعب اور آوارہ گردی میں گنوا دیتے ہیں۔ ایسے لوگوں کی مثال بید کے درخت سے ناشپاتی کے درخت کی سوکھی ہوئی شاخیں مانگنے کے مترادف ہے یعنی ایسا شخص شرک کی مختلف اور عجیب وغریب صورتوں کو توحید اور کفریہ معتقدات کو عینِ اسلام جان کر انجام دیتا ہے لیکن عقلمند (مومن ومُوحِد) گنے جیسی سخت چیز کو چبا کر اُس سے مِٹھاس اور خشخاش کے حقیر دانے سے بھی تیل نکال کر اُسے استعمال کرتا ہے۔ یعنی دنیا کی سختیاں اور محنت ومشقت برداشت کرتے

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

ہوئے دینِ برحق کو اپنا کر نجاتِ اُخروی کا حقدار بن جاتا ہے۔

---

۱ : کھنڈزر، یا کھنڈزل: گنا

۲ : میرے اندازے کے مطابق یہ لفظ ''خردل'' ہونا چاہیئے مطلب رائی کا دانہ جس سے کھانے کا تیل نکالا جاتا ہے۔ اب کشمیری زبان میں یہ لفظ بُرے معنی رکھتا ہے اس لئے خشخاش کا لفظ یہاں رکھ دیا گیا ہے۔ اکثر دوستوں نے ''خرخش'' کا لفظ برت لیا ہے۔ یہ لفظ اصل میں ''خرکھوش'' ہے جو دال اور خشک چیزوں (مثلاً کشمش، املی، بادام، اخروٹ) کے سڑنے سے پیدا ہوتا ہے۔ وہ تو سڑی ہوئی چیز کی سڑن ہوتی ہے اس سے کیا نکلے گا؟

(۱۴۶)

پانَے پانَس پاپ نیۆارے
یُس نُندہٕ سٔنزُن دۆپ ہےٚ یِیَے
دوٕیہِ وَستہٕ چُھے اپور ترُن
اکھ کارَ نہٕ تہٕ بێیہ کرٕے یِیَے

جو نُند سنز (شیخ نورالدینؒ) کا کہنا حرزِ جاں بنائے گا وہ خود ہی اپنے آپ کو گناہوں سے باز اور دور رکھ کر جہنم کی آگ سے بچا سکتا ہے۔

دو طریقوں سے تم پُل صراط پار کر سکو گے۔ ایک مقصد کو جاننے سے۔ دوسرا، اس مقصد کو عملی جامہ پہنانے سے (مقصد ہے اللہ کی رضا جوئی اور یہ مقصد اعمالِ صالحہ سے حاصل ہوگا)۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

١٤٧

ہوٗل نےٗ گنڈی زے کاًم کِتھِ نیرے
لوٗب نے آسہِ تِہِ ووٗن گَتہِ پیئےٗ
چھوٗد نے آسہ تِہِ مأل کیاہ پھیرے
یوِر نےَ کرئی زے تورِ کِیاہ پیئے

اگر ہم مکمل تیاری اور مضبوط ارادے کے ساتھ کام کے لئے (خصوصاً اعمالِ صالحہ کے لئے جن میں روز وشب کے سب ہی فرض شدہ ضروری اور عام کام شامل ہیں) کمربستہ نہ ہو جائیں تو پھر کام کیسے تکمیل تک پہنچ سکتے ہیں۔ اگر شوق اور محبت نہ ہو تو انسان اپنے معبودِ حقیقی کے ساتھ ساتھ اپنی آل اولاد، عزیز اقارب اور ہم جنس (نوعِ انسانی) کو کیسے پہچان سکتا ہے، اور کیسے محبت کر سکتا ہے اور اگر خورد ونوش کے لئے (حق کو جاننے اور اس پر عمل پیرا ہونے کے لئے) زبردست بھوک اور اشتہا (بے انتہا طلب اور چاہت) نہ ہو تو ان چیزوں کی طرف انسان کی رغبت کیسے پیدا ہو جائے گی۔ اگر ہم اپنی طرف سے کام (اعمالِ صالحہ) انجام نہ دینگے تو دوسری (اللہ کی) طرف سے ہمیں کیا مل سکتا ہے (فَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ)۔
(یاد رکھ! بد یا نیک عمل کا کوئی بھی ذرہ ضائع نہیں ہوگا)۔

١٤٨

کر تو کڑے تِہ بیٗہہ تو پٗنجے
مُرکھو بوز تو ڈہلی ژنجہ دِتھ
عاشقو پُل ہوٗر تِہ پوتوٗ گنجے
یاوٗن مُڈس ژوٗل رنجہ وتھ

ارے نادان! ڈنکے کی چوٹ پہ یہ بات سُن لے۔ اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے اچھے، صالح اور نیک کام انجام دیتے رہو۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بڑا ہی رتبہ پاؤ گے۔

جو (مومن لوگ) راہِ حق میں کامل اطاعت شعاری کے ساتھ پوری تیاری کرتے رہے وہی کامیابی وکامرانی پا گئے لیکن جاہل نادان سمجھتا نہیں، یہاں تک کہ اس کی جوانی (بدعملی کی وجہ سے) اُسے رنج وغم اور آخرت کے نقصان میں مبتلا کر کے چلی جاتی ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۴۹

کأنسہِ نہ کُنہ تہٕ کانٛہہ وَژُن ژھۄنڈُم
ژۄمہٕ رِوٕ ہانکلہِ گۄنڈُم سٕہہ
نفس تہٕ شیطان ژھلہٕ پأٹھی گۄنڈُم
گۄنڈُم ہۄل تہٕ کربم سٕوہ

اللہ تعالیٰ کے بغیر میں نے کسی سے کوئی مدد اور استعانت نہ مانگی اور نہ کبھی تلاش کی۔ میں نے شیر جیسے طاقتور (نفس امّارہ) کو لوہے کی زنجیر میں مضبوطی کے ساتھ باندھ کے رکھا اور پھر کمرِ ہمت کس کے میں اللہ کی عبادت میں اطمینان کے ساتھ دن رات مشغول رہا۔

۱۵۰

سیۆد یَم ژبتھ تھوَن پژاوَن یارس
نارس سلر دوہے ژھٕنن تہٕ
سۄیم کرن جھکھن روزگارس
تم سمسارس سورگس زنتہٕ

جنہوں نے اپنی عقل اور فکر کو راہ راست پہ رکھا اور جو خواہشاتِ نفسانی کی آگ کو اپنے اعمالِ صالحہ اور پرہیزگاری کے پانی سے روز بجھاتے رہیں گے وہی لوگ اپنے حقیقی دوست اللہ تعالیٰ کو حاصل کر سکیں گے۔

جو لوگ رہبانیت اور ترکِ دنیا سے منہ موڑ کر اللہ کی بندگی اور اطاعت انجام دیتے ہوئے اپنی زندگی کے لئے روزی روٹی حلال طریقے سے کمائیں گے وہ لوگ اس دنیا میں بھی جنت ہی محسوس کریں گے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۱۵۱)

تگہِ یٔیے تۂ بوچھِ بُڑن وِزِے
مَنس گرِیٔشہ زبن کیا چھے ذات
ثواب ساسۂ گوٚن پرٚ آوی زِے
یوٚد بایہ نُند کرَکھ راوی نۂ ذات

میرے بھائی ! اگر تم سے ہو سکے (کوشش تو ضرور کرنی چاہئے) تو ہر قسم کی بھوک کو (غیر ضروری خورد ونوش، دولت اور مالِ دنیا کی جمع آوری، شہوت، اقتدار اور نام ونمود اور اس کی نمائش کی بھوک کو فاقوں (روزوں) اعمالِ صالحہ، توبہ وانابت اور خود احتسابی (کی آنچ) سے تپاتے اور بُھنتے رہو اور اپنی ذات اور نفس کا عرفان حاصل کرلو تو اُس سے تم اپنے خالق کو پہچان سکو گے۔ نیکی کرتے رہو وہ کبھی بھی ضائع نہیں ہوگی۔ دنیا میں دس گُنا اور آخرت میں ہزار گنا ثواب کماؤ گے۔

(۱۵۲)

پھوٚل ہےَ ووکھ داہ پھُلی بوٚوَن
دولت بر تل ووبری نۂ زانٚہہ
خوداٗے دیُتنے خرچنس کیوٚتن
نیکی کرکھ راوی نہ زانٚہہ

دنیا دارُ العمل اور آخرت کی کھیتی ہے۔ کھیتی محنت سے ہوتی ہے۔ اگر تم ایک دانہ بوؤ گے تو اُس سے دس دانے پیدا ہونگے۔ اعمال صالحہ بھی بیج کی طرح ہیں انہیں جو انسان دنیا کی کھیتی میں بوتا ہے۔ وہ آخرت میں بہت بڑا معاوضہ پائے گا۔ محنت ومشقت کے بغیر کسی بھی قسم کی دولت تیرے دروازے کی زمین سے اچانک نہیں اُبھر سکتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے تم کو صحت اور دنیاوی دولت سے نوازا ہے۔ اُسے اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اعمال صالحہ انجام دیتے جا۔ نیک اعمال ضائع نہیں ہوتے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۵۳

دُوی تڑاو تۂ مو لاگ چڑندۂ
ئلی ئلی مو پگھ، پگھ سبزِ وَتی
پاڑن یِنڈۂبن یُس ڈِیہِ ننبۂ
تمی انڈ دیُت تۂ ادہ سُہ متی

شرک اور مشرکانہ طور طریقے اور توہم پرستانہ اعتقادات چھوڑ دو۔ حیوان کی طرح ادھر اُدھر بھٹکنا چھوڑ دو۔ ٹیڑھے میڑھے یعنی کفروشرک اور بدعات وخرافات کے سب طور طریقوں کو چھوڑ کر توحید کا راستہ اختیار کرو۔

یاد رکھو! جس نے خشوع وخضوع اور ذوق وشوق کے ساتھ پانچ وقت کی نمازیں ادا کیں۔ اسی نے اللہ کی فرماں برداری کے فرض کو آخری دم تک اچھی طرح سے انجام دیا۔ وہ خوشی سے اگر جھوم اُٹھے تو یہ اُس کا حق ہے۔

۱۵۴

چھود یَس آسہِ لتس دود کیاہ کرے
ہوّد اَدِ نابد پھُہڑے قنْد
چھود یَس آسہِ لتس کینْہہ نبا کھرے
سِیّن اِدِ کائز پھیوٗر منٖ وِتھ ہَنْد

جسے شدید بھوک ہو وہ دودھ کا انتظار کیا کرے اُس کے لئے بغیر سالن کے بھتا۔ نبات اور بھتے کی کھرچن قند کے برابر ہے۔

جسے شدید بھوک (زبردست طلب) ہو اُسے کوئی چیز (کھانے کی) بری نہیں لگتی ہے۔ سالن چاہے تھوڑی سی کانجی میں ملی ہوئی کاسنی کا ساگ ہی کیوں نہ ہے۔ (جس کو اللہ اور اور اُس کے رسولؐ کی مکمل اطاعت مقصد ہو اور اُن کی رضا کی زبردست طلب اور آرزو ہو وہ کسی بھی مشکل اور سختی کو برداشت کرنے میں بھی بہت لذت اور اپنی زندگی کی کامیابی سمجھے گا)۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

١٥٥

گل تھأوِتھ روز تو بندو
اچھِ توٗ تیِی اکہِ لٹے
دل رئزھر تۂ مو لاگ چرندو
ہوٗل مو پگھ پگھ سبز وتے
یُٔس پاژن یندن دیہِ ننبدو
تمٔ ڈیؤٹھ لنٔد سُے تَس مٹے

اے اللہ کے بندے! اپنے دل کی گہرائیوں سے اللہ سے لو لگاؤ تو پھر ایک ہی جھپک میں تم اللہ کے ہو جاؤ گے۔

دل کو آلودگیوں سے پاک کر کے اُسی کے ہو جاؤ۔ جانوروں کی طرح ہر طرف مت بھٹکو۔ ٹیڑھے راستوں پر مت چلو۔ سیدھے راستے (صراطِ مستقیم) پر گامزن ہو جاؤ۔ جو پانچ وقت کی نمازیں خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کرنے میں ذوق وشوق کے ساتھ پہل کرتا ہے وہی تنہائی میں ذاتِ حق کا عرفان پاتا ہے اور وہی رب کا قریبی دوست ہے اور وہی اُس کی حفاظت میں ہے۔

١٥٦

کم سنۂ ننبدرِ تۂ کم سنا ڈِدی
کم سنۂ ڠبشہِ بوٗدی ہون
کم سنۂ لولہِ ٹُھندی ڈُدی
آسی ساس تۂ سپدٔ سون

کون ہیں وہ کم بخت جو غفلت کی نیند میں مست ہیں۔

کون ہیں وہ احمق اور عقل سے عاری لوگ جو دنیا کی آلودگیوں کی پستیوں میں گرے ہوئے ہیں؟

اور کون ہیں وہ نیک بخت عقلمند لوگ جو اللہ تعالیٰ کی رضا اور محبت میں اپنی زندگیاں قربان کرتے رہے۔ وہ لوگ گرد وغبار (بالکل معمولی آدمی) تھے لیکن اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، کبریائی اور عظمت پر غور وفکر کرتے کرتے ایمانِ محکم حاصل کر کے کُندن بن گئے (دنیا اور آخرت میں کامیاب ہو گئے)۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۱۵۷)

أندرِ خبر لیں وأٹِڑے رؤحس

تس دوزخہِ تلہِ کأسکھ ہٗرِڑے

تیمی دُؤند گؤنڈ بوچھ ننِدرِ تۃِ مؤہس

سُے بندہ ژاو ہٗہس ہٗرِڑے

جس صالح بندے کی روح کو عرفانِ نفس اور عرفانِ الٰہی سے آگاہی ہوئی اور وہ صراطِ مستقیم پر مضبوطی کے ساتھ قایم رہا اور جہنم سے نجات پا گیا اور جس نے غلط اور ناجایز خورد ونوش کی بھوک، خدا سے غافل کرنے والی نیند اور شہوات حیوانی کو شریعت ربانی کی حدود کا مضبوطی کے ساتھ پابند بنایا تو جان لو کہ اُسی بندہ مولا نے طاقت ورشیر یعنی نفس امارہ سے لڑ کر دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کی۔

(۱۵۸)

عاشق تِم ییم پاک رَچھن بَدن

لاشک حوٗرِ روزنکھ خدمُوِ ے

فکرِ تۃِ ووشو لبدربکھ بَدن

اِد ڈیشن موکلن صوٗرِڑ ے

جُنتس مثز تِم برؤنٹھے اَژن

ییم لولہِ تُہندِ رِوَن یٗژے

سچے عاشق (مومن) وہی لوگ ہیں جو اپنے وجود کو گناہوں سے بچا کے رکھیں گے۔ بے شک جنت میں حوریں اُن کی خدمت میں حاضر رہینگی۔ ان لوگوں (مومن) کا بدن۔ اللہ کی آیات میں غور وفکر کرتے کرتے اور اپنی کوتاہیوں پر افسوس کرتے ہوئے زرد ہو جائے گا۔ یعنی ہر حال میں اُن پر خوفِ خدا کا غلبہ ہوگا تب ہی وہ آخرت میں اپنی رہائی کی کوئی صورت دیکھ سکیں گے۔ جنت میں وہی پہلے داخل ہونگے جو اللہ تعالیٰ کی محبت میں (اپنی کوتاہیوں اور کمیوں کو دیکھ کر) عاجزی وانکساری کے ساتھ بہت روتے ہونگے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۵۹

کڑِیہ مُتّی یَم چلہٖ دَرن
یَم نفس گنڈن ڈٔندی
زہر کھبتھ تمے ہا وَرن
یَم اوٗہر کرن ہاکس تتہٕ ہندی

عاملین وکاملین جوفرض اورنفلی عبادات کے علاوہ اللہ تعالیٰ کا ذکرجلی وخفی کے لئے چلّہ کشی کرکے قربِ الٰہی کا شوق رکھتے ہیں اوراپنے نفس کوہرلحاظ سے حدوداللہ کا تابع بناتے ہیں۔ وہ دنیا کی لذّتوں پر فریفتہ نہیں ہوتے ہیں اورمعمولی ساگ پات پرزندگی بسرکرتے ہیں اور اس طرح سے نہ وہ بادشاہوں کے محتاج ہیں اورنہ دنیااوردنیاداروں کے۔ فقرواستغنا کواپنی روح وبدن پرنافذکرکے ہی وہ کسی بھی طرح کے جبروقہرسے خوف کھائے بغیراللہ کی توحیداوردینِ برحق کی تبلیغ کافریضہ قیدوبنداورمصائب اوراذیتوں کوسہتے ہوئے بھی انجام دیتے ہیں۔

صحبتِ صالحین

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت ابو ہریرہؓ اور ابو خلادؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

اِذَا رَأَيْتُمُ الْعَبْدَ يُعْطٰى زُهْدًا فِى الدُّنْيَا وَ قِلَّةَ مَنْطِقٍ فَاقْتَرِبُوْا مِنْهُ فَاِنَّهٗ يُلَقَّى الْحِكْمَةَ. (شعبۃ الایمان، بیہقی)

جب تُم کسی بندہ کو اس حال میں دیکھو کہ اُس کو زہد یعنی دنیا کی طرف سے بے رغبتی و بے رُخی اور کم سخنی (یعنی بے کار باتوں سے اپنی زبان کو محفوظ رکھنے کی عادت) اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی ہے تو اُس کے پاس اور اُس کی صحبت میں رہا کرو کیونکہ جس بندے کا یہ حال ہوتا ہے اُس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکمت کا القا ہوتا ہے۔

❁❁❁

۱۶۰

سُندرن سنتن سنڑ کران اُنسی زے
پڑزلکھ لگی شاہ وُ لگے کنڑ
ڈیٹھن سنتن سنڑ کران ڈُسی زے
اُڑی زِ نہ تمنن بانن منڑ

❁❁❁

میرے عزیز! دیندار، مُتقی اور مُوحد کی صحبت اختیار کر کے کامیاب زندگی گزارنے کا انتظام کرو۔ تیرا وجود اور ضمیر اس طرح صاف وشفاف اور نورانی اور پاک ہو جائے گا جیسے اوکھلی میں ''شاہ وُلگ'' دھان کی اعلیٰ قسم کوٹ کر چمک کے صاف وشفاف ہو کر اُس کی خوشبو اور بھی کِھل اُٹھے گی۔ بُرے (بے دین، مُشرک، بدعتی اور بدکردار) لوگوں کی صحبت سے پرہیز کرو اور اُن سے ڈرتے رہو۔ کالک لگے ہوئے برتنوں میں مت بیٹھو۔ صالح صحبت تُجھے صالح اور بُری صحبت تجھے بُرا ہی بنائے گی۔[ا]

ا صحبتِ صالح ترا، صالح کُند   صحبتِ طالح تُرا طالح کُند

(مولانا جلال الدین رومیؒ)

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۶۱

لوٗب تہٕ مُہہ مد اہنکار چھُے
دوزخن نار چھُے دِوان بڑاے
کرٛیہ کارَن تتہٕ اند آوار چھُے
ییٚتہٕ ویڑارس ییٚہیہ پانہٕ خودآے
حضرت محمدؐ ہوا دار چھُے
چندس دیار چھِی مو کر ضایے

تم دنیا پرستی، لالچ اور کبر وغرور کے نشے میں مست ہو گئے ہو۔ اِن بُرے اعمال کی پاداش میں جہنم کے شعلے تُجھے جلانے کے لئے بھڑک رہے ہیں۔ وہاں قیامت کے دن سب کے اعمال کا حساب لیا جائے گا جہاں محاسبے کی کرسی پر خود اللہ تعالیٰ ہوگا۔

ابھی بھی تمہاری جیب میں کچھ پونجی ہے یعنی زندگی اور وقت کی دولت۔ اُسے ضائع مت کر اور توبہ کر کے صراطِ مستقیم پر چل۔ رسول رحمتؐ تیرا خیر خواہ ہے گناہوں سے باز آ اور اُس کی شفاعت کا حقدار بن۔

۱۶۲

سوٗکھس مأل چھُی کھینس تہٕ چینس
ننبدرِ مأل چھُی اوخنن ستیٚ
رِیٚشن مأل چھُی واربن تہٕ وَنن
کلکوَن مأل چھُی پتھ کنبن ستیٚ

دولت، دنیاداری اور عیش وآرام کی زندگی، اچھے کھانے اور اچھے مشروب مانگتی ہے۔ مُلّا لوگوں کو مفت کی روزی روٹی اور حیوانوں کی طرح پیٹ بھر کر کھانے کی عادت ہے اسلئے وہ اکثر آرام اور نیند (نفس امارہ کے مُرید بنتے ہیں اور اللہ کی یاد اور اُس کے غضب سے غافل ہو کے) کو پسند کرتے ہیں۔

خدا کے نیک اور پرہیزگار بندے اپنے ساگ زاروں میں محنت ومشقت کر کے روزی روٹی کمانے اور تنہائیوں میں اللہ کے ذکر کا شوق اور رغبت رکھتے ہیں جس طرح چکور سنگلاخ چٹانوں پر اللہ کا ذکر اور حمد وثنا (اپنی بولی) میں کرنا پسند کرتے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

١٦٣

اندر نَے اُڑئی زِے توے مَارن

کامہِ کارن دیدار دِیئے

عاشق وُچھ مےٗ یورے لارن

معشوق پڑارن یور کر یئیے

اپنے من میں ڈوب کر زندگی کا سراغ یعنی عرفانِ نفس کی کوشش اگر نہیں کروگے تو اپنے رب کو نہیں پہچان پاؤ گے اور پھر اللہ کی سزا بھگتنی ہوگی۔ جو لوگ عرفانِ نفس کی کوشش کر کے رب کا عرفان پاتے ہیں انہی کو اللہ کا دیدار نصیب ہوگا جو حقیقی معنوں میں اللہ کی محبت میں سرشار ہیں وہ ہر لحظہ رب کے احکامات کی تعمیل کرتے ہوئے اس کی راہ میں ہر قربانی سہنے کے لئے شوق سے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی مقدس ذات اُن سے خوش اور راضی ہو کر انہیں اپنے دیدار سے مشرف فرمائے گی۔

١٦٤

سرِانا گُری زِے یتھنِہ کانّہہ ڈیشی

گیِانا ہ گُری زے گُپتھ پان

کریاہ گُری زِے یتھنِہ ذات مشی

مَشی تہِ نَشی پَٹن پان

ریاکاری اور دکھاوے سے بچتے ہوئے اپنے ظاہر کو پہلے صاف و پاک کر پھر معرفتِ ذات حق تعالیٰ اور معرفت نفس میں غور و فکر کرتے رہو۔

کوئی بھی نیک عمل کرتے کرتے اپنے خالق اور معبود کو اپنے درماندہ اور عاجز ترین بندہ ہونے کی حیثیت کو کبھی بھی فراموش نہ کرو اگر یہی حقیقت بھول جاؤ گے تو تم سرکش اور باغی بن جاؤ گے۔ اُس صورت میں تم اللہ کے غیض و غضب کا شکار ہو جاؤ گے۔

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

دوہس گذورُم نفلہٖ ہَتھاہ
راتس روٗدس زاگہٖ سیٚے
یوٚ دوے کربم قبوٗلیتھاہ
نتہٖ ہوٗن زن پھیوٗرُس آگہ سیٚے

اپنے گناہوں کی مغفرت اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے میں دن میں فرض نمازوں کے علاوہ نفل نماز کی لاتعداد رکعتیں ادا کرتا ہوں۔ اور پھر اس خوف سے کہ شاید کام انجام دیتے دیتے کتنی نامعلوم غلطیاں مجھ سے سرزد ہوئی ہوں اور دل میں کیا کیا خیال آتے رہے ہوں ان کی معافی مانگنے کے لئے میں رات بھر ذکر واذکار اور استغفار کرتے ہوئے بیدار رہا۔ اب یہ اُس کے فضل وکرم پر موقوف ہے۔ اگر وہ میری عبادت کو قبول فرمائے تو یہ اس کی عنایت ہوگی نہیں تو میری شب بیداری کُتے کے جاگتے رہنے کے برابر ہے۔

اولہٖ سَولہٖ یَڈاہ برے
أکی سےٖ پاُژھس مژ عمراہ کرے
دوہ راتھ لیزمی سان سرے
توٗت کوٗت نُندے مان کرے

جولوگ اللہ کے فضل وکرم سے صاحب ثروت ودولت بھی ہوں اور اقتدار کی کرسیوں پر بھی براجمان ہوں۔ وہ لوگ اگر تقویٰ شعاری اور قناعت اختیار کرتے ہوئے سیدھا سادھا رہن سہن اور معمولی کھانا پینا اپنی عادت بنائیں اور ایک ہی کُرتے میں (کم سے کم کپڑوں میں) عمر گزاریں اور شکر گزار رہتے ہوئے رات دن عاجزی اور انکساری کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی بندگی واطاعت بجالائیں۔

اے نُند (ریشی) اُن صالح لوگوں کے ساتھ پھر کون برابری کرسکتا ہے؟

Scanned with OKEN Scanner

۱٦۷

ناوِ وَسکھ کِنہٖ وو کھلی پلکھ
ڈُژیوٚت کرنہٖ لَسَگھ مو
یوٚ دوے اَکی وتہٖ محکم روزکھ
دوٗر پِنتھانن لوسَکھ مو
یام نہ ڈُنی پیچ زنجیر کاسَکھ
تام زو سوکھٖہٖ آسکھ مو

اے اپنے آپ کو مسلمان کہنے والے! تم اپنے منافقانہ اور دوغلے کردار کے باوجود اللہ کی رضا بھی چاہتے ہو اور شیطان کو بھی خوش رکھنا چاہتے ہو۔ اس لئے تم کشتی میں بھی اترنا اور کنارے کنارے پیدل بھی چلنا چاہتے ہو اور اس طرح دھوکہ دہی اور مکاری سے کامیاب زندگی نہیں گزار سکتے ہو۔ ہاں اگر تم صرف ایک راستے یعنی صراطِ مستقیم پر ایمان کی پختگی کے ساتھ مضبوطی سے گامزن رہو گے تو تُم پھر کبھی بُت پرستی اور کفر وشرک کی دوردراز راہوں میں پھنس کر گمراہ نہیں ہو جاؤ گے۔ جب تک تم نفسِ امارہ کی زنجیریں کاٹ کر نہیں رکھ دو گے تو تم روحانی لحاظ سے اللہ تعالیٰ اور اس کی رضا حاصل کرنے سے دور ہو کے کمزور ہوتے ہوتے فنا ہو جاؤ گے۔

۱٦۸

یَم گنِیانس میلتھ مُوہ مارن تتہٖ
تِم ژالن تتہٖ لاگن داس
سنزٕ یَم خوداُے گارَن تتہٖ
تِم ہبا سوزُے ویٛندن ساس

جن مومن بندوں کو اللہ کی معرفت عطا ہو جائے اور دنیا کے لالچ اور نفسِ امارہ کی خواہشوں کا قلع قمع کرنے میں کامیاب ہو جائیں۔ وہ اللہ کی طرف سے ہر آزمائش اور امتحان (تکالیف، اس کے دین کی ترویج وتبلیغ کی راہ کی سختیاں) برداشت کرینگے اور اللہ کا مکمل بندہ بن کر رہیں گے اور جو لوگ خلوصِ نیت کے ساتھ عملی طور پر اللہ کی رضا کے طالب ہوں گے وہ تمام دنیا اور دنیا کی دولت کو راکھ کے برابر جانیں گے۔ اُن کے لئے دنیا اپنے پورے کرّ وفر کے ساتھ بے حقیقت ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۶۹

ژؤک تہٖ مؤدُر تہٖ ٹیؤٹھ تہٖ زہر
خؤنِ جگر ییٚمی اوہرٖ کھیوو
ییٚمی یوت ہیٚرٖے ژبڈ تہٖ صبر
سُہ تَتھ شہرس گُرٖھتھ پیٚرٖو

جس مسلمان نے کھٹا (ترش) میٹھا اور زہر جیسا کڑوا اور اپنے جگر کا خون (یعنی توحید، اللہ تعالیٰ کی یکتائی اور کبریائی اور اُس کے دین کی تبلیغ اور اس کے لئے اپنی جدوجہد اور جہاد میں تمام تکالیف، ابتلاؤں اور مشکلات کو برداشت کرنا) خوشی کے ساتھ نوش کیا اور یہ کرتے کرتے جس نے جتنا زیادہ ہمت کے ساتھ نہایت حد تک صبر اختیار کیا۔ وہی اللہ کے شہر (جنت الفردوس) میں پہنچ پایا ہے۔

۱۷۰

نصر بابہ! جان پُژر جان آفریٖنَس
تَوٖ ءَستَ ژَرٖلی اُپنِس مَل
دوہ یوٚد کرٛاوکھ ودَنَس تہٖ رٖونس
حضرتؐ رَچھی اِدٖ سیٖنِس تَل

پیارے نصر بابا! جان (جسم کے ساتھ) اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی امانت ہے۔ اس کو اُس ذاتِ واحد کی مکمل اطاعت و فرماں برداری کے لئے اور اُس کی رضا حاصل کرنے کے لئے اسی کے حوالے کر۔ اُس سے تیرا دل صاف و پاک اور مُجلّا ہو جائے گا اور اس کی ساری کثافتیں دور ہونگی۔ اپنی کوتاہیوں، خطاؤں اور لغزشوں کو یاد کرتے ہوئے اللہ کے دربار میں روزانہ اشک باری کے ساتھ گڑگڑاتے ہوئے عفو و درگزر مانگتے رہو پھر تجھے آخرت میں حضرت محمد مصطفیٰؐ اپنے سینے سے لگا لینگے یعنی اپنے قریب رکھیں گے اور قیامت کے دن تیری شفاعت فرمائینگے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

نفسِ امّارہ

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرمانِ باری تعالیٰ جل شانہٗ

وَمَآ اُبَرِّیءُ نَفْسِیْ اِنَّ النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْءِ اِلَّا مَا
رَحِمَ رَبِّیْ اِنَّ رَبِّیْ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۝ (یوسف:۵۳)

اور میں یہ دعویٰ نہیں کرتا کہ میرا نفس پاک وصاف ہے واقعہ یہ ہے کہ نفس تو برائی کی تلقین کرتا ہی رہتا ہے۔ ہاں میرا رب رحم فرمادے تو بات اور ہے۔ بے شک میرا ربّ بخشنے والا، بڑا مہربان ہے۔

۱۷۱

نفسو! کامہِ کربتھ کمہِ زِشتہِ
وِچھنی دِڙا اُمے مِتری شہار
نفسو! زوگ ٿھم دشمن سِندِ نِشتہِ
ٻِيڙھے ڏُھنڏی ٿھم ٺِتری شہار
نفسو! چانہِ اتھِ کوتاہ پِشتہِ
نفسو! دوہے ڳِرتھ اتری کار

اے میرے نفس!

میں نے تجھے دوستی کے شہر (نجات کے راستہ) دکھائے تھے لیکن پھر بھی تو برے کام کرتا رہا۔ تو دشمن ((شیطان) سے زیادہ میرے ایمان کو توڑنے کی تاک میں رہا اور تو بڑی چاہت کے ساتھ دشمن کے شہروں (گناہوں کے راستوں میں) گھومتا بھٹکتا رہا۔

تو نے ہمیشہ ہی غلط کام کئے۔ ہائے افسوس! تیرے برے کاموں کی وجہ سے اب میں کتنا پچھتاؤں گا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۱۷۲)

نفو! ہر ننہِ ڑھلہِ چھکھ نِوان
کیاہ سنا کرکھ مرِٕنہِ گرے
وُسن چھے میٚو تل بگو چھُکھ چھوان
کتھ ۂکو لڑتھ ووگنہِ لرے
پتہٕ برۆنہہ پیٚئے حساب ہوان
جواب تتہِ دِکھ کمہِ بُترے

❀❀❀

اے صاحبِ نفس انسان!

تم اپنی جوانی پر اِترار ہے ہو اور ہرن کی طرح چوکڑیاں بھرتے ہوئے بے فکر پھر رہے ہو۔ اللہ تعالیٰ کو بھول گئے ہو۔ کیا کرو گے جب تیرے موت کی گھڑی آئے گی۔ خود تو مرنے کے بعد تمہیں زمین میں دفن ہونا ہے۔ یہ اونچی اونچی عمارتیں کس واسطے تعمیر کر ڈالی ہیں۔ تو نے حکمِ الٰہی کے خلاف بے انتہا دولت ضائع کر کے صرف اسراف کیا ہے۔ آخرت کی عدالت میں جب تمہارے اعمال کا تم سے حساب لیا جائے گا تو وہاں کس منہ سے جواب دو گے؟

(۱۷۳)

نفسی گٔرم اَدل تتہٕ وَدَل
نفسی گٔرم زَدَل ژھیٚے
نفسی پِرُوم کرٛے ییہٕ ہُند کدل
نفس میون دوزخس بدل آو

❀❀❀

مجھے میرے نفس امارہ یعنی نفسانی خواہشات نے برباد کر کے رکھ دیا ہے اس نفس امارہ کے ناجائز مطالبات کو پورا کرتے کرتے میرا حال گھاس پھوس کی اُس خستہ چھت کا سا بنا دیا جس میں ہر جگہ سے بارش کا پانی ٹپکتا اور رستا رہتا ہے۔

انہی نفسانی خواہشات نے سیلاب بن کر میرے جو کچھ بھی اچھے اعمال تھے اُن کا پل بہا کر تہس نہس کر کے رکھ دیا۔ افسوس ہے میرے لئے کہ میرا نفس ہی میرے لئے جہنم بن گیا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۱۷۴)

نفسی مورِس تۃٖ واے
أڑِتھ روڈُم گٹے
اَتھہِ ہَے پیہِ ہم تۃٖ ہاے
کر تل ڑھنہٖ ہس ہٹے

افسوس!

نفسِ لمّارہ نے مجھے کہیں کا نہ رکھا۔ اندھیرے میں میری روح وبدن میں گھس گیا۔ کاش یہ نفس (نفسِ امّارہ) میرے ہاتھ لگ جاتا تو اس کے گلے کو تلوار سے کاٹ کے رکھ دیتا۔

(۱۷۵)

نفسےَ مثِانہِ ہا ناٹہٖ یارو
وارٖ روٗد ہم نہ زانہہ
جگرس کرٖ ہے پارٖ پارو
گرٖگرٖ کوٗرتھ ڑوٗلہم نہٖ زانہہ

اے لذّتوں کے رسیا میرے نفس امارہ! تو کبھی سیدھا نہیں رہا۔ میرا بس چلتا تو تجھے ٹکڑے ٹکڑے کر کے رکھ دیتا۔ تو نے مجھے ہمیشہ گھر، اس کے جھمیلوں اور اس کیلئے مالِ دنیا جمع کرنے کی فکر میں لٹکا کے رکھا اور یوں مجھے اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل کر دیا۔ مجھے کبھی بھی تم سے نجات نہیں ملی۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۷۶

نفسے ‌ مَن ‌ مُوراوی
زیوٗڑھ ‌ تہٕ ‌ میوٗٹھ ‌ ییٚژھی
توَے ‌ اُلگ ‌ ہتہٕ ‌ پُلگ ‌ راوی
ووندٕ ‌ کینتھٕ ‌ مالہِ ‌ پَژی

نفس لمارہ تو خواہشات کا انبار ہے۔ یہ تو ہر غلط سلط خواہش کی انجام دہی پر تیرے دل کو مچلائے گا اور ہر وقت بظاہر میٹھے اور خوش آئند تقاضے کرتا رہے گا۔

اور اگر تم اس کے جال میں پھنس گئے تو جان لو کہ تیری دنیا بھی ضائع ہوگئی اور آخرت بھی۔

کیا تیرا دل ایسا چاہے گا۔

۱۷۷

نفس پتہٕ لگُن چھُے اُچھ منٛز سِرٛبن
گاشچ ووُمید بُرٕی زِنہٕ زانہہ
نفس پتہٕ لگُن چھُے آرٕ منٛزی پرُن
ہٕلس تہٕ مینٛڈِس کری واہ واہ

نفس امارہ کا پیچھے پڑنا آنکھ میں (قدیم کشمیری) شالی کے دانے کی نازک مگر تیز نکیلی[1] دُم کے گھسنے کی مانند ہے جس سے آنکھ شدید زخمی ہوتی ہے اور بصارت کی اُمید کم ہی رہتی ہے۔

نفسِ امارہ کا پیچھے پڑنا طوفانی دریا کے تیز بہاؤ کے ساتھ بہنا ہے جو بڑی بڑی چٹانوں اور درختوں کو توڑ پھوڑ کر کے بہا کے لے جاتا ہے۔ کسی بھی چیز کو اپنی اصلی صورت پر نہیں رکھتا ہے۔ ٹیڑھے میڑھے (یعنی نفس امارہ گمراہوں) سے خوش ہوتا ہے، انہیں شاباشی دیتا ہے۔

---

[1]: داں رکسر (بغیر کوٹی ہوئی شالی کی)۔ قدیم دور میں شالی اوکھلیوں میں تین بار کوٹی جاتی تھی، جس کو (۱) داں دل (۲) منز دل اور (۳) تو ملہ دل کہتے تھے۔ خالی بغیر کوٹی شالی سے رکسر نکلتی تھی۔ داں دل پر توہ اور منز دل اور تو ملہ دل پر کوم گایوں وغیرہ کے مہین بھوسہ چارہ، دُم والی کسر کو سِرٛبن کہتے ہیں۔

۱۷۸

نفس چھے وَنک اگہٖ مؤلۓ
نیٛربس نہ پُٹ کوٹ، منزوۓ
ییٛمی کڈٕتھ اوٕن تہٕ گجہ زوۓ
تٔمی شرعِ محمدؐ پوۓ

نفسِ امارہ کی مثال جنگلی درخت کی جڑ کے سخت مڑک دار اور ناہموار آتش پذیر کنُدے کی سی ہے جس سے نہ کڑی، نہ پھٹی اور نہ پنگوڑا بن سکتا ہے یعنی بالکل بے کار حصہ جو جلانے کے بغیر کوئی کام نہیں دے سکتا ہے۔

ہاں جس نے اس (مطلب نفسِ امارہ) کو جڑ سے اُکھاڑ کر چولہے میں جلایا اُسی نے حقیقت میں شرعِ محمدی ؐ کی پیروی کی۔

۱۷۹

وعدٕ یہٕ کوٚرُتھ تہٕ کر با
ژٕےٚ کربا ژٕیٚتس پٕےٚ ہِی
اتھٕ ژٕیٛنے ترٕوُتھ خربا
سأمٕژ کونگہِ وأرکھےٚ ہِی

اے غافل مسلمان!

تم نے عمر کا بہترین حصہ لہو لعب اور غفلت میں بسر کیا۔ تم نے روزِ ازل اپنے خالقِ حقیقی سے بلیٰ ضرور کہہ کر اُس کی مکمل اطاعت کا جو وعدہ کیا ہے وہ تجھے کب یاد آئے گا؟

تم پر افسوس ہے کہ تم نے اپنے نفسِ (امارہ) کے گدھے کو کھلا چھوڑ رکھا ہے۔ یہ تیرے زعفران کے کھیت (بہترین زندگی) کو کھا کے رکھ دے گا (ویران کر کے چھوڑ دے گا)۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

١٨٠

نفس موَ ڌِپھ بڌَے
نفس ءِ ستّ سودا چھُپے
نفس پنُّن، رٹُن حدے
نفس پریزنتھ خودا چھُپے

نفس بذلتہٖ بُرا نہیں ہے اور یہ انسان کی زندگی کا ایک لازمی جُز ہے لیکن اس کو حد میں رکھنا بہت ضروری ہے ورنہ یہ انسان کو بُری خواہشات اور بُرے کاموں کی عمل آوری پر اُکسا کر اس کی عاقبت خراب کردے گا۔

ہاں اگر انسان اپنی ذات کو پہچانے یعنی زندگی کی تخلیق اور اس کے اعلیٰ مقصد کو سمجھے اور پھر اس مقصد کے حصول کے بارے میں سعی و کوشش کرے تو یہ عمل اُسے خداشناسی تک ضرور پہنچائے گا۔

١٨١

وُدے اُستھ نیٚسر پےٚ یَم
نفس گُنہ قرار ہےٚ یم مو
حلال ترأوِتھ حرام کھیٚے یَم
درگاہ تی زانہہ ہےٚ یم مو

ہوشیار اور عقل مند ہوتے ہوئے بھی میں غفلت کی نیند کا شکار ہو کے غلط کام کرنے میں مست ہوگیا۔ اب نفسِ امارہ رُکنے والا نہیں ہے اور اس بے لگام کو راہ راست پہ لانا مشکل ہے۔
یہ نفسِ امارہ مجھے حلال اور جائز کو چھوڑ کر نا جائز کرنے اور حرام خوری پر اُکساتا ہے جو ایسا عمل اور سودا ہے جسے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کبھی بھی قبولیت نہیں مل سکتی ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۸۲

پتۂ پتۂ پوٗ کھُ نفسِ شیطانس
ہے کنڈِ پھوٗ رُکھ پأنِ پانسےٖ
زأنِ ڈبہٕ ہیتھ منز روبہٕ خانس
کھیٚنے کھیونکھ اما سنےٖ
زیٚن زن کأنِ ہو لاگنے دانس
ہے کند پھوٗ رُکھ پأنِ پانسےٖ

اے غافل مسلمان!

تم نے نفسِ لتارہ یعنی خواہشات دُنیاوی کی پیروی کرتے کرتے خود اپنے آپ کو دھوکہ دیا ہے۔ تم نے ہر طریقے سے مال و دولت جمع کی۔ عالیشان محل میں بیٹھ کر اچھے اچھے پکوان اور ضیافتیں کھا کھا کر اب تم موٹے ہو گئے ہو۔ تجھے اللہ کی یاد کبھی بھی نہیں آئی۔ اس طرح سے تو نے ساری زندگی غفلت میں گزاری۔ قیامت کے روز تیرے اس لحیم و شحیم جسم کو ایندھن کی طرح جہنم کی بھٹی میں جلایا جائے گا۔ افسوس! تم نے خود اپنے آپ کو فریب اور دھوکہ دیا۔

۱۸۳

نفسےٖ میون زَن ہوٗس تےَ
أمی ہٕسی گٔری نم کأتیاہ وَل
ساسہٕ منزٕ ہ اکھاہ لوٗس تےَ
نتہٕ ہیٚتھ أمی سأری تل
سِوی تٕسی ییمی کلہٕ دوٗگُس تےَ
کھسن دیٚزبس کرنہٕ ہُند پھل

میرا یہ نفسِ امارہ اڑیل ہاتھی جیسا ہے۔ اس نے مجھے پامال کرنے کیلئے کتنی ہی چالیں چلائیں اور زور آزمائی کی۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس نے مجھے اس نفس امّارہ کے شر سے محفوظ رکھا۔

اس نفس امّارہ کے شر سے خال خال ہی کوئی محفوظ رہا ہے۔ عموماً یہ سب کو دبا کے رکھتا ہے۔ لیکن اس نفس کے ہاتھی کو وہی صاحب سدھا کے سیدھی راہ پر چلاتا ہے جو وقفے وقفے سے اُن کے سر پر آنکس لگاتا ہے اور اسے اعمالِ صالحہ کا کھانا کھلاتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۱۸۴)

نفسی لوگم نارو کرِوڑُھے
دمہٖ دمہٖ مؤنگم کوڑُھے ہاے
سرِہن خودائے دوہ گوم اؤ ڑُھے
خودائے سرُن گوڑھُے ہاے
دُنِی یہس آیاس پاڑہ دوہ پوٗ ڑُھے
پوڑُھے روزُن گوڑُھے ہاے

❁❁❁

میرا نفسِ لوامہ آگ کی کرچھی بن چکا ہے جس میں ہر وقت نئی نئی گ کے انگارے بھرے رہتے ہیں اسی طرح یہ نفسِ لوامہ مجھ سے رشوت کا تقاضا کرتا ہے یعنی ھَلْ مِن مَّزِیْد (اور اضافہ کیجئے) کہہ کے مجھے دنیا کے غلط کاروبار میں پھنساتا رہتا ہے۔ اب میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنا چاہتا ہوں لیکن میرا دن چھوٹا ہو گیا جبکہ حقیقت میں رضائے الٰہی کو ہی حاصل کرنا چاہئے تھا۔

ہم اس دنیا میں چند روزہ مہمان بن کر آئے تھے (دنیا میں رہنے، بڑی بڑی عمارتیں بنانے، سامانِ عیش وعشرت جمع کرنے کے لئے نہیں آئے تھے) ہم پر جب یہ حقیقت کھل گئی کہ دنیا میں مہمان بن کر رہنا چاہئے تھا جبکہ عمر دنیا دنیا کرتے ختم ہونے کو ہے۔

(۱۸۵)

نفسے میانے! ژیرِیو اَگو
دِڑمے دَگو پھوٗلہم نہٖ زانہہ
مندنبن مُہتھ ژوٗلہم ٹھگو
ہا پتہٖ سگو ژوٗلہم نہ زانہہ

❁❁❁

اے میرے نفس امارہ! تو خوبانی کی سخت مضبوط لکڑی کا مڑک اور گانٹھ دار گندہ جیسا ہے۔ میں نے تجھے کتنی ہی بار بھنبھوڑا لیکن تو پھاڑا نہ جا سکا۔

تم ایسے دھوکہ باز ٹھگ ہو جس نے مجھے دن دھاڑے لوٹ لیا۔ تم پیچھا کرنے والا کتا ہو جو بھگانے سے بھی نہیں بھاگتا ہے۔

(۱۸۶)

نفسی کوڑس اُڑ اُئی

نفسی کوُرس پشیمان

نفس چُھے مدِ ہوّس ہانکل ژُئی

نفس تیمِر حدِ روٹ سہ ووت لامکان

لامتناہی خواہشات کا سلسلہ جسے نفسِ امارہ کہتے ہیں۔ اس نے مجھے ذلیل ورسوا کر کے رکھ دیا ہے اور اس کے کہنے پر عمل کرنے کے بعد اب میں پشیمان ہوں اور افسوس کرتا ہوں۔ یہ نفسِ امارہ جوبن پر آیا ہوا مست ہاتھی ہے۔ یہ ہر قسم کی حد بندی (زنجیر) کاٹ سکتا ہے۔ نفس انسان کو آوارہ، باغی اور سرکش بنا سکتا ہے۔ لیکن جس صاحبِ عزیمت انسان نے نفسِ امارہ کو شریعت حقہ کی حدود میں لا کر قابو میں رکھا وہی اللہ تعالیٰ کے ہاں معزز و مکرّم ہے اور وہی روحانیت کے اعلیٰ درجوں تک پہنچ جاتا ہے۔

(۱۸۷)

نفس چُھے ہٲگھر گنڈُن آلس تےَ

فاقچہِ رزِ مورِ بیم تس ہاو

توے سکھر کری آلس تےَ

یُس کرِ گونگُل سُے کرِ کرٚاو

نفسِ امارہ کو جو قدم قدم پر انسان کو غلط اور بُری خواہشات کی انجام دہی پر اُکساتا رہتا ہے۔ ایک طاقتور سانڈ سمجھو جسے ہل (یعنی شریعتِ حقہ کے امر و نہی کی حد بندی) میں باندھ کر اسے کبھی بھوکا رکھ کر، کبھی چھڑی دکھا کر سدِھانا چاہے۔ اُسی صورت میں یہ ہل سے زمین جوتنے کا کام انجام دے گا۔

(یعنی نفس امارہ کو پابند احکام و اوامر الٰہی بنانا چاہے جو شخص محنت سے کھیتی کرتا ہے وہی فصل بھی کاٹتا ہے)۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۸۸

نفسانیتھ چھے نقصان دینس
بۆ وی نہٕ توٕ زمینس پھل
نصرؔ بابہ! دَگہِ روز ہم قرینس
توٕ سمند دِنے زینس تل

نفسا نفسی یعنی صرف اپنی اپنی ذات کو مقصد ومحور بنانا یعنی جماعت ''اُمت محمدیؐ'' سے کٹ کر رہنا۔ اُمت میں اختلاف وانتشار کا سبب بن کر دینِ حق کے پھلنے پھولنے اور اشاعت کے لئے سمِ قاتل کے برابر ہے۔ یہ افتراق وانتشار دین کو نقصان پہنچاتا ہے۔ اس سے دینِ حق کی کھیتی بارآور نہیں ہوتی ہے۔

نصر بابا! اگر تم دینِ حق کی تبلیغ واشاعت میں میرے معاون رہو گے تو اس سے تمہیں (تبلیغِ دین کے لئے) زین کے ساتھ سمندِ ناز بھی عطا کیا جائے گا، یعنی ہر لحظ سے اللہ تیرا مددگار رہو گا۔

۱۸۹

بۆ چھے ژرِ تہٕ ژالِ نہٕ مُچھی
بۆ چھے لگان مچھے کان
بۆ چھے پَر تہٕ پان منڈٕ چھی
بۆ چھے کرٛاوِی پشیمان

بھوک لگنا تمام جاندار مخلوق کی جبلّت ہے۔ چاہے حقیر سی چیونٹی ہو یا چڑیا۔ مکھی ہو یا عظیم الجثہ جانور لیکن جہاں درندوں، چرندوں، پرندوں اور کیڑے مکوڑوں کے لئے اللہ تعالیٰ نے حصولِ رزق کے ذرائع ان کے مناسب حال مقرر اور بہم کر رکھے ہیں وہیں اللہ تعالیٰ نے انسان کو فہم و ادراک، زبان وعقل اور دانائی دے کر اشرف المخلوقات بنایا ہے اور اُسے اپنی بندگی اور دینِ حق کی پیروی کے ساتھ ساتھ جدوجہد اور حلال طریقوں سے اپنے اور اہل وعیال کے لئے رزق کمانے کا حکم بھی دیا ہے بصورتِ دیگر بھوک ہر کسی کو شرمندہ اور پشیمانی میں مبتلا کرتی ہے جیسا کہ بھکاریوں، چوروں اور ٹھگوں کا حال ہوتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

کوتاہیوں پر
ندامت کا
احساس

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرمانِ باری تعالیٰ جل شانہٗ

إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَأَصْلَحُوْا وَبَيَّنُوْا فَأُولٰٓئِكَ أَتُوْبُ عَلَيْهِمْ وَأَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ○ (البقرۃ:۱۶۰)

ہاں وہ لوگ جنھوں نے توبہ کرلی ہواور اپنی اصلاح کرلی ہواور (چھپائی ہوئی باتوں کو) کھول کھول کر بیان کردیا ہوتو میں ایسے لوگوں کی توبہ قبول کرلیتا ہوں اور میں توبہ قبول کرنے کا خوگر ہوں، بڑا رحمت والا۔

۱۹۰

وَنُن بیٚیہ سُند وۄیم نہٕ پٔژن راہ گوم
سیاہ گوم قلم لیٚکھتھ کتھ
وٕنتھ کس ہیکہٕ پرٛوُن توہ گوم
دُنٛی یِہٕنٛک موہ گوم ژٕلتھ کتھ

دوسرے کی پرخلوص اور بے لوث نصیحت میرے سر پھرے مزاج کو راس نہیں آئی۔ یہاں تک کہ اپنی بداعمالی کی وجہ سے میرا نامۂ اعمال سیاہ ہوتا رہا۔

دنیا پرستی اور دنیا کا لالچ مجھے تباہ و برباد کر کے اپنا کام انجام دے گیا۔ میں حیران و پریشان ہوں۔ کیا بتاؤں میرا حال تو دریا کے تیز بہاؤ والے پانی پہ تیرتے ہوئے بھوسے کا سا ہوگیا ہے (یعنی نوجوانی کا دور تیزی کے ساتھ لہو ولعب میں ضائع ہوگیا)۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۹۱

أچھَن وُنز کنن زَر پیۄم
زبأنۍ ور گوم دَپس کیاہ
دارِ سرایہ دودُر کر گوم
ہائیک در گوم لدس کیاہ

ہائے میری جان ! اب پچھتانے سے کیا حاصل ہوگا۔ میرے قوُیٰ مضمحل ہوگئے اور عناصر میں اعتدال ختم ہورہا ہے۔ آنکھوں کی روشنی دھندلا گئی اور کان بہرے ہوگئے ہیں۔ زبان بھی لڑکھڑانے لگی ہے۔ اس بُرے حال میں اللہ تعالیٰ کی کیا یاد، کونسی عبادت اور کیا ذکر کرسکتا ہوں۔ بوسیدہ اور کمزور لکڑی سے بنی یہ میری دنیا میں رہنے کی سرائے، میرے جسم کا انجر پنجر اب بوسیدہ ہوگیا ہے۔ خستگی سے اس کا توازن ہی بگڑ گیا ہے۔ اب اس پر (عبادت، ریاضت اور نیک اعمال کا) بوجھ میں کیسے لادسکونگا۔

دار سرائے: لکڑی سے بنی سرائے۔ گھر، کمزور گھر، جسم (عربی زبان میں دار بمعنی گھر بھی ہے۔ مطلب گھر یا سرایے (لیکن یہاں مطلب لکڑی ہی ہے) (دودُر: بوسیدہ ہونا) کر: مکان کی بنیاد اُٹھانے کے بعد چاروں طرف اس پر لکڑی کا کڑا جس پر اینٹوں سے دیواریں اُٹھاتے تھے جنوبی کشمیر کی زبان میں "کڈ"۔

ہائیک در: ترازو کے ایک پلڑے کا خالی یا کم وزن ہونے کی وجہ سے اوپر اُٹھنا مطلب توازن کا بگڑنا در: (گاؤں کا وڈ) وزن۔

۱۹۲

لاوِ میٚے داو ژھیٚنم موکھتہٕ ہارس
کارس گئیم تارَس وبتھ
کینٚہہ ژٕمی میٚژیِ تے کینٚہہ ژٕدی نارس
کٔتاہ زیوٚنُم سَمسارس زبتھ

میری زندگی کے (ماہ وسال اور سانسیں) نایاب موتیوں کا ہار تھا جس کا دھاگا میرے عنفوانِ شباب (لاوِ۔ لڑکپن میں) ہی کٹ گیا اور ہار (زندگی) کے سب موتی (ماہ وسال) بکھر کر کچھ تو پیوندِ خاک (دنیا کے ہنگاموں میں) ہوگئے اور کچھ آگ (آخرت میں جہنم) میں جل گئے۔ میرے کام کو دریا (پلِ صراط) سے پار لے جانے کی پلیا ہی (ٹوٹ کر) دریا میں بہہ گئی (میں اب کیسے پار جاسکوں گا (یعنی آغازِ شباب ہی سے میری زندگی لہو ولعب میں ضائع ہوئی۔ میں نے اعمالِ صالحہ کی صورت میں کچھ بھی نہیں کمایا جس سے میں آخرت میں پُلِ صراط کو پار کرلیتا)۔

لاوِ (جب میں اُٹھتا ہوا جوان تھا تازہ۔ یہ لفظ لاو نہیں ہوسکتا ہے کیونکہ دھاگا (چاہے ہار کا ہو یا کوئی اور دھاگا۔۔۔ یعنی "داو" پن داو) وہ لاو نہیں ہوتی ہیں۔ جوان، بھیڑ وغیرہ "لوو" ہوتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

١٩٣

شراؤن پُھلے سؤرم ہئیے
یاوڑی بُتھ کوّرنم دغا یہ
تاوَن پأوتھ ژؤلُم ما پیئے
یاؤن سور یوو تہ بُڈٹأیہ بابِیہ

میں ''ہی[۱]'' کا ایک خوبصورت پودا تھا۔ ساون کے مہینے میں ہی جب یہ کھلے ہوئے پھولوں سے لدا تھا۔ وہ سب مرجھا کے جھڑ گئے اور میری جوانی کے (معصوم اور ہمیشہ تازہ رہنے والے چہرے) نے مجھ سے دغا کی۔

میری جوانی مجھے مصیبت اور دکھ درد میں گرفتار کر کے چلی گئی۔ وہ واپس تو نہیں آسکتی ہے۔ ہاں جوانی کی آگ ہماری غفلت کی وجہ سے راکھ بن گئی۔ ارے بھائی ہم تو اب بوڑھے ہو گئے ہیں۔

[۱]: ''ہی'' کے پھول اندر کی طرف گہرے نیلے اور اوپر کی طرف سفیدی مائل نیلے ہوتے ہیں۔ یہ ایک چھوٹے سے قد کے پودے کی زمین دوز جڑوں کی گانٹھوں پر اُگتے ہیں اور دور دور تک بچھے ہوئے قالین کی طرح لگتے ہیں۔ پھول بہت خوشنما اور نازک ہوتے ہیں۔

١٩٤

زبتھ دُنی ہِیس حأصل کثیاہ کوّرُم
سرُن موّٹھ ہم ژِے خودایہ
لوُب تہٖ مُہہ مےٌ ہنِہ ہنِہ پھوّرم
یاؤن سوریوو تہٖ بُڈٹأیہ بَابیہ

اس دنیا میں آ کے میں نے کچھ حاصل نہیں کیا۔ اے میرے مولا! مجھے اب شرمندگی ہے کہ تیری بندگی (جیسا کہ بندگی کا حق ہے) کرنا میں بھول گیا۔

حرص و شہوت میرے انگ انگ کو لوٹ کر لے گئی ہے۔ اب افسوس کے بغیر میرے پاس رہا ہی کیا کیونکہ اب نوجوانی کا قیمتی دور ضائع ہو گیا اور اے میرے بھائی اب ہم بوڑھے ہو گئے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۱۹۵

آدنہٖ کڑے مِٹھُم نادانَس

گَن ما تھوُم گیٔانچہ گَتھے

تقصیر کوٗرُم نمازِ تہٖ سَرانَس

پأرَک زان رأوِم اِترَک وَتے

اب وقت گزرنے کے بعد مجھے بہت افسوس اور پچھتاوا ہے کہ جوانی لہو ولعب میں گنوا کر میں اعمالِ صالحہ کے انجام سے غافل رہا اور غفلت میں اتنا مست رہا کہ عرفانِ الٰہی کی باتوں (قرآن وحدیث) کی طرف میں نے دھیان ہی نہیں دیا۔

اپنی روح اور جسم کی صفائی اور نمازوں کے ادا کرنے میں میں نے بہت کوتا ہی اور غفلت کی اور بُرے راستے پر چلتے ہوئے حق کو پہچاننے کی میری صلاحیت بھی ختم ہوگئی۔

۱۹۶

سوٗندرِ مےٓ کامہٖ دِوُن چاو گوم

مُہتھ ٹھگ گوم وأژس کوٗتےُ

وُلگ بتَس گنہٖ تہٖ توہہ گوم

اوٗہرنس دوہ گوم وٗہرس یوُتےُ

مجھ خوبصورت سُندری کو اپنے محبوب کی محبت پر غرور اور گھمنڈ ہوا جبکہ اس پر انکساری کے ساتھ مجھے شکرگزار رہ کے اس نعمت کی حفاظت کرنا ضروری تھا۔ مگر افسوس شیطان نے مجھے بہکا کے ٹھگ لیا اور مجھے در ماندہ چھوڑ گیا۔

مجھے بہترین نعمت خوشبودار چاول ملے تھے مگر میں نے اُسے بھوسے اور ان کٹے دھان کے دانوں کے ساتھ پکایا جو خراب ہوگئے۔ اس نعمت کو دن میں ہی کھانا تھا لیکن خراب ہونے کی وجہ سے یہ دن سال بھر جیسا طویل ہوگیا۔

(عمر نیک کام کرنے کے لئے عطا ہوئی تھی۔ یہ گناہوں سے آلودہ ہوگئی اور نیکیاں ہم سے دور ہوتی گئیں)۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۱۹۷)

لوکچار راوُرم منز غفلتس
تمتع سٕے ژُلہ تیٚمی سُلہ ژیٖوٗن
بُڑِتھ شوٗب کیٛاہ عبادتس
وونٛی پیوم ژیٚتس گرٕیکہ وٕزِ نوٗن

❁❁❁

مجھے یہ بات پہلے سے ہی معلوم تھی کہ جو شخص پہلے ہی سے آخرت کی تیاری کرتا ہے وہ اپنے نیک اعمال کی جزا سے فیض یاب ہوا ہے لیکن اپنی عقل کی نارسائی سے میں نے اپنی عمر کے بہترین حصے کو غفلت میں ضائع کیا۔

بڑھاپے میں عبادت کیا ہو سکتی ہے۔ عبادت و ریاضت کی تمنا ہی ہو سکتی ہے کیونکہ طاقت مضمحل ہے اور عناصر میں بھی اعتدال نہیں رہا ہے۔ اب وقت گزرنے کے بعد میرا شوقِ عبادت جاگ اُٹھا۔

(۱۹۸)

شراوُن سوریو ہتہٕ کوٗستوٗر کلیوو
رنگہٕ بُلبُلس ہا گٔیم گلہِ زیو
سورٕ وُن یاوُن گٔنہ ہتی نہ بلیوو
نہ وٕلیس قند، نابد، نہ وٕلیس گیو

❁❁❁

زندگی کا شباب یعنی گرمی کا موسم (جب ہر چیز نشو ونما پا کے جوبن پر ہوتی ہے) غیر محسوس طور پر دھیرے دھیرے ختم ہوا اور کستور (ایک خوش آواز کالا پرندہ) بھی ہکلانے لگا اور مجھ رنگین بلبل کی زبان بھی حلق میں ہی اٹک کے رہ گئی۔ زندگی کے شباب کے دھیرے دھیرے ڈھلنے کا کوئی علاج نہیں ہے۔ اس کے ڈھلتے ہی من پسند نعمتیں مضر بن جاتی ہیں۔ بڑھاپے میں قند و نبات اور گھی جیسی چیزیں مزاج کے موافق نہیں پڑتی ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

(۱۹۹)

آدنہِ پھیؤرِس ڈُوربن ستہِ ڈارَن
عُمراہ گُیم خسارَن ءستی
وُدک کونہِ رودِس ژُونِوئی پہارَن
دو لبکھ ہنم ستارَن ءستی

جوانی کے بہترین اور قیمتی وقت میں ، میں کھیتوں اور میدانوں میں بے کار گھومتا رہا اور اس طرح سے عمر کا بہت سا حصہ خساروں اور نقصان میں بیت گیا۔

اب وقت گزرنے کے بعد مجھے اس بات کا افسوس ہے کہ میں پہلے ہی سے چاروں پہر اللہ کی یاد میں بیدار اور ہوشیار کیوں نہیں رہا۔ اگر ایسا کرتا تو شاید مجھے بھی نیک لوگوں کے ساتھ گنا جاتا۔

(۲۰۰)

ہاڑے ژَسَکھ ہا شینہِ ہُندریو
ماُئی زن وبگ لگھ تاپہِ کرژائے
پاُنو سَن تو اَژھ تو اُندرو
وُنہِ ہا سُل چھے سر، گرِ پَنہِ نو

اے دین و آخرت سے غافل وجود! دُنیا حاصل کر کے تُم بہت موٹے ہو گئے ہو، یاد رکھو! ہاڑھ (جہنم) کی ہولناک تپش سے گلیشیر (ہُندر) اور برف کے تودے کی طرح پگھل جاؤ گے۔ غور و فکر کر کے اپنے آپ کو پہچانو (کہ تم صرف ایک اللہ کے بندے ہو) ابھی دیر نہیں ہوئی اپنے گھر (اپنی آخرت) کی تعمیر میں لگ جاؤ۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

رہبانیت

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

فرمانِ باری تعالیٰ جل شانہٗ

وَرَهْبَانِيَّةَ ۨابْتَدَعُوهَا مَا كَتَبْنَاهَا عَلَيْهِمْ إِلَّا ابْتِغَآءَ
رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ رِعَايَتِهَا فَآتَيْنَا الَّذِيْنَ
آمَنُوا مِنْهُمْ أَجْرَهُمْ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فَاسِقُوْنَ ۝

(الحدید:۲۷)

اور جہاں تک رہبانیت کا تعلق ہے، وہ انھوں نے خود ایجاد کر لی تھی، ہم نے اُس کو ان کے ذمے واجب نہیں کیا تھا لیکن انھوں نے اللہ کی خوشنودی حاصل کرنی چاہی، پھر اُس کی ویسی رعایت نہ کر سکے جیسے اس کا حق تھا۔ غرض اُن میں سے جو ایمان لائے تھے، اُن کو ہم نے اُن کا اجر دیا، اور ان میں سے بہت لوگ نافرمان ہی رہے۔

❁❁❁

۲۰۱

نصر بابہ! جنگل کھسن گیم خامی
ئے دوپ یہ آسہ بڈ عبادت
وُچھم یہ اُس بڈ نادانی
سَرِ اُس کرِنی گُنی سنڑ کتھ

❁❁❁

پیارے نصر بابا[1]! غور سے سن لو اپنے ماں باپ اور اپنے اہل و عیال کو چھوڑ کر اور دنیا میں اپنی ذمہ داریوں سے منہ موڑ کر جنگلوں اور غاروں میں گوشہ نشین ہو کے رہنا میری بہت بڑی خامی اور غلطی تھی۔ میں اس غلط فہمی میں مبتلا تھا شاید یہی اللہ تعالیٰ کی اصل عبادت ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ سے ہدایت پاتے ہی بالآخر میں نے سمجھ لیا کہ ترکِ علائق و خلائق کر کے رہبانیت اختیار کرنا بڑی بے وقوفی ہے۔ بات تو صرف ایک اللہ (توحید کامل) کی سمجھنی تھی۔ سوائے انسان دنیا میں رہ کر احکامِ الٰہی بجالا کر ہی حاصل کر سکتا ہے۔

[1] نصر بابا حضرت شیخ کے خاص شاگرد اور خلیفہ تھے -

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

گرِ گرٲکس تاج لاگنس سرس
گرِ کوٗر رسوٗلؐ خوداین آو ہرس ٹوٹھو
گرِ گرائھ گور چھے بأژن تہٕ گرس
گرِ گراکھ نو سمسارس روٹھو

گھر گرہستی کی زندگی احکام الٰہی کے تحت گزارنا ایک مومن کے لئے ضروری ہے۔ نبی برحقؐ نے فرمایا کہ ''نکاح میری سنّت ہے جو اس سے منہ موڑے گا وہ میرا نہیں ہے'' خود آنحضورؐ نے گھر بسایا ہے۔ نکاح کئے اور بچوں کی پرورش کی اور اللہ کے محبوب بن گئے۔ جو قرآن سنت کے مطابق اپنا گھر بساتا ہے وہ عزت کے قابل ہے۔ گھر کا سربراہ اپنے اہل وعیال کا مُربّی اور رہبر ہوتا ہے، وہ دنیا سے بیزار نہیں ہوتا ہے۔ نہ بن باس لیتا ہے نہ غار نشین بنتا ہے۔ وہ جدوجہد کر کے حلال روزی کماتا ہے اور اپنے اہل وعیال کو پالتا ہے۔

گرِ کرُن چھُے ہیوٚت تہٕ دِتوٗ
گرِ کرُن چھُے وُڑِتھ کاے
گرِ روٗس چھُے چھوٚن تہٕ چھوٚتوٗ
یمو نہ گرِ ہیوٚت تِم کنڈِ زاے

گھر بسانا اوراس کی ذمہ داریاں جائز طریقوں سے انجام دینا اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔ یہ انسانی سماج کی صحت، زندگی اور بقا کے لئے اولیّن ضرورت ہے۔ گھر بسانے کے لئے نکاح اور دیگر سماجی اور اقتصادی لین دین بھی ضروری ہیں۔ گھر بسانا نہ صرف سکون وآرام کی ضمانت دیتا ہے بلکہ یہ پناہ گاہ بھی ہے اور پردہ پوش بھی۔ گھر صبر باہمی محبت وشفقت، مُروت و ہمدردی کے علاوہ ایک دوسرے کے ساتھ عزت کرنے کا سبق بھی دیتا ہے

گھر گرہستی کی زندگی کے بغیر انسان ہر لحاظ سے نامکمل بے اعتبار اور بھکاری کی طرح ہرجائی بھی ہوتا ہے۔ جو لوگ گھر کی ذمہ داریوں سے ڈر کر یا تارکِ دُنیا بن کر گھر گرہستی سے کنارہ کش ہو جاتے ہیں۔ ان کا پیدا ہونا بے مقصد ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

(۲۰۴)

وَنن پُنڑی تۃِ واندر آسن
گگر گوپھن برن واس
یَم پاڑن وقتن وونڈس مَل کاسن
نِشہ آسن بأڑن تھے چھِ خاص

ترکِ علائق وخلائق کر کے رہبانیت اور بن باس اپنا کے غاروں اور گپھاؤں میں اپنے آپ کو اذیت اور بے مقصد مشقت میں ڈالنا۔ اللہ تعالیٰ کے دین یعنی اسلام کی رُو سے بالکل غلط، بے ہودہ اور غیر انسانی فعل ہے۔ جنگلوں میں بندر اور چھوٹے بوزنہ جیسے جانور رہتے ہیں اور بلوں اور غاروں میں چھوٹے بڑے چوہے اور نیولے رہتے ہیں۔ اسلام میں رہبانیت (ترکِ دنیا) کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اس کے برعکس جو پانچ وقت کی نماز خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کر کے اپنے دل سے شرک و نفاق دور کرتے ہیں اور اللہ کے حکم کے مطابق اپنے اہل وعیال، والدین، عزیز و اقارب کے ساتھ حُسنِ سلوک کے ساتھ رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے حضور میں وہی مُقرّب اور خاص لوگ ہیں۔

(۲۰۵)

مُڈَو کندِ بو اَڑکھ چِلس
کتھہِ کر پنہٕ نِس دِلس ءِستی
یُتھنو شیطان پھری ہِلس
تُلنَے تتہِ ابو جہلس ءِستی

اہل وعیال کی پرورش اور تربیت کی ذمہ داریوں سے ڈر کر بھاگنا اور اس خیال سے کسی غار میں چلہ کشی کرنا کہ یہی اصل عبادت ہے بالکل بے ہودہ سوچ اور بُزدلانہ قدم ہے۔ یہ جانتے ہوئے کہ اسلام ترکِ دنیا اور رہبانیت کا مخالف ہے تم اے دینِ برحق کی روح سے بے خبر نادان! کس چیز کے لئے چلّہ کشی کرنا چاہتے ہو۔ زندگی کی جدوجہد سے بھاگنا مومن کا کام نہیں ہے۔ ذرا اپنے دل سے پوچھ لو کہ کیا صحیح ہے۔ اللہ کے حکم کے مطابق گھر گرہستی کی ذمہ داریاں نبھانا بھی تو عبادت ہے۔ اللہ کی عبادت کے لئے رہبانیت اپنانا اللہ ورسولؐ کا حکم نہیں ہے۔ شیطان سے خبردار رہو! اُس کے بہکاوے اور دھوکے میں آؤ گے تو قیامت کے دن تیرا ساتھی ابوجہل ہوگا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۲۰۶)

گوپھِ اَژنہٕ ءستی دَے نو لبکھ
نوٗل تہٕ گگر وڑاے نہٕ وأجِ منزٕ زانہہ
سڑانو ءستی مَن نو شوٗژرکھ
گاڈٕ تہٕ وودر بوٗٹھ گھتی نہٕ زانہہ

اے اللہ کے بندے! انسانی سماج سے کٹ کر حقوق اللہ اور حقوق العباد کونظر انداز کر کے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کے خیال سے غار نشینی اختیار کرنا اسلام کے خلاف ہے۔ اس عمل سے تم اللہ کی رضا حاصل نہیں کر پاؤ گے۔ اگر غار نشینی سے ایسا ممکن ہوتا تو نیولے، چوہے وغیرہ اپنے بلوں سے باہر نہیں نکلتے۔ اور یہ جو غیر مسلم سنسار تیاگی بار بار نہاتے ہیں اس سے دل کی صفائی اور پاکی تو نہیں ہوتی۔ مچھلیاں اور اود بلاؤ کبھی بھی پانی سے نکل کر دریا کے کنارے پر نہیں آئے وہ اسطرح ہر وقت نہانے کے عمل میں مصروف ہیں۔

اعلائے کلمۃُ الحق

فرمانِ باری تعالیٰ جل شانہٗ

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا ۝
یُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَیَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ
یُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا ۝

(الاحزاب: ۷۰-۷۱)

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو، اور سیدھی سچی بات کہا کرو۔ اللہ تمہارے فائدے کے لیے تمہارے کام سنوار دے گا، اور تمہارے گناہوں کی مغفرت کردے گا اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے، اُس نے وہ کامیابی حاصل کرلی جو زبرست کامیابی ہے۔

(۲۰۷)

پوٚز وَپُن چُھے نارٕ دراو سون زَن
مورِار بن زَن گاشُر پیٚیہ یے
اَپُزد پُن چُھے بۄتہٕ اُسُن زَن
یَمنہٕ پھٔلی ؤوِی زے تِمن کیٚاہ بووے

حق گوئی یعنی اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا برملا اعلان کرنا بندے کے لئے ایسا ہی ہے جیسا آگ میں تپایا ہوا سونا، خالص کندن بن جاتا ہے یعنی حق گوئی سے بندے کو جلا ملتی ہے اور اس حق گوئی سے گھنے، تاریک اور ویران جنگل (معرفت حق سے عاری انسانی بستیوں) میں روشنی یعنی اللہ کا نور پھیل جاتا ہے۔
کفر وشرک سے سمجھوتہ کر کے۔ کتمانِ حق یعنی حق چھپا کر جھوٹ بولنا، ایک آدم خور درندے کی نقلی ہنسی کے برابر ہے۔ جو بیج بوئے ہی نہیں جاتے ہیں اُن سے کیا پیدا ہوگا۔ نتیجہ عمل کا ہوتا ہے بے عملی کا نہیں۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۰۸

زوٗنُم نہٕ زِ رازٕ پرُش چھِ اأنی
پکان اسمأنٔ گرٔدٕنی لٔدِتھ
یہ بجر سوربکھ تہٕ پھیربکھ مُردَنی
قبر وٗٹھ گرشھنکھ گأنٔز لٔدتھ

انسان کو پہچاننا بہت مشکل کام ہے۔ بہت مدت تک میں یہ نہ جان سکا کہ صاحبِ اقتدار اور آمر حکمران لوگ کائنات کے خالق و مالک، ربِ ذُوالجلال کو پہچاننے میں اندھے ہوتے ہیں کیوں کہ انہیں طاقت، اقتدار اور دولت کا غرور ہے اور اسی وجہ سے گردنوں کو اکڑا کے چلتے ہیں۔

ان کا یہ اقتدار اور عارضی بڑا پن جلد ہی ختم ہو جائے گا اور موت کی زردی اُن کے چہروں پر چھا جائے گی۔ مرنے کے بعد ان کی قبر پر بہت بڑا پتھر رکھ دیا جائے گا جو اُن کی بے کسی اور ہیچ قیمت ہونے کی واضح دلیل ہے۔

عُلماءِ سُوء

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍوؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَقْبِضُ الْعِلْمَ اِنْتِزَاعًا یَنْتَزِعُہٗ مِنَ الْعِبَادِ وَ لٰکِنْ یَّقْبِضُ الْعِلْمَ بِقَبْضِ الْعُلَمَآءِ حَتّٰی اِذَا لَمْ یُبْقِ عَالِمَانِ اتَّخَذَ النَّاسُ رُءُ وْسًا جُھَّالًا فَسُئِلُوْا فَاَفْتَوْ بِغَیْرِ عِلْمٍ فَضَلُّوْا وَ اَضَلُّوْا.

(صحیح بخاری و صحیح مسلم)

حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ: اللہ تعالیٰ علم کو اس طرح نہیں اُٹھائے گا کہ بندوں سے اُسے چھین لے لیکن اُسے اُٹھائے گا عُلماء کے اُٹھانے کے ساتھ یہاں تک کہ جب کوئی عالم باقی نہیں رہ جائے گا تو لوگ جاہلوں کو سردار (پیشوا) بنالیں گے اُن سے مسائل پوچھیں گے وہ بغیر علم کے فتویٰ دیں گے پس خود بھی گمراہ ہوں گے اور (دوسروں کو بھی) گمراہ کریں گے۔

(۲۰۹)

علِم پرُن تہٕ پرٛتھ نہٕ پالُن
پھِرٲے پینٛکھ لالن تہٕ گاش کتہٕ آسے
عٲلمک بوراہ چھُکھ بارِ کھرن
کرٛوٗھنٕے یہُند کرٛے تہٕ کارُن آسے
حسدٕ تہٕ نفاقہٕ پرٛبکھ تھاہ برَن
پیشوا یہُندے شیطان آسے

یہ نفس پرست علماءِ سُو! دین کا علم حاصل تو کرتے ہیں لیکن جو علمِ دین کا تقاضا ہے اُسے نظر انداز کر کے نہ صرف یہ کہ اُس پہ عمل نہیں کرتے ہیں بلکہ اُسے مالِ دنیا بٹورنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ یہ دیدہ و دانستہ احکامِ اسلام سے چشم پوشی کرتے ہیں (بیاض چشم Cornea Opacity) کی بیماری سے یہ بصارت سے محروم ہو جائینگے۔ ان کی مثال بوجھ لادے ہوئے گدھے ہیں جو علم کا بوجھ اُٹھائے ہوئے ہیں۔ ان کے اعمال سیاہ ہونگے۔ یہ ایک دوسرے سے حسد کرتے ہیں، اور ایمان میں نفاق سے اپنے دلوں کو بھر دیتے ہیں اور ان منافقوں کا پیشوا شیطان ہی ہوگا۔

(مرض) بیاض چشم (کشمیری میں پوہ) Cornea Opacity

۲۱۰

علم چُھے بوڈ تے ملہِ چُھکھ دانا
سوٗنبرِتھ سأرِے ہنا کھیو
عارِ رؤس وُچھمکھ تورِ رؤس چھانا
جائِل ارخلی گنا ہیوٗ
اَسہِ ییتہِ دے سُند رچھوو پناہ
فقیرِ کوِ گووُے کانا ہیوٗ

اے پیٹ کے پُجاری مُلاّ! ظاہر میں تم بڑے پڑھے لکھے اور دانا لگتے ہو لیکن تیری شکم پرستی تیری آنکھوں کے لئے پردہ بنی ہوئی ہے۔ بستی کی مسجد کے ہمسایہ لوگوں سے مسافروں کے لئے کھانا جمع کروا کے تم وہ سب اپنے (اور اپنے گھر کے افراد کے لئے) لے جاتے ہو۔ انصاف اور صلۂ رحمی عالمِ ربانی کے اوصاف ہیں، مگر تم ان سے ایسے خالی ہو جیسے تیشہ کے بغیر ماہر ترکھان۔ تیری فطرت اصل میں ارخل جیسے زہریلے جنگلی درخت کی سی ہے جس کا تم ایک گندہ لگتے ہو۔ ہم فقیر لوگ اس مسجد میں اللہ کی پناہ میں آئے تھے لیکن فقیر کا یہاں آنا تیرے دل میں تیر جیسا لگ گیا۔

۲۱۱

عِلم پُرتھ زونکھ أسی گئے وٹھی
تِم وٹھی گوگل ٹیٹھی گئے
ہِشر ہبتھ یِم اند گُن بیٹھی
تِم تَل أستھ پیٹھی گئے

یہ مغرور نام نہاد عُلمائے دین! علم حاصل کر کے فخر و غرور کے ساتھ اپنے آپ کو عام مسلمانوں کے مقابلے میں برتر و بزرگ سمجھنے لگے۔ ان کے دل ایسے ہی سڑاند سے بھرے ہوئے ہیں جیسے تلہن بیج کے خودرو موٹے موٹے شلغم جو بہت کڑوے کسیلے ہوتے ہیں چوپائے بھی جنہیں نہیں کھاتے ہیں[1]۔

لیکن ان مغرور، نام نہاد علماء کے برعکس علمائے حق تو عجز وانکساری کے ساتھ دینِ برحق کی خدمت میں لگے ہوئے رہتے ہیں، ان کی تقویٰ شعاری نے ان کو معمولی درجے سے اُٹھا کر اللہ اور رسولؐ کی نظر میں بڑا مرتبہ بخشا۔

---

1. تلہ گوگج: یہ بڑی ہوتی ہے مگر کڑوی

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۲۱۲)

وڈپھہِ بتہِ اُڑ وڈ رُڑوو لوکھرے
وڈپھہِ بتہِ لوکھرے کھیٔے کھیٔے سانگ
وڈپھ بتہِ کھے یوو ملہِ سنڑ کوکرے
تمہِ تہِ ملہِ پڑیأیہ شونگی تھیٔ بانگ

❁❁❁

اے مفت خور، کاہل مُلاؤ! دینِ حق کے نام پر مریدوں کا استحصال کر کے اُن سے مفت میں (بغیر کسی محنت اور جائز حق کے) چاول وغیرہ لے کر اور گھر میں پکا کے اسی بھات کے بڑے بڑے نوالے چٹخارے لے لے کر ڈکار لیتے ہو اور پھر اپنے شیطانی کاروبار کو قائم رکھنے کے لئے نت نئے سوانگ بھرتے ہو۔

عجوبہ دیکھئے جب مفت کا بھتہ مُلا کی مرغی نے مُلا کی طرح شکم بھر کر کھایا تو وہ بیٹھ کر ہی مُرغ کی طرح بانگ دینے لگی۔

(۲۱۳)

ملو چھوڑ لُکھ تہِ ملو چھو کُکھ
ملو ڈیوٹھ مے نہِ علمُک واو
ملو تتہ بو نہِ، بر تلے ڈوٗ لُکھ
ملو اُزروڑتھ ملہِ ناو

❁❁❁

اے ریاکار مُلا!

ظاہر میں تم طرح دار اور بَن ٹھن کے سجائے ہوئے بڑے عالم لگتے ہو، مگر علم نام کی تم میں کوئی بھی خوبُو موجود نہیں ہے۔

اے نفس پرست مُلا! تُم تو اللہ کے گھر میں داخل ہوتے وقت دروازے پر ہی گمراہ ہوگیا۔ افسوس تو نے "مُلا" (یعنی عالمِ دین) نام کو رسوا کر دیا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

پَران پَران زبو تال پھوٗجکھ
لیکھاں لیکھاں اتھِ تنگ آے
توتہِ نہِ ڈُنی پیچ گُل بوٗد ڑُجکھ
وندس اُجکھ نہِ فکر تہِ داے

❀❀❀

نفس پرست منافق واعظوں کی زبان لمبے لمبے وعظ کہتے کہتے تھک گئی اتنی ریاکاری، مُشرکانہ اعمال انکے کفر ونفاق اور نفس پرستی کے لئے شرک وطاغوت کے ساتھ دوستی کا حال لکھتے لکھتے اب ہمارے ہاتھ بھی تھک گئے ہیں۔

لیکن اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں یہ لوگ اتنے ڈھیٹ اور بے شرم ہوگئے ہیں کہ اتنی نصیحتیں سننے کے بعد بھی یہ دنیا پرستی کے خیال اور محبت کو نہیں چھوڑ سکتے نہ ان کے دل میں کوئی خوف اور فکرِ آخرت ہی پیدا ہوگئی۔

پَران پَران زبو تال پھوٗجہِ وو
تس کِرش کرٗیے تُجہ وِنہِ زانہہ
تسبیح پِھران اوٗنگجہ تہِ گجہِ وو
پھکہِ لدنےِ بوے ڑُجی ونہِ زانہہ

❀❀❀

اے نفس پرست مولویو! محض دُنیا کی دولت اینٹھنے کے لئے دوسروں کو وعظ سناتے سناتے تم لوگوں کی زبانیں اور منہ بھی پھول گئے لیکن خود تمہارا کیا حال ہے؟ تم لوگوں نے کبھی بھی اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے بے لوث ہو کر کوئی نیک کام انجام نہیں دیا۔

(دکھاوے کے لئے) تسبیح گھماتے گھماتے تمہاری انگلیوں پر بھی نشان پڑ گئے لیکن تمہارے دل کے اندر موجود کفر وشرک، دنیا پرستی اور نفاق کی بدبو کبھی بھی دور نہیں ہوئی۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۱۶

مَلاہ ڈیؤنُھم موشی کھیؤان

ہاکس دپان ہیٕ چُھ پچھ

بأکر کھیوان ڈاکر ترآوان

مشیدن دَپان ییٔتہٕ چُھوٕ تیچَھ

میں نے ایک شکم پرست مُلا کو بھینس کے گوشت کا بڑا طباق کھاتے ہوئے دیکھا اور یہ بڑے طباق کھانے کے بعد ایسے ڈکاریں لیتا ہے جیسے کچھ نہیں کھایا ہو اور پھر طرفہ یہ کہ ہمسایوں نے مسافر کے لئے جو ساگ چاول کے ساتھ لایا اُسے یہ مُلا گھاس پھوس کہہ کر مسافر کو اس سے بھی محروم کرنا چاہتا ہے اور اُسے ڈراتا ہے کہ اس مسجد میں خونخوار بھوت پریت رات کے اندھیرے میں ظاہر ہوتے ہیں۔

۲۱۷

ملہٕ چھِی مُشیدن اُچھدَرو

یتھِ بٹہٕ چھِی پوتلبن پتھ

ساسہٕ منزے اکھاہ تورو

نتہٕ گو شیطان سارنےٕ ہتھ

یہ بے کردار شکم پرست مُلاّ ! ان لوگوں نے مسجدوں پر باپ دادا کی میراث کی طرح قبضہ جمایا اور انہیں آمدنی کا ذریعہ بنایا۔ یہ لوگ نئی نئی بدعتیں ایجاد کر کے قرآن پاک کی آیات کو اپنی تاویلات کا شکار اور احادیثِ رسولِ برحق کو توڑ مروڑ کر ایسے استعمال کرتے ہیں جس سے ان کی روزی روٹی چلتی رہے۔ یہ مسجدوں کے اژدہے بن گئے ہیں جس طرح ہندو پروہت بتوں کے پیچھے پڑے ہیں اور لوگوں کی عقل مار کر انہیں بے جان پتھروں کی پوجا کروا کے ان سے دکھنا وغیرہ اینٹھتے ہیں۔ البتہ ان مُلاؤں میں کوئی کوئی راہِ حق پہ قائم ہے جو لگی لپٹی کے بغیر قرآن و حدیث کی تعلیم سے لوگوں کو باخبر کرتا ہے لیکن ان کی تعداد ایک ہزار میں بس ایک کے برابر ہے۔ یہی ایک نجات بھی پائے گا ورنہ شیطان نے باقی ماندہ کو ورغلا کر راہِ حق سے دور کر دیا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner

ؠہہ ژایہٕ گوپھن تہٕ شال چھہٕ گربزن
گۆیہ مندورِ ہُنہٕ تہٕ ئُزن پیوو گاش
گدا گۆے غنی تہٕ مہم پیٚو رازن
مُڈٕ کھتۍ منبرن گۆو وعظن ناش

تعجب اور حیرانی کا مقام ہے۔ حالات میں کتنی غیر صحت مند تبدیلی آ گئی ہے جو صاحبِ جاہ و حشم شیر جیسے طاقتور تھے وہ گمنامی کے غار میں روپوش ہو گئے اور پست فطرت ، نالائق اور نکمے لوگ گیڈروں کی طرح شور مچا رہے ہیں۔ بڑے بڑے محل ویران ہوئے اور جھونپڑیاں جگمگانے لگیں۔ جو صاحبِ دولت تھے وہ گداگر بن گئے۔ معزز اور ذی وقار لوگ مصیبتوں اور آزمائشوں میں پھنس گئے۔ ان پڑھ جاہل اور غبی لوگ مساجد کے منبروں پر قابض ہو گئے۔ ظاہر ہے ایسے جاہل دین کی کیا خدمت کرتے البتہ اُن کے ذریعے وعظ و تبلیغ کا ستیاناس ہوا۔

عِلماہ پۆر وو ووفہٕ کے ہَوسےَ
ژھلس چھو زاگان أکس اَکھ
کوٕ چھُوٕ گُمانہٕ أسی چھِی خاصَے
تتہِ نو موکہ لبوٕ ساسہٕ منز اَکھ

اے پیٹ کے پُجاری مُلّاؤ!

جائز جدوجہد کے ذریعہ رزقِ حلال کمانے کے بجائے سادہ لوح مسلمانوں کا استحصال کرتے ہو۔ اُن سے مفت کی روٹی روزی اینٹھنے کے لالچ میں تم مکار لوگوں نے دین کا علم حاصل کیا اور گھناونے کام میں بھی کفر شرک کی چالوں کو بروئے کار لا کر ایک دوسرے کو گرانے کے لئے سازشیں کرتے ہو۔

یاد رکھو! روزِ حساب قیامت میں ہزار میں سے ایک بھی اللہ تعالٰی کے قہر و عذاب سے نہیں بچ سکے گا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۲۰

ملہِ چُھے زاڈِ گرُزن ڈَلان
مَلس کل ہو ژلان آسی
ملہِ آسہِ سوٗزژ وقتن ہکلان
ملہِ ژیری نیرن پھولان آسی
ملہِ چُھے طبق ڈیشتھ بَلان
توَے مُشیدِ گُن ژلان آسی

شکم پرست مُلا شرک اور نفس پرستی کی وجہ سے دلدل میں پھنسے ہوئے گھوڑے کی طرح ادھر اُدھر بھٹکتا پھرتا ہے اور اس وجہ سے اس کی سوچ اور فکر منتشر ہوگئی۔

مُلا نماز فجر کی ادائیگی میں کہالت کی وجہ سے بہانے بناتا ہے اور پھر دن چڑھنے کے بعد بستر ے سے نکلتا ہے۔

لیکن مُفت (یعنی نذر و نیاز) کے بڑے بڑے طباق دیکھتے ہی صحت یاب ہوتا ہے۔ اسی لئے نفس پرستی نے اسے مسجد سے دور رکھا ہے۔

۲۲۱

مَلن ہونگہِ پھیٚتی شُملِی
پکان اُلی اُلی زن ہا پیتھ
کھورَن کوٗشہِ تہٕ پھیٚرن نأ لی
گرُشن تل تہَرِ ٹھٹلی ہبتھ

مقامِ حسرت و ماتم ہے! جن مولوی لوگوں کو دین حق کا مجاہدانہ داعی ہونا چاہئے تھا، وہ اپنے آپ کو سادہ لوح مسلمانوں پر اپنی (نقلی) روحانی اور علمی برتری کا سکہ جمانے کے لئے ’ظاہری لباس‘ رکھ رکھا اور سجاوٹ کا خوب انتظام کرتے ہیں۔ بڑی بڑی پگڑیاں اور شملے اور پٹکھے، سروں پر سجائے پھرتے بھالوؤں کی طرح اکڑ اکڑ کر چلتے ہیں۔ قیمتی زری دار جوتے اور لمبے چوغے پہنے ہوئے ہیں مگر تہری (نذر و نیاز کے پکے ہوئے چاول) کے بڑے بڑے برتن بغل میں دبائے چلتے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۲۲

ملہٕ چھی خوشحال ہٕدٕ یِن تہٕ سالس
شیٚخ گٔے مالس تہٕ ما پچھس مُتٕ
صونٛز روٗٹ خرقاہ لٔتھ دِتھ آلس
کھیوٚن کالس پاںٛژُو ماز کیٚو بُتٕ
اَکھ تِنہٕ گیان کوٚر ذاتِ ذُوالجلالس
کانٛسہِ تہٕ نفس ہیوٚکنہٕ رٔٹتھ پُتٕ

مُسلم سماج میں دینی اور روحانی پیشوا کہلانے والے لوگوں کا یہ حال ہے کہ یہ شکم پرست مُلا لوگ نذر ونیاز حاصل کرنے اور مفت کی دعوتیں ذکارنے میں ہی خوش ہیں اور (نام نہاد) مشائخ مال ودولت کو ہر طریقے سے جمع کرتے ہیں جیسے شہد کی مکھی ہر پھول سے رس چوس کر شہد کو چھتے میں جمع کرتی ہے۔ نام نہاد صوفیوں اور درویشوں نے خرقہ پہن کر محنت ومشقت ترک کرکے حلال رزق کے بجائے مفت کا چاول اور گوشت روزانہ غذا بنائی۔

ان میں سے کسی نے بھی ذاتِ ذُوالجلال کو پہچاننے کی کوشش نہیں کی۔ یہ سب نفس کو قابو نہیں کرسکتے بلکہ خود ہی نفس کے غلام بن گئے۔

۲۲۳

نیٚبر شُوبِلو تہٕ اَندرٕ شوٗمی
منٛبرن کھسان گٔرِتھ یَچھ کار
ملے دپِ زِ تہٕ مولوی روٗمیؒ
نتہٕ ملہٕ ڈیشتھ پَر استغفار

یہ نفس پرست مُلّا!

ظاہر میں عمدہ لباس پہنے ہوئے اپنے آپ کو قابلِ توجہ بنا کے لوگوں پر اپنا رعب وداب ڈالتے ہیں لیکن ان کا اندرون یعنی دل بہت ہی منحوس اور دُنیا سے آلودہ ہے۔ یہ لوگ خلوتوں میں بُرے بُرے کام کرتے ہیں لیکن صالح صورت بنا کے مسجدوں کے منبروں پر براجمان ہوتے ہیں۔

اگر واقعی کسی کو مُلا یعنی علامہ کہیں تو وہ صاحبِ مثنوی حضرت مولوی جلال الدین رومیؒ ہیں ورنہ ہر (منافق) مُلا کو دیکھتے ہی اللہ سے (اس کو دیکھنے کا گناہ کرنے کے لئے) مغفرت اور پناہ مانگنی چاہیے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۲۲۴)

أندرِ گرودھ تڑاوکھ نہٖ تہٖ
نبہٖ کِڑول تیّلہِ کنڈِے
أندرِ مَل کاسکھ نہٖ تہٖ
چھوڑ وتھِ بیٹھی وَتم کنڈے

اے ریاکار انسان! تم اپنے دل میں جو غصہ، بُغض اور کینہ پالے ہوئے ہو۔ یہ بُرائیاں تم چھوڑنا نہیں چاہتے ہو تو پھر ظاہری بناوٹی زاہدانہ رکھ رکھاؤ کیا مطلب رکھتا ہے؟

تیرے دل میں بُرائیوں کی موجودگی سے جو میل، غلاظت اور گندگی ہے اُسے دور نہیں کرتے ہو تو نماز کے لئے تیری یہ خالی اُٹھا بیٹھی کس لئے اور کیا معنی رکھتی ہے؟

(۲۲۵)

تسبیح پھلی پھِرتھ ٹھسلہٖ
ٹھسن رس لگی نہٖ کوو
نمازِ لأگتھ مسلہٖ
مشیدِ بَر تڑوپرتھ سُوو
چندس ئری تھوِتھ کُھلہ
امہِ بَلہٖ نو وٗلی بنکھ زوٗ

اے درویش نمامُلا! لوگوں کو (دھوکہ سے) اپنی طرف راغب کرنے کے لئے زور زور سے تسبیح کے دانوں کو تسبیح پھرتے وقت باہم ٹکراتے ہو اور اس سے لطف اُٹھاتے ہو۔ نماز جو اللہ تعالیٰ نے تم پر فرض کی ہے اُس کی نئی نئی توجیہیں کر کے اس کی ادائیگی سے بندوں کو روکتے ہو اس طرح سے تم مسجد کا دروازہ ہی بند کرتے ہو۔ تم نے اپنے لمبے چُغے کی آستین لمبی چوڑی رکھی ہے تاکہ اس لباس میں ملبوس ہو کر تمہیں خدا رسیدہ سمجھا جائے لیکن یاد رکھ! اس دجل وفریب، عیاری اور مکاری سے تم خدا کے دوست نہیں بن سکو گے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۲۶

کیلُک ملہٕ رٕتھ سالس پکے
یُتھ ووٕرِ مکے، پکے پَن
گوگل رُس ڈل تہٕ ماز ٹاکے
گرٕھبس اے میٕنے روشس مَن
پانژھ پلہِ نتھ شےٚ ٹوٗری وٕھکی
تہِ کھیتھ تہٕ گرٕھبس پٕشی دُکے پَن

❁❁❁

دنیا پرست مُلا کا کردار دیکھو! وہ مفت کی دعوتیں اُڑانے کے لئے اتنا تیز چل رہا ہے گویا وہ رتھ پر سوار ہے یا جیسے جُلاہے کی پھُرکی سے دھاگا نکل رہا ہے۔ دستر خوان پر بیٹھ کر وہ شلغم اور شوربہ مٹکے میں اور گوشت بڑی پلیٹ (ٹوک) میں رکھے گا (اس کے علاوہ) خود پانچ تھالیاں چاول اور چھ بڑی کولیاں سالن کی کھا کر بھی اُسے اپنا شکم اس جانور (چوپایہ) کی طرح خالی محسوس ہوگا جس نے تھوڑے سے پتے کھائے ہوں۔

اگر کہیں کوئی کمی اسے محسوس ہوئی تو مُرید پر ناراض ہوگا۔

۲۲۷

ملاہ ڈیوٗنٕھم زن داں بوٗرو[1]
مہمان ڈیشتھ گھٕرس ژٕکھ
سنگر لوٗسہٕ وٕنہ ترٕنگرِس پھوٚرو
کانگرٕ پھٕٹس نوٚن وژاس پھَکھ

❁❁❁

مفت خوری اور شکم پرستی سے مُلاّ کتنا گمراہی میں غرق ہوا ہے یہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ ایک شکم پرست مُلا (عالم) کو میں نے مسجد میں دیکھا کہ جو بہت بڑا ابد نما چُولہا جیسا لگ رہا تھا۔ مسجد میں مہمان مسافر کو دیکھتے ہی وہ خشمناک ہو کے بہت برہم ہوا۔ پھر دن ڈھلتے وقت ایک پھیری والا مسجد میں کیا آیا کہ مُلاّ نے اُس کے تھیلے سے کچھ چُرا کر اپنی کانگڑی میں چھپا کے رکھا (اس خیال سے الزام مہمان مسجد پہ آئے گا) لیکن قدرت کا کرنا کیا ہوا کہ مُلاّ کی کانگڑی گر کر ٹوٹ گئی۔ چوری کا مال بکھر گیا اور مُلاّ سرِ عام رُسوا ہوا۔

---

1 داں بور: دانبر : دان، چولہا

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۲۲۸)

ملاہ ڈیو نُھم پوُر متّے
کاجہِ وَٹھا ھیوُ گور متّے
علم ہے آسہ ھس توّر متّے
پان آسہِ ھس ھوّر متّے

ایک پڑھے لکھے مُلا کا سامنا ہوا جو پتھر کے موٹے موسلے (کاجہ وٹھ) کی طرح گڑھا ہوا تھا۔

جو کچھ علم اس نے پڑھا ہے کاش اُس کا اثر اس کے دل ودماغ پر بھی ہوا ہوتا تو اُس کے موٹے لحیم وشحیم جسم کا فالتو گوشت غائب ہو چکا ہوتا اور وہ نسبتاً پتلا نظر آتا۔

(۲۲۹)

تسبیح وُچھے گُنساہ ہِشَو
مُرید ڈیشتھ کران دم
سَتھ چنۂ کھیِٔہ تھم ہِشَم ہِشو
اَکِس میٔتھِ ماز بیٔیس کربم
تہِ کھیتھ شوُنگھم مأشا ہِشُو
توّہی ہے پیٖر تۂ رَہزن کم!

اے نفس وشکم پرست مُلاّ!

میں نے تیری موٹی اژدھا جیسی تسبیح دیکھی۔ مُرید کو دیکھتے ہی تم ایسے دم سادھ کر تسبیح گھما کر یہ تاثر دے رہے ہو کہ تم کوئی خاص وظیفہ پڑھنے میں مصروف ہو۔ پھر مُرید کے گھر جا کر سات بڑے بڑے ضیافت کے طباق کھاتے ہو۔ کسی میں میٹھی گوشت اور کسی میں مختلف سبزیاں ہوتی ہیں۔ یہ سب کچھ کھا کر تو بھینسے (سانڈ) کی طرح غفلت کی نیند میں مست ہو کر سوتے ہو، اور اللہ کی یاد سے غافل رہتے ہو۔ اس صریح منافقت کے باوجود بھی اگر تیرے جیسے لوگ ہی پیر کہلاتے ہیں تو ذرا بتاؤ دشمن دین وایمان، رہزن اور ڈاکو کس کو کہیں گے؟

بیرِ لنجے مُشک زانٛہہ نہ سورے
ہؤنٛ بستہٕ کوفؤر ملنہٕ نیرے کیٛاہ

دَے ییٛلہ دِیہ دیہِ ژھوپہٕ ہنزٕ ویرے
نَتہٕ شالہ ٹُنگوٕ ستیٛ نیرے کیاہ

❀❀❀

ریحان کی ٹہنی میں سے ریحان کی خوشبو کبھی کم نہیں ہوتی اُس کی فطرت میں خوشبو ہی خوشبو ہے۔

کتے کی کھال پر اگر کافور بھی مَلا جائے تو اُس کی ناپا کی دور نہیں ہو سکتی ہے۔

یہ جو مُلا لوگ مسجدوں میں چلا چلا کر چیخ وپکار میں مصروف رہتے ہیں محض دکھاوے کے لئے ہے اس سے کچھ حاصل ہونے والا نہیں۔ اللہ تعالیٰ علیم ٌبذاتِ الصدور ہے وہ اپنے بندوں کے دلوں کا حال جانتا ہے۔ وہ پکارے بغیر بھی دل کی پکار سنتا ہے اور بندوں کو اپنے فضل سے نوازتا ہے۔

رِیاکار ریشی

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

فرمانِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍؓ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ اِنَّ اَخْوَفَ مَا اَتَخَوَّفُ عَلٰى اُمَّتِىْ الْاِشْرَاكُ
بِاللّٰهِ اَمَا اِنِّىْ لَسْتُ اَقُوْلُ يَعْبُدُوْنَ شَمْسًا وَ لَا وَثَنًا،
وَ لٰكِنْ اَعْمَالًا لِغَيْرِ اللّٰهِ، وَ شَهْوَةً خَفِيَّةً.

(سُنن ابن ماجہ کتاب الزہد، باب الریاء)

حضرت شداد بن اوسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے زیادہ مجھ کو اپنی امت پر جس کا ڈر ہے وہ شرک کا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ وہ سورج یا چاند یا بُت کو پوجیں گے (یعنی شرکِ جلی کریں گے) لیکن عمل کریں گے غیر اللہ کے لیے (مثلاً دکھانے یا شہرت کے لیے) اور دوسری جس چیز کا ڈر ہے وہ شہوتِ خفیہ ہے۔

دنیا دار ریشو

ہُشو پَر لَبن زاگنو

حلال تراُوِتھ حرام کھیشو

ییتہِ کیو تتہِ چھوِ وَتہِ کوٗنو

اے دنیا پرست ریشیو!

دوسروں کا مال ہڑپ کرنے کے لئے تاک لگائے ہوئے ہو،
حلال کی کمائی کو ترک کر کے تم حرام کھانے پر کمر بستہ ہو۔
یاد رکھو! دنیا اور آخرت میں تمہارے لئے نجات کا راستہ مسدود اور بند ہے۔ رسوائی کے بغیر تم لوگوں کو کچھ نہیں ملے گا۔

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

۲۳۲

أزِکر رٚیشِر چھی کیلِکِر ریشی
یمن کھٕنبس گُنٕنے غم
کھاسر زٕ تھوان نِشم نِشی
أرکس گوٚگل تہٕ بیٚنِس کربم
تہٕ کھٕبتھ تہٕ یمن خوداے مشی
رٚیشر ہے یم تہٕ ژور کم

آج کل کے ریشی اداکاری کرنے والے مکار اور فریبی ریشی ہیں جنہیں صرف اپنے پیٹ کی پوجا کی فکر ہے۔

اِن کھاو ریشیوں کے آگے پکائے ہوئے شلغم اور سبزی کے دو بڑے برتن ہیں۔ یہ سب کھا کے بھی یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل رہتے ہیں اس کی بندگی اور مہربانیوں کو بھول جاتے ہیں۔

اگر ایسے ہی لوگ ریشی ہیں تو چور اور رہزن کن کو کہیں گے؟

۲۳۳

عاصہٕ تہٕ دُرمہٕ[1] چھُے جوٚر مُتھو
رٕشہ تہٕ بوغضہٕ چھُے بوٚرمُت پان
دوہلہٕ بُتھ کئیاہ چھُے اوٚہرمُتھو
گُہہ زلنہٕ ستی کِتہٕ لگی ایمان

اے ریاکار!

گُھر دُرے موٹے اون کا کمبل کندھے پہ رکھے اور عصا ہاتھ میں پکڑے ہوئے یہ تاثر دے رہے ہو کہ تم بڑے پہنچے ہوئے اور خدا رسیدہ ہو جبکہ تیرے روئیں روئیں میں حسد، بغض، ضد اور نفاق بھرا ہوا ہے۔

دن میں چہرہ مہرہ سنوار اور سجا کے چلتے ہو۔ کون جانے کہ تیرے مرتے وقت ایمان تیرا ساتھ دے بھی سکتا ہے کہ نہیں۔

---

[1] دُرمہ: موٹے اون کا دوتا کمبل یا چادر۔ ایک تا بھی ہوتا ہے، عموماً بکروال لوگ استعمال کرتے ہیں اور تارک الدنیا فقیر لوگ بھی خصوصی طور پر استعمال کرتے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

۲۳۴

فٲنی سرایہ بیوٗپھکھ دُکانس
اَتھ ہتھ تسبیح پٮ۪نیہ ہتھ پھاسی
زیٖن زن کاکُل ہو لاگنے دانس
ہے کنڈِ پھوٗرکھ پٲنٕ پانہٕ سۍ

❁❁❁

یہ رنگوں سے بھری حسین دنیا ایک ایسا مسافر خانہ ہے جہاں
آ کے لوگ چند ے ٹھہر کے واپس اپنی مقررہ منزل کو جاتے ہیں۔ تم نے
اسی فانی سرائے میں تجارت کے لئے دکان کھولی ہے لوگوں کو دھوکہ دہی
سے لوٹنے کے لئے تم نے اپنے ہاتھ میں تسبیح رکھی ہے جبکہ پیرہن کے
اندر (یعنی دل میں) پھانس کا پھندہ (کھوٹی نیت) رکھا ہے۔ تیرے
ظاہر و باطن میں تضاد اور نفاق ہے۔

یاد رکھ! قیامت کے روز چولہے کے ایندھن کی طرح جہنم میں
جلائے جاؤ گے۔ افسوس! تم نے خود ہی اپنے آپ کو فریب دیا۔

۲۳۵

گندٕ پانس مو دیو، رَندے
امہٕ صابنہٕ صٲفی نہ پیے
امہٕ تسبیح، عاصہٕ تہٕ جندے
امہٕ پھندٕ سُہ یی نہٕ اَتھے

❁❁❁

اے ریا کاری میں گرفتار صوفی! تم اپنے گندے جسم کی صفائی
اور آرائش کرنے میں مصروف رہتے ہو مگر تم اپنے من کو، اپنے دل اور
اپنی روح کو پاک وصاف کرنے سے غافل ہو۔ اس صابن سے خالی
جسم کی صفائی سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ جو گڈری تم نے پہنی ہے اور تم جو
دکھاوے کے لئے ایک ہاتھ میں تسبیح اور دوسرے ہاتھ میں عصا
پکڑے ہوئے ہو یاد رکھ! ان مکاریوں اور ریاکاریوں سے اللہ کی رضا
تمہیں حاصل نہیں ہوگی۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۳۶

رێشۍ ہے رێشُت پالہٕ ہن
سنگ گالہٕ ہن کرٕ ے تہٕ اشہِ ءستی
نصر بابہ! رێشۍ چھنہٕ رێشُت پالن
پان چھِ گالن ژَکھِ ، بوغضہٕ ، ہٕشہ ءستی

ریشی لوگ اگر واقعی ''ریشیت'' یعنی پرہیز گاری اور تقویٰ
کے تقاضے پورا کرتے تو وہ اپنی پاکیزہ زندگی، نیک اعمال اور خوفِ الٰہی
سے آنسو بھری آنکھوں سے پتھر کو بھی موم بنا دیتے۔
نصر بابا! ریشی لوگ، ریشی ہونے کا تقاضے پورا نہیں کرتے
ہیں۔ ریشیت کا پالن نہیں کرتے ہیں۔ وہ اپنے آپ کو غصہ، بغض وحسد
اور نفرت سے ختم کرتے ہیں۔ یہ بُرائیاں انسان کو اندر ہی اندر سے ختم
کرتی ہیں۔

۲۳۷

پٲتۍ میو رێشو دوہہ دبن ژچھی
نبن وُٕرکھ کھٔنۍ راتھ
کپٕٹۍ رێشی سرَپھ تہ بٕچھی
نصر بابہ! توٕ کھوتہٕ اَنبر کٔیاتھ

سابقہ ریشیوں (سلفِ صالحین) نے خدا کی فرماں برداری
کرتے ہوئے اپنی زندگی کے رات دن گزارے۔ وہ لوگ خدمت
خلق اور ایثار و قربانی کا مجسمہ تھے۔ وہ کم خور، کم خواب اور کم گفتار تھے۔
بعض اوقات اپنی اکیلی چادر بھی وہ کسی محتاج اور عریاں بدن کو دیتے
تھے اور خود سردی برداشت کرتے تھے۔
اس دور کے ریشی اللہ کی پناہ! یہ لوگ چھل کپٹ، مکر وریا اور
دجل وفریب میں بڑے ماہر ہیں۔ ان کی فطرت سانپوں اور بچھوؤں
جیسی ہے۔
پیارے نصر بابا! اس سے بڑھ کر اندھیر کیا ہوسکتا ہے؟

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۳۸

رێشۍ اُسۍ پُتِم ریشی
پېڑھ اوشکھ جنۂ بنگۂ پَن
أزکۍ ریشی کپٹھ ریشی
یمن مازس مازن من
بے گنڈ کھېتھ یمن خودا ے مشی
یمے رێشۍ تۂ ژوُر ونو گمن

حقیقی ریشی یعنی صالح بندے سلفِ صالحین تھے جو پٹ سن سے بنی ہوئی گدڑی پہنتے تھے اور اپنی محنتِ شاقہ سے حاصل شدہ مزدوری سے اطراف واکناف میں توحید کی تبلیغ اور مقصد رسالتؐ بیان کر کے لوگوں کو صراطِ مستقیم پر گامزن کراتے تھے۔

اس زمانہ کے ریشی؟ یہ کپٹ (فریبی) ریشی ہیں۔ مکرو ریا کاری اور تقدیر کا حال بتانے والے ڈھونگی ہیں۔ ان کا پیٹ گوشت خوری کا رسیا ہے۔ یہ پیٹو یعنی حد سے زیادہ کھاؤ ہیں اور اسی لئے یہ اللہ تعالیٰ کو بھول چکے ہے۔
اگر یہی لوگ ریشی ہیں تو چور اور ڈاکو کن لوگوں کو کہیں گے؟

۲۳۹

آدنۂ گُرِتھ پاپَن کرٛشی
بُڈتھ دِتیُتھ ریشی ناو
تسبیح گرٛھی گُنس ہِشی
یہ چاأنۍ نماز کشی ہاو

اپنی عمر کا بہترین حصہ یعنی نوجوانی تم نے تو گناہوں کی فصل بونے اور گناہوں کی پیداوار بڑھانے میں گنوادی۔ اب جبکہ تیرے جسم کے قوٰی کمزور ہوگئے اور تم بڑھاپے کی زد میں آگئے۔ اب دنیا کو دھوکہ دینے کے لئے تم خود کو ریشی کہتے ہو۔

آخرت میں تمہاری یہ دکھاوے کی تسبیح تیرے لئے اژدہا بن جائے گی اور تیری یہ نمازیں محض دکھاوے کی نمازیں ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner

(۲۴۰)

یامتھ نۂ چتھ زَبھ کرٛیشی
تامتھ نہ گرٛزٕ مٔز دوہ ژاو
یامتھ نۂ سٔھتھ اَن تھووٕ پُرشی
تامتھ سُہ ریٛشی نون کتہِ آو

جب تک تری ریاضت اور عبادت کا کوئی واضح اور صالح نتیجہ تیرے روزمرہ عمل اور کام کاج کی صورت میں نظر نہیں آتا ہے تب تک جان لو کہ تیرا پورا دن اللہ کے ہاں تیرے دفترِ عمل میں کسی شمار میں نہیں آئے گا اور جب تک محنت و مشقت کر کے اپنے اہل وعیال کے لئے تو حلال روزی کا انتظام نہیں کرو گے تب تک تیرے ریشی ہونے کا کوئی بھی اعتبار نہیں ہے۔

(۲۴۱)

کیلکٕ گرٕ گرٕ ریٛشی لاگن
یُتھ پأتھر لاگان مٔز آنگنن
نبشہ بُدٕ أنتھ وانہِ لاگن
ووَن مُٹھ، کپس تہٕ ان
تی نفسہ ژوٗرس أُلنگن
تھاٲوِو لیٛکھتھ لوٗکن وَن

آنے والے وقتوں میں نفس پرست اور مکار لوگ گھر گھر جا کر اپنے مرتاض (عبادت گزار) ریشی ہونے کا سوانگ رچائیں گے بالکل اسی طرح جس طرح بھاٹ (بانڈ) لوگوں کے گھروں میں ناٹک کرتے ہیں۔ یہ مکار خدا رسیدہ ریشیوں کی صورت بنا کر سیدھے سادے بے خبر اور ان پڑھ لوگوں کو اپنے زہد کے جال میں پھانس کر اُن سے بے گار لیں گے۔ یہ اپنے کھیتوں میں اُن سے موٹھ، کپاس اور اناج کی بُوائی کروائینگے، پھر حاصل شدہ فصل اور کپاس اپنے مکار اور رہزن نفس کے استعمال میں لائینگے۔ یہ ضرور واقعہ ہوگا، لکھ کے رکھو اور لوگوں کو پہلے ہی سے آگاہ کرتے رہو۔

خلافِ شریعت کام اور شیطان

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرمودات باری تعالیٰ جل شانہٗ

☆ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوا ادْخُلُوا فِی السِّلْمِ کَآفَّةً وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّیْطَانِ اِنَّهٗ لَکُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌo (البقرۃ:۲۰۸)

اے ایمان والو! اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ، اور شیطان کے نقشِ قدم پر نہ چلو۔ یقین جانو وہ تمہارا کُھلا دشمن ہے۔

☆ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِیْرًاo اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ کَانُوا اِخْوَانَ الشَّیَاطِیْنِ وَکَانَ الشَّیْطَانُ لِرَبِّهٖ کَفُوْرًاo

(بنی اسرائیل:۲۶۔۲۷)

اور اپنے مال کو بے ہودہ کاموں میں نہ اُڑاؤ۔ یقین جانو کہ جو لوگ بے ہودہ کاموں میں مال اُڑاتے ہیں، وہ شیطان کے بھائی ہیں۔ اور شیطان اپنے پروردگار کا بڑا ناشکرا ہے۔

☆ اِنَّ الشَّیْطَانَ لَکُمْ عَدُوٌّ فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا o (فاطر:۶)

بے شک شیطان تمہارا دُشمن ہے، اس لیے اس کو دُشمن ہی سمجھتے رہو۔

۳۳۲

یتھ جایہِ دَف تہِ دمامہِ آسہِ وَزان
تتھ جایہِ شیطان روزان آسی
پینہِ آسہِ پزان، تی آسَن کران
تَوے اسمانہِ بلاے وَسان آسی

جس جگہ مزامیر، دف، ڈھول، رباب، وغیرہ بجائے جاتے ہوں۔ شیطان بھی وہیں پر ہوگا۔ شیطان غافل مسلمان کے تضیعِ اوقات اور لہولعب میں اُس کے مشغول ہونے پر خوش ہوتا ہے۔

ایسی مجلسوں میں جہاں مزامیر بجائے جاتے ہوں۔ ایسی باتیں بھی ہوتی ہونگی جو مسلمان کے شایانِ شان نہیں۔ انہی وجوہات سے آسمان سے بلائیں نازل ہوتی ہونگی۔

(۲۴۳)

آ ؤ، ڙوراھ لوٽڻ ِ گرَ ے
ووندِ شيطان ظاؔھر شوشوُ
نصرِ بر ٽڙوپر، لاران ڇُھ ييے
مکرِ سَرس لبہ ھس نہ ووشو

اک ایسا شاطر و ماہر چور ہمارے گھر (دل و دماغ اور دولت ایمان) کو لوٹنے آیا ہے جو اپنی فطرت و خصلت سے شیطان ہے لیکن ظاہری صورت میں بہت ہی شانت یعنی مرنجان مرنج اور ٹھنڈا دکھائی دیا ہے۔

نصر بابا! (دل و دماغ اور چشم و گوش) کے دروازے کو محکم طور پر بند رکھ۔ وہ تیرے پیچھے پیچھے دوڑ رہا ہے۔ اس کے مکر و فریب کی جھیل بہت گہری ہے۔ تم اس کی تھاہ کو نہیں پا سکتے ہو۔

(۲۴۴)

نصریو! پوشکھ نہِ شیطان موکھس
یُس ٹِسندِس موکھس مازان
کڑیہ نشہ دؤر پبوان دوکھس
لوبہِ تہِ موہیک کھوہا پازان

پیارے نصر بابا! تم شیطان کی چالوں سے (آسانی سے) نمٹ نہیں سکتے ہو۔ اس کے لاتعداد چہرے ہیں کیونکہ جو بھی اس کے دھوکے میں آ گیا وہ نیکی اور بھلائی سے دور ہو جاتا ہے اور پھر شیطان کا پیرو بن کر نفس پرستی، حق کی مخالفت کفر و شرک کی حمایت، دولت و اقتدار پرستی، لالچ و شہوت پرستی کی مہلک بیماریوں میں مبتلا ہو جاتا ہے اور ان ہی بیماریوں کے پیدا شدہ غلاظت سے بھرے ہوئے گہرے کنویں سے یہی گندگی باہر نکالنے میں عمر گنواتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۴۵

پَڑ گتھِ روڈُکھ أ َکس دوءِ مو
مُرگھس پَتۂ برونٹھ ہوُءِ گوٚئے
تیٚلہ پیوکھ فِکر ییٚلہِ گوکھ کوہنو
وُمرِ گرٛنٛز اکھ دوہ موژوٚے
نُندِس گُن کھورآے برٛونٛہہ مو
یام ابلیس خزانۂ ہٚتھ گوٚے

❀❀❀

اے غافل انسان!

صِدق وراستی کے ساتھ تم نے ایک دن بھی نہیں گذارا۔

تجھ احمق کی زندگی اول سے آخر تک غفلت میں پڑی ایسی ہی رہی۔ اس بات کا احساس تجھے اب ہونے لگا ہے جب تم بوڑھے ہوگئے ہو اور تیری عمر اب مختصر ہونے لگی ہے۔ افسوس ہے تم پر! آج تک تیرے قدم نیکی کی طرف نہیں آئے، جب ابلیس نے تیرے ایمان کا خزانہ کب کا لوٹ لیا۔

۲۴۶

پَر زنٛبن کنٛدِ کرکھ نالۂ متی
کنٛدیو کرکھ یٚم وۄیکھتۍ خیال
بازرٕ نو میلان یاوُن سیٚتی
کنٛدیو کاژس ۂُنکھ لال

❀❀❀

شیطانی خیالات سے مغلوب ہوکر پرائی عورتوں سے گلے نہ لگنا، اپنے دل میں یہ بُرے اور خطرناک خیال نہ لاؤ، جنس تم پر سوار ہو جائے گا اور تیری جوانی پھر برباد ہوگی۔

یادرکھو! نوجوانی رب کا عطیہ ہے یہ بازار سے نہیں ملتی ہے، اپنا لعلِ بے بہا (نوجوانی) کانچ (پرائی عورتوں کی عارضی خوبصورتی) کے بدلے مت بیچ۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

قناعت
سخاوت

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرمودات رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

☆ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ اَسْلَمَ وَ رُزِقَ كَفَافًا وَ قَنَّعَهُ اللّٰهُ بِمَا اٰتَاهُ. (صحیح مسلم)

کامیاب ہوا وہ شخص جس کو حقیقتِ اسلام نصیب ہوئی اور اس کو روزی بھی بقدرِ کفاف ملی اور اللہ تعالیٰ نے اُس کو قدرِ قلیل روزی پر قانع بھی بنا دیا۔

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

☆ اَلسَّخِیُّ قَرِیْبٌ مِنَ اللّٰهِ، قَرِیْبٌ مِنَ النَّاسِ، قَرِیْبٌ مِنَ الْجَنَّةِ، بَعِیْدٌ مِنَ النَّارِ الخ. (ترمذی)

سخاوت کرنے والا بندہ اللہ تعالیٰ سے قریب ہے، لوگوں سے قریب ہے، جنت سے قریب ہے اور جہنم سے دور ہے۔

❁❁❁

۲۴۷

فقر چُھے دوزخس وُرن ٹھوَرو
فقر چُھے أنبیاہنؑ ہُندُے خوے
فقرس پیٹھ یُس روُدُے دورُو
تُمی سے بیٚتہٕ کیو تتہٕ آبروے

❁❁❁

فقر ایک جامع اسلامی اصطلاح ہے جو قناعت، ایثار، انفاق فی سبیل اللہ، خدمت بنی نوع انسان اور اللہ کی راہ میں قربانی کا نام ہے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ فقر ہر لحاظ سے ہر معاملے میں صرف اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم پر انحصار پر محیط ہے یعنی ہر ایک معاملے میں مکمل طور پر اللہ کا بندہ بننا۔ ان ہی صفات کے حامل کے لئے فقر دوزخ سے بچانے کے لئے دیوار بن جاتا ہے کیونکہ فقر تمام انبیاء کرام کا عملی طریقہ کار رہا ہے۔ فقر جس نے اختیار کیا اور اس پر ثابت قدم رہا وہ دنیا اور آخرت میں سرخرو ہوگا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فقر یَس اُکس وندس منز شڑوپو
ئہ زحمت تِسنز رحمت ویشدے
تیمِّر خوداَے تہٕ رسوٗلؐ سوٗرُو
تِہندے کارُن ژاو گریشندے

❀❀❀

فقر جو اچھی طرح سے سمجھ گیا اور پھر اُس کے دل میں وہ جاگزین ہو گیا وہ صبر واستقامت کا پیکر بن جاتا ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہر آزمائش، ہر ابتلا اور ہر مصیبت اور تکلیف کو اللہ تعالیٰ کی رحمت سمجھتا ہے کیونکہ

ہر چہ از دوست می رسد نیکوست

جو شخص صحیح طور پر اللہ اور رسولِ برحق ﷺ کی کامل اطاعت کرتا ہے اُسی کے صالح اعمال، نیکوکاروں کے دفترِ عمل میں جگہ پاتے ہیں۔

سخاوت کرکھ توٕ دِنے کھِنے
نمازِ ہُند چُھے پنہ نُئے نیاے
تتہِ ییٚلہ ہنہِ ہنہِ حساب ہینے
اَدِ گَتھ لگنے فکر تہٕ داے

❀❀❀

اللہ تعالیٰ نے مومن کی نشانی ایمان بالغیب اور قیامِ صلوٰۃ کے بعد یہ بتائی کہ وہ "مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ[1]" پر عمل کرتے ہیں۔ اسی لئے جو مومن سخاوت (انفاق فی سبیل اللہ[2]) پر عمل پیرا ہیں، اپنی گونا گوں نعمتیں اللہ تعالیٰ اُسے عطا کرتا ہے۔ دولت مند مومن کے لئے اس پر عمل کرنا فرض ہے۔

اے مردِ مسلمان! تم سے قیامت کے دن جب ایک ایک چیز کا حساب لیا جائے گا۔ دنیاوی کاموں کے لئے فکر کرنا، پریشان ہونا تیرے کسی کام نہیں آئے گا۔

---

1. جو کچھ اُن کو اللہ نے دیا ہے اس میں وہ خرچ کرتے ہیں دوسروں پر۔
2. اللہ کی راہ میں خرچ کرنا۔

۲۵۰

سخی ین مول کُس کرِ روپہ ہُنز وُرُن
تھونکھ جنتہِ کہن حورن منز
مجأہدن زرِ تہِ سلاح پوٗرن
ننِکھ مٔدینہِ کہن بوٗہدرن منز

❀❀❀

اللہ کی رضا کے لئے مال و دولت مستحق لوگوں تک پہنچا دینا یعنی سخاوت کرنا اللہ کے نیکوکار بندوں کی علامت ہے۔ قیامت کے دن اُنکے گلے میں چاندی کے (یعنی قیمتی) نورانی ہار پہنائے جائینگے۔ اُنہیں جنت کی حوروں میں رکھا جائے گا۔ جو مجاہد اللہ کی راہ میں شہادت کے طالب بن کر جہاد اور جدوجہد کرتے ہیں انہیں جنت کی قیمتی زرہیں اور سلاح (یعنی جنت کا قیمتی لباس) پہنا کر مدینہ منورہ کے اُن بہادروں کی جماعت میں شامل رکھا جائے گا جنھوں نے نبی برحقؐ کے ساتھ جہاد میں شرکت کی اور کچھ اُن میں سے شہید بھی ہوئے۔

۲۵۱

تیٖتُے کھٔیزِ پیٖتُے ؤپی
تَمہِ ہُر کھٔے زِ تہِ ؤپی مو
کنڈِ یور گنٛڈِ مور چھُے پوشی
وُچھ وَے تہِ شاہ دیار لیٖپی مو

❀❀❀

اپنے نفس کو حد میں رکھو۔ اتنا ہی کھاؤ اور پیا کرو جس سے صحت کے ساتھ زندہ رہ سکو۔ اس سے زیادہ کھاؤ گے تو وہ تجھے موافق نہیں پڑے گا۔ تیرا گندہ وجود، جسم کا ساتھی تو حیوان ہے جو تمہیں ہر قسم کی چیزیں (حلال و حرام، غلط و صحیح) کھانے پر اُکسائے گا۔ جسم کو حقیقت کی نظر سے اگر دیکھیں تو یہ فانی ہے اس لئے کوئی خاص قدر و قیمت نہیں رکھتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۵۲

کٿياه ڳُري زِ روپس تۃِ سونس
تِوِ کھوتۃِ اناجکس مَنس پآري
کٿياه ڳُري زِ حرام ٻِکس خزانس
تِوِ کھوتۃِ حلال کس دانس پآري

❁❁❁

سونا اور چاندی (اگر ذخیرہ کر کے رکھا جائے اور لوگوں کے کام نہیں آئے) لے کر کیا کرینگے۔ اس سے تو اناج کی کچھ مقدار ہی بہت اچھی ہے جو انسان کے کام آسکتی ہے۔ اس طرح سے حرام طریقوں سے جمع کی گئی دولت کے خزانوں کو لے کر کیا کیا جاسکتا ہے کیونکہ یہ اور اس سے کئے جانے والے سب کام انسان کو جہنم میں پہنچائینگے۔

اِن سے بہتر وافضل تو حلال طریقے سے کمایا ہوا ایک دانا ہی ہے، جس میں اللہ برکت بھی دیتا ہے اور جنت بھی۔

۲۵۳

دٿيا رَن گلُن چُھپے داربن تۃِ بامن
پِيڙ مو ڈُڏِ ٻِچ کامن بر
کُھوڙان کونۃِ چُھکھ تورِ چِن پامن
یُتھنو گرڈھی دامن تر

❁❁❁

اے غافل مسلمان! تم اس چندروزہ دنیا کی چاہت اور محبت میں اتنے گرفتار اور مست مت ہو جاؤ۔ تیری ساری جمع کردہ دولت تیرے مکان کی کھڑکیاں اور دروازے بنانے میں ختم ہوگی۔

کیا تم آخرت کی رسوائی اور ذلّت سے نہیں ڈرتے ہو جب تمہیں گناہ گار کے نام سے پکارا جائے گا۔ اگر تم ہوشمندی اور دانائی سے کام لوگے اس فنا ہونے والی دنیا اور اس کی آلائشوں سے اپنے دامن (اپنے آپ) کو آلودہ اور ناپاک نہ کروگے۔

Scanned with OKEN Scanner

صبر
برداشت

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرمودات باری تعالیٰ جل شانہٗ

☆ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ ٥ (البقرۃ:۱۵۳)

اے ایمان والو! صبر اور نماز سے مدد حاصل کرو۔ بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

☆ وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ٥ (الشوریٰ:۴۳)

اور البتہ جس نے برداشت کیا اور معاف کیا تو وہ بے شک ہمت کے کام ہیں۔

☆ فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ مِنَ الرُّسُلِ ٥ (احقاف:۳۵)

اور برداشت کر جس طرح ہمت اور عزم والے پیغمبروں نے برداشت کیا۔

☆ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ٥ (لقمان:۱۷)

نیکی کی تلقین کرو اور برائی سے روکو اور تمھیں جو تکلیف پیش آئے اس پر صبر کرو۔ بے شک یہ بڑی ہمت کا کام ہے۔

❁❁❁

(۲۵۴)

صبر یوّد کرکھ سُے بو چوُنی
پیہِ لانہِ آسی تہِ اتھِ پہی
ڑٖ یوّد کرکھ 'میون تہِ میونی'
پیہِ ویتُمت ہَبا اَتھِٖ ہےٓ پی

❁❁❁

اپنے دل و دماغ میں پختہ یقین رکھ کہ صبر خوشی اور فرحت کا میوہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے تجھے ملے گا۔ رنج ہو یا راحت، ہر حال میں اُس کی رضا کے حصول کے لئے صبر کرنا بہت ضروری ہے۔ تم صبر کرو گے تو وہ تیرے ساتھ ہے۔ اُسی کا وعدہ ہے اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ (اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے) تیرے مقدر میں جو ہوگا وہ تجھے ضرور ملے گا۔

اگر تو صرف اپنی ذات، اپنے وجود اور اپنے نفس (امارہ) کا بندہ اور غلام بن کے رہے گا تو یاد رکھ تجھے اُس کے فضل و کرم سے جو ملا ہے وہ بھی تیرے ہاتھ سے جاتا رہے گا۔

Scanned with OKEN Scanner

٢٥٥

کانَن ٿُهندبن دأرک زنۂ سِپر
کرٿجہِ چھوکن پھری زبس نۂ روے
بلایہ ٿہٖنز وینّدی زبکھ شکر
ٿیّلہ چُھے ییّتہٖ کیو ٿتہِ اُبروے

مومن بندے کے لئے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنا ہی اصل مقصد ہے وہ دنیا میں آزمائشوں، تکالیف، رنج وغم اور طرح طرح کی مشکلات سے بھی ضرور دوچار ہوتا ہے۔ اُسے صبر کے ساتھ سب کچھ سہنا ہوگا۔ اسی لئے ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئے ہوئے تیروں (آزمائشوں) کے آگے سِپر (رکاوٹ یعنی دل کی تنگی۔ کراہت وشکایت یا ناگواری) نہیں رکھنی چاہیئے۔ اُس کی تلوار کے زخموں سے منہ نہیں موڑ نا چاہیئے۔ غرض اپنے مولا کی مرضی کے سامنے اپنے سرکو خم کرنا چاہئے اور تقدیر پر راضی رہنا چاہئے۔ اللہ کی طرف سے آزمائش کے طور پر) آئی ہوئی مصیبت اور ابتلا کو قند وشکر (نعمت) سمجھ کر اُس سے روحانی لذّت حاصل کر لے، پھر دیکھو گے کہ دنیا کے ساتھ ساتھ تم آخرت میں بھی آبرومند اور سرخرو ہو جاؤ گے۔

٢٥٦

سُے ژالہِ ننبد تیّمر ووُو بیوئے
ژاُرِتھ کڈبس ہامہٖ کاُئی
سونتہٖ تیّمر وُوو ہردِ تمُر لؤئے
سُے ژاو جنتس لاُگتھ واُئی

جس نے اللہ کی وحدانیت کا بیج اپنے دل کے کھیت میں بویا وہ ہر مشکل اور ہر مصیبت کو آسانی سے سہہ لے گا اور پھر وہ اس دل کے کھیت سے ہر قسم کے فالتو گھاس یعنی ہر قسم کے کفر وشرک اور نفاق اور تمام بقیہ آلودگیوں کو دور کرے گا۔

یاد رکھ! بہار میں (جوانی میں) جس نے اعمالِ صالحہ کا بیج بویا۔ موسم خزاں (بڑھاپے اور آخرت میں) وہی نیکیوں اور اچھی عملوں کا پھل پائے گا۔ وہی آدمی صحیح معنوں میں کامیاب تاجر بن کے جنت میں داخل ہوا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

اِنکساری

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

☆ وَلَا تَمْشِ فِي الْأَرْضِ مَرَحًا إِنَّكَ لَن تَخْرِقَ الْأَرْضَ وَلَن تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُولًا ۝ كُلُّ ذَٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهُ عِندَ رَبِّكَ مَكْرُوهًا ۝ (بنی اسرائیل: ۳۷-۳۸)

اور زمین پر (غرور سے) اکڑ کر مت چلو۔ نہ تم زمین کو پھاڑ سکتے ہو، اور نہ بلندی میں پہاڑوں کو پہنچ سکتے ہو۔ یہ سارے بُرے کام ایسے ہیں جو تمہارے پروردگار کو بالکل ناپسند ہیں۔

☆ وَعِبَادُ الرَّحْمَٰنِ الَّذِينَ يَمْشُونَ عَلَى الْأَرْضِ هَوْنًا وَإِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُونَ قَالُوا سَلَامًا ۝

(الفرقان: ۶۳)

اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر عاجزی سے چلتے ہیں۔ اور جب جاہل لوگ اُن سے (جاہلانہ) باتیں کرنے لگیں تو (ان کو) سلام کریں (اور ان سے الگ ہو جائیں)۔

(۲۵۷)

ٻہہ ہے اُسر زے، شال زن پُکر زے
شرعک سوّتھ نو ژُڈُ زِ نہٕ زانہہ
ژھانٹھ نےَ زاُنز زے، بُٹھی بُٹھی پُکر زے
وُنن یہ پڑے تہٕ کھٹہٕ زِ نہٕ زانہہ

چاہے تُجھے حکمرانی کا جاہ وجلال نصیب ہو جائے یا علم وہُنر میں فضل وکمال یا تقویٰ شعاری کی وجہ سے سماج میں معزز مرتبہ حاصل ہو یعنی کسی بھی صورت حال میں تم شیر کی طاقت اور نمایاں مقام رکھتے ہو۔ تجھے اِنکساری اور تواضع اختیار کرنا چاہیۓ اور اسلامی شریعت کی حدود کو کسی بھی حال میں نظرانداز کر کے پھاندنا نہیں چاہیۓ بلکہ شریعت کی بالادستی کو قول و فعل سے تسلیم کرنا چاہیۓ اور اگر تم تیرنا نہیں جانتے ہو (یعنی دنیاوی یا دینی حیثیت میں کم پایہ وکم علم ہو) تو کنارے ہی کنارے چلو (یعنی دین کے بنیادی احکام پر کاربند رہو)۔

لیکن جو بات کہنے کی ہے یعنی اللہ تعالیٰ کا شریک ہونے سے منزّہ اور پاک ہونا۔ اس کو کبھی نہیں چھپانا۔ شرک کی طاقتوں سے تم کو کبھی بھی مرعوب نہیں ہونا چاہیۓ اور توحید کا اعلان بلاخوف لومتہ لائم کرتے رہنا چاہیئے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۲۵۸)

نصرو! مو ژچھ ئمی کیا کوٗرُو
پننہٕ نِس پانس کرِو نظراہ
نُندٕ ریشہٕ ییتہِ خوداۓ سوٗرو
رَچھتن ییٚتہِ تتہِ یا اَللہ

مومن کو ہدایت ملی ہے کہ وہ ہر وقت اپنی ذات، اپنے اعمال وافعال کا احتساب کرتا رہے۔

اے نصر بابا! تو دوسروں کی ٹوہ میں نہ رہا کرو۔ نہ یہ دیکھنے کی فکر کر کہ کس نے کیا کیا۔ تو اپنے آپ کا خیال رکھ اور اپنی خامیوں اور کوتاہیوں کو جانچتے رہو۔ نندہ ریشی نے اس عالمِ رنگ و بوٗ میں فقط ایک اللہ سے محبت و عبودیت کا رشتہ مضبوطی سے جوڑا۔ اے میرے مولا! اس دنیائے فانی میں اور عالمِ آخرت میں بھی تو ہی اس کی حفاظت اور پرورش فرما۔

غیبت
و
بدگوئی

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرمانِ باری تعالیٰ جل شانہٗ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ۝

(الحجرات:۱۲)

اے ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچو، بعض گمان گناہ ہوتے ہیں اور کسی کی ٹوہ میں نہ لگو اور ایک دُوسرے کی غیبت نہ کرو۔ کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرے گا کہ وہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے؟ اس سے تو خود تم نفرت کرتے ہو! اور اللہ سے ڈرو۔ بیشک اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا، بہت مہربان ہے۔

یُس یتھ سہ تیتھ پانس
ڑے نادانس رووے کٹیاہ
امہ غائبڑ چھہ لگی ایمانس
پانس کھوتہ بیاکھ وندن خاصاہ

جو آدمی جیسا بھی ہے۔ چاہے اچھا ہے یا بُرا۔ صالح ہے یا بدکار وہ اپنے لئے ہے۔ آخرت کے سفر میں کوئی کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھائیگا اور قیامت کے روز ہر ایک اپنے بوجھ کو اُٹھائے ہوئے ہوگا۔

ارے نادان، تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ تم دوسروں کی غیر حاضری میں اُن کے عیوب اور خامیاں اُچھالتے رہتے ہو۔ اس غیبت سے، تیرا اپنا ایمان خطرہ میں پڑ جائے گا۔ ایمان و اسلام کا تقاضا ہے کہ اپنے سے زیادہ اچھا اور خاص دوسروں کو سمجھنا چاہئے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

٢٦٠

يَام چھے تاپھ دوہ گُرِے
تام کاُماہ کرتو ڈُرکتھ
اَرزتھ لُر، مؤر تہ گرے
لوکن سیتین ہَر کتَھ؟
سونٔبرِتھ مانچھ تَھوان ٹُکرے
پَتو گرٔھان ژٔھر گَتھ

جب تک دھوپ اور دن کا وقت (یعنی جوانی، صحت، عمر) باقی ہے تب تک کام (اعمالِ صالحہ) انجام دیتے رہو، تیری دولت، مکان، اپنا وجود- سب تیرے اپنے (گھر) پاس ہے، لوگوں کے ساتھ پھر جھگڑا کیوں؟ یاد رکھ! شہد کی مکھیاں شہد جمع کرتی رہتی ہیں (طمع اور لالچ کرنے والا بھی اسی طرح مال و دولت جمع کرتا ہے) لیکن آخر کار شہد کی مکھیوں کی قسمت میں خالی چکر لگانے ہوتے ہیں۔ اسی طرح لالچی کو آخر میں کچھ حاصل نہیں ہوتا ہے۔

٢٦١

سرِی مٔزرِی خرِی زَن ژٔھنم تَھاہ
دیو گُنہ وونت لَبہٕ ہا
دِیُتُم نہٕ بوٚچھس بُوزن نٔبس پَھاہ
اَتھٕ دِیتُم نہٕ، تَتہٕ بَرات لَبہٕ ہا

دَلدل والی جھیل (دنیا) میں، میں نے گدھے (احمق) کی طرح چھلانگ ماری، اس خیال سے کہ میں اس کی گہرائی (حقیقت) کو پاسکوں، لیکن اس دلدل (دنیا) میں ایسے پھنسا رہا کہ میں نے کسی بھوکے کو کھانا نہیں کھلایا، نہ ہی کسی ننگے کو کپڑا پہنایا تاکہ وہ سردی سے محفوظ رہے۔ میں نے اپنے ہاتھ سے کچھ بھی نہیں دیا۔ میں آخرت میں نجات کی کیا امید کرسکتا ہوں۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

دُنیا پرستی
اور
اُس کا انجام

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرمودات باری تعالیٰ جل شانہٗ

☆ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَآ إِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ٥

(آل عمران:۱۸۵)

اور یہ دُنیوی زندگی تو (جنت کے مقابلے میں) دھوکے کے سامان کے سوا کچھ بھی نہیں۔

☆ وَمَا الْحَيَاةُ الدُّنْيَآ إِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ٥ (الانعام:۳۲)

اور دُنیوی زندگی (بس چند دنوں کے) ایک کھیل تماشے کے سوا کچھ نہیں۔

☆ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا٥ وَالْآخِرَةُ خَيْرٌ وَّأَبْقٰى٥ (الاعلیٰ:۱۶۔۱۷)

لیکن تُم لوگ دُنیوی زندگی کو مقدم رکھتے ہو، حالانکہ آخرت کہیں زیادہ بہتر اور کہیں زیادہ پائیدار ہے۔

❁❁❁

(۲٦۲)

رزِ تۂ گرٕ ے بُتل مینم
اَپُز کران ژِیوُنم مو
پتو مژ سرٕ تَھپھ زن ژھینم
زبتھ دُنٔ یہس کینٛہہ زیوُنم مو

❁❁❁

عیش و عشرت اور دنیا سے لطف اندوز ہونے کے لئے میں ہر طرف ایسے گھوما جیسے کہ میں رسی اور گز لے کر زمین کو ماپنے گیا تھا اور ہر جگہ جھوٹ اور فریب کاری سے کام لیتے ہوئے میں یہ محسوس ہی نہ کر سکا کہ میں کوئی غلط کام کر رہا ہوں۔

آخر سمندر کے بیچ میں کشتی کے پتوار سے میری پکڑ ہی کٹ گئی اور اب مجھے افسوس ہے کہ دنیا میں آ کر میں نے (آخرت کے لئے) کوئی اچھی کمائی نہیں کی ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۶۳

ژُوِ مُیانے گُلِ انارے
چھی شوٗبہ وِژی گُلُر تہِ رنبہِ وِنہ مَڑھے
تِم یِیلہ دزنم دوزخہِ نارے
اِوِ کیاہ کرِ تہِ اِوِ کوٚت گرڑھے

❁❁❁

اے میری پیاری انار کے پھول جیسی پیاری جان! تیرے ہاتھ بہت ہی خوبصورت اور تیرے بازو کیا ہی خوبصورت ہیں۔

مجھے تو یہ غم اور خوف کھائے جارہا ہے کہ یہ میری پیاری رنگت، خوبصورت ہاتھ اور بازو اگر میری بداعمالی کی وجہ سے جہنم کی آگ میں جلائے جائینگے تو میں کیا کروں اور کہاں جاؤں۔ صرف اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور عفو ودرگزر کی اُمید اور سہارا ہے۔

۲۶۴

بَیہ چُھم تمہِ سُمہ اثد کیتھِ واتےِ
ییٚمہ ٹلی چھےٚ پکان نارِوِ کول
ہنگہِ وۋتھ ززُر کنگ زن سوتے
سوٚتتھ پےٚ یَم اکےَ زول

❁❁❁

اللہ تعالیٰ کے ہاں اپنی گرہ میں اعمالِ صالحہ کے قابلِ قبول سرمایہ کی کمی کا شدید احساس کرتے ہوئے مجھے بے انتہا ڈر اور خوف لگ رہا ہے کہ آخرت میں اس پُلِ صراط کو میں کیسے پار کرسکوں گا جس کے نیچے دہشت ناک لہریں مارتا ہوا آگ کا دریا بہتا ہے۔ اس کا حال مجھے کچھ بھی معلوم نہیں، میرا دہکتا ہوا الاؤ جیسا نوجوان وجود عمر گزرتے گزرتے راکھ کا ڈھیر بن گیا جس کے سر سے نیچے تک راکھ کی زرد تہہ جمی ہوئی ہے جو الاؤ کے تھمنے کی علامت ہے۔ اب میرے کئے ڈھیلے ہوگئے ہیں اور بس نیند کی ایک ہی (آخری) جھپک کی دیر ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۲۶۵)

مو کانچھ شُری مُری تۃِ گبر
مو بَر گُمانہ بہ چُھس دُنیا دار
کاٹی ہوش تھکی تروپنہ یئے زِ بر
شُری مُری تۃِ گبر اِدِ گنڈنےَ لار

اپنے بال بچے اور جوان بیٹوں کو دیکھ کر، گھمنڈ اور غرور نہ کر یہ جان لے کہ یہ اللہ کا فضل ہے۔ یہ خیال مت کر کہ تم دنیا دار (دولت مند) ہو۔ یہ سب نعمتیں زوال پذیر ہیں۔

ایک وقت آئے گا جب تیرے ہوش وحواس ختم ہو جائینگے اور مرتے ہی تیرے بال بچے، بیٹے جلدی جلدی تجھے گھر سے نکال کر دفن کرینگے جہاں تیری قبر کے دونوں پٹ بند ہو جائینگے۔

(۲۶۶)

کوٹۂ رایو مَر لُزایہ پٹھ سنگرن
تتھ ہوی سنگینۂ روٗدی نہ یَتی
سکندَرن راج کوٚر دون بۄ سَرن
تس تۃِ نو دولت وُٲژھے ہتی

کوٹ راجاؤں (نواب اور چھوٹے راجاؤں) نے اپنے اپنے محل تو مضبوط چٹانوں کی بنیاد پر تعمیر کئے تھے۔ اس خیال سے کہ یہ محلات پائیدار ہیں اور ہمیشہ محفوظ رہینگے لیکن یہ مضبوط عمارتیں بھی بادِفنا سے مسمار ہو گئیں۔

یونان کے فاتح اعظم شہنشاہ سکندر نے دنیا کے ایک عظیم اور وسیع حصے پر حکومت کی لیکن مرتے وقت وہ سلطنت اور دولت اُس کے ساتھ تو نہیں گئی وہ خالی ہاتھ دنیا سے چلا گیا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۲٦۷)

یمن کپاہ کرکھ دیا رَن
یم ہو روزنے پیتی
نماز پڑ ژِھ ہو مارن
پاپھ زپنتھ ءکتی
نظراہ کرتو اَند مَزارن
ساأری ژِ ژمو أتی

دنیا کی دولت کو جمع کرنے میں بے فکری کے ساتھ لگے ہوئے ہو۔ اس کو لے کر کیا کرو گے جبکہ تجھے ایک دن ضرور مرنا ہے اور یہ دولت یہیں دھری کی دھری رہ جائے گی۔

تم نماز ادا نہیں کرتے ہو اور گناہ کماتے ہو۔ یاد رکھ! آخرت میں سب سے پہلے نماز کی ہی پُرسش ہوگی اور بے نمازیوں پر مار پڑے گی۔ عبرت کے لئے ذرا ایک نظر ویران قبرستانوں پر بھی ڈال دو۔ ہم سب کو اسی زمین میں مل کے جذب ہونا ہے۔

(۲٦۸)

زُو ییٚلہ ژَمی کھمن نو روژی
رَنہِ مۆ نعمو ہوژِ نے
ماز ییٚلہ چھوٚنی، چھوٚنی روزی
گرِکی بأژ تام کھوژِنۓ

جب تیرا جسم اُتر جائے گا تو تجھے معمولی کھانا بھی ہضم نہ ہوگا اور گھر میں پکائی ہوئی نعمتیں تیری آنکھوں کے سامنے سڑتی رہینگی۔

تیرے جسم سے دھیرے دھیرے گوشت اُترنے کے ساتھ ساتھ تیری روزی بھی کم ہوتی جائے گی اور تم ایک خوفناک ڈھانچہ بن جاؤ گے۔ شکل وصورت ایسے بگڑے گی کہ گھر کے لوگ بھی تم سے ڈریں گے۔

Scanned with OKEN Scanner

آذنہٕ گیوس گرِس کبتھ ویرس
مرِتھ پیرس زٔنے وبم بنگے
تتہِ کیاہ کرود لوبہٕ وٕنس پھیرس
ییتہ بُڈتھ چھنہٕ روزان زنگے
زٕو تیوٗتھ روٗچھمکھ ییتھ تیوٗر نیرس
پتو بزٕنے نارٕوِ کنگے

میری جان، اب کس کس غفلت پر ماتم کروں!

اپنی جوانی لہولعب میں گنوادی جب عبادت واطاعت اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ پسندیدہ ہے۔ میں گھوڑے پر سوار ہوکر مرغزاروں اور گلستانوں کی سیر سے لطف اندوز ہوتا تھا اس وقت یہ بھول گیا کہ مرنے کے بعد میری قبر ویرانی کا منظر پیش کرے گی اور اس پر بھنگ اُگ آئے گی۔ اُس وقت میرا یہ خوبصورت سراپا کسی کام کا نہیں رہے گا جب بڑھاپے میں میری ٹانگیں چلنے سے معذور ہونگی۔

اے میرے وجود! میں نے تجھے ایسی ناز ونعمت سے پالا جس طرح چراگاہوں اور مرغزاروں میں بھیڑ کو پالا جاتا ہے لیکن یاد رکھ! اگر تو بُرے اعمال کی انجام دہی میں مصروف رہا تو تجھے جہنم کی آگ کے الاو میں بھنا جائے گا۔

آدنہٕ پرلبن زوگُم
چھوٕمُت لوگُم پہلوان
ژندُن ژٹتھ ارکھوٗل سوٗگُم
مار خور لوٗگُم پتہٕ شیطان
داہ بأژ رٔچھتھ ٔستی کانٛہہ نہ لوٗگُم
تتھی ڈٕٹھ گرِم موٗزم پان

افسوس! نوجوانی میں لوگوں کا مال ہڑپنے کی تاک میں رہا اور میں ایسا پہلوان بن گیا جو ہر برے کام کرنے پر کمربستہ رہا۔

میں نے صندل (نیکی) کے درخت کو کاٹ دیا اور ارکھول (زہریلا درخت: بُرائی) کو سینچتا رہا۔ قاتل شیطان میرے پیچھے پڑ گیا لیکن ہائے افسوس! (یہ بات اپنی عمر گزرنے کے بعد میری سمجھ میں آئی) کہ بڑے کنبے کی سرپرستی کرنے کے باوجود مرتے وقت میرے ساتھ کوئی قبر میں نہیں جائے گا۔ میں نے بہت ہی بُرے کام کرکے اپنی عمر ضائع کی۔

(۲۷۱)

توشان توشان وودُر بۆ رُم

ززٕرک روخس وۆلم پان

زَزُر بٕرگس بٕرگس پھورُم

ٲرم گوناه ستٕ گوٗلُم جان

❁❁❁

حلال وحرام سوچے بغیر میں بڑے ہی شوق اور سرمستی کے ساتھ اپنا پیٹ بھرتا رہا۔ کبھی یہ غور سے نہیں دیکھا کہ حلال کیا ہے اور حرام کیا ہے۔ میں مالِ دنیا کی جمع آوری میں پاگل ہوا تھا اور اس طرح میں اپنے زرد چہرے (کمزور اور بوسیدہ ہونے والے وجود) کو مصنوعی چمک دمک سے خوبصورت بناتا رہا۔

آخر کار میری رگ و پے اور ہر استخوان کو بڑھاپے کی کمزوری نے آن پکڑا تب جا کے مجھے اپنے گناہوں کا احساس ہوا جن کو انجام دیتے دیتے میں نے اپنے وجود کو ہڈیوں کا ڈھانچہ بنا کے ایک اللہ کی عبادت اور توبہ کرنے کے لائق نہیں رکھا۔

(۲۷۲)

یاونٕہ بُمہ سِنہ دِگ وِژم ستٕہ تی

ٲرِتھ ژِلہ گوم رَژٕ پھٔلی

جوابس وسنم کوتاہ منٕدِ چِھی

پاپ دوہے وٕنِدم دَچھ پھٔلی

❁❁❁

میری جوانی کو (جو کیچوے کی طرح نرم و نازک (اور صاف و شفاف) تھی کو ہُد ہُد (نفسِ امارہ) نے اپنی چونچ بار بار ایسی ماری (بار بار حملے کیئے) کہ اُس نے میرے دل وجگر کو ریزہ ریزہ کر کے رکھ دیا (یعنی نفس امارہ نے مجھے دنیا پرستی میں اُلجھا کر میری جوانی ضائع کر دی) میں نے گناہوں کو میٹھے انگور کے دانے سمجھ کر انجام دیا۔

میں اپنے بُرے اعمال کی وجہ سے کتنا شرمندہ ہو جاؤں گا جب دفن ہونے کے بعد میری قبر میں نکیر و منکر مجھ سے ایمان و اعمال کے بارے میں سوال کرینگے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۷۳

پانہٕ میانہٕ پٔنم ژٔندرو
موکھٕ زَن ڈیوٹھے ژٔندرٕنے
چھاپہٕ پچہ ییلہ ڈٕلہ نے یٔندرو
اِدٕ باَژن گرٕ ھکھ کٕھری وُنے

اے چودھویں کے چاند میرے جوان وجود، واقعی تیرا چہرہ چاند جیسا دکھائی دیتا ہے لیکن کیا تجھے اس بات کا بھی کوئی خیال ہے کہ بڑھاپے کی عمر میں جب تیرے وجود کی چھاپڑی کی بنیادی تیلیاں (مضبوط ہڈیاں) ڈھیلی ڈھالی ہو جائیں گی تو تجھے اپنے گھر کے لوگ بھی ناپسند کرنے لگیں گے۔

۲۷۴

زٕبتھ کٕناہ کوٚرُم سیاہ روٗیے
پاپُن لاریوم بوٗیے بد
پاپہٕ ننن کامنن کوٚرُم خوٗیے
سأری چھِ نیک تہٕ بٔے چھس بَد

ہائے اپنی غفلت اور حرماں نصیبی!

اس دنیا میں پیدا ہونے کے بعد میں نے سیاہ روئی (گناہوں) کے بغیر کیا حاصل کیا؟ مجھے گناہوں کی بد بو لگ گئی اور مجھے بُرے کاموں کی لت پڑ گئی اب مجھے شرمندگی اور پشیمانی ہے، جب میں دیکھتا ہوں کہ باقی سب لوگ نیک کام کرتے کرتے نیک بن گئے اور میں اپنی بداعمالی کی وجہ سے بُرا ہی رہا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۲۷۵)

ہاڑس نبندر پیٔیم یامتھ پوہ گوٗم
کارس دوہ گزنز ژام نہ اکھ
تیٔلہ پیوس فِکرن یِیٔلہ وۄتھُن کوہ گوم
پتے آم یَم یۄرِکر دوہِنم پگھ

❁❁❁

ہائے اپنی غفلت اور بدنصیبی!

میں بہار کے موسم (ہاڑھ) میں غفلت کی نیند سوتا رہا یہاں تک کہ "پوہ" یعنی موسم خزاں آ گیا۔ اس پورے عرصے میں کام کا ایک دن بھی گنتی میں نہیں آیا یعنی ساری عمر بڑھاپے تک غفلت میں گزاری اور وہ کام نہیں کئے جو کرنے تھے اور ہوش تب آیا جب ضعف پیری میں کھڑا ہونا میرے لئے بہت مشکل ہو رہا ہے اور اب میرے پیچھے موت کا فرشتہ لگا ہوا ہے جو مجھے بُلا رہا ہے۔

(۲۷۶)

دُنٔی یِہس آیائے بأجی بأجی
سمِتھ کر ہو بأجی وَٹھ
أچھن بڑونٹھ کنہِ گو مول مأجی
وُچھتہِ سأنٔی وأنج کیٔاہ گٔے وَٹھ

❁❁❁

اس دنیا میں ہم ایک دوسرے کے ساتھی بن کر آئے تھے اور ہمارا فرض تھا کہ ہم تَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ (نیکی اور پرہیزگاری کے کاموں میں ایک دوسرے سے تعاون کرو اور گناہوں اور ظلم وزیادتی پر ایک دوسرے کی مدد نہ کرو) کے حکم الٰہی پر عمل کرتے (مگر ہم نے اس کے برخلاف کیا) جبکہ ہماری آنکھوں کے سامنے ہی ہمارے ماں باپ اس دنیا سے چلے گئے۔

افسوس ہے ہم پر! ہم کتنے سنگ دل بن گئے ہیں۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۲۷۷)

ژیوٗنم نہ یام مندٕعِن دوہ گوم
زیوٗنم نہ کینٛہہ تہٕ اُنجم ہٕکھ
کوٗٹھی مے تھکِم تہٕ کاروانہ برٛونٹھ گوم
سنگر دوہ گوم ڈٔلِتھ کتھ
یاوٗن میون سُہ کور سَنا گوم
یوٗن والن کأکر تہٕ نأوِتھ کتھ

ہائے افسوس! غفلت کی مستی میں مجھے پتہ ہی نہ چلا کہ میری عمر کا روشن اور تابناک دن (یعنی نوجوانی کا تابناک دور) ضائع ہو گیا اور کمایا تو کچھ بھی نہیں (نیک اعمال کا سرمایہ کچھ نہیں کمایا) یہاں تک کہ موت کا بُلاوا شروع ہو گیا۔ میری طاقت اور توانائی ختم ہو گئی اور اب گھٹنے چلنے پھرنے سے معذور ہیں میں جس کارواں کے ساتھ تھا وہ تو اپنے نیک اعمال کے سفر میں بہت آگے ہے بس میں ہی پیچھے رہ گیا یہاں تک کہ میرا دن ڈھل گیا۔

ہائے اپنی بدنصیبی! جوانی کیا ہوئی بالکل معلوم ہی نہیں ہوا، اب کچھ وقفے کے بعد لوگ میرے کفن دفن کو انجام تک پہنچا ئینگے۔

(۲۷۸)

زٔزٕری تَھپھ گیٚیم عُمرِ سَبزارس
یاوُن یارَس ےکتٕ کرِ وأنی
أخر ژَمہٕ وو سأری مَزارس
نارس ووٚزٕ کتہٕ سارس پأنی

ہائے اپنی اُٹھتی ہوئی جوانی! جس میں اللہ تعالیٰ میری بندگی، اطاعت وعبادت سے مجھ پر بہت خوش اور مہربان رہتا، مجھے افسوس ہے کہ وہ میں نے لہو ولعب میں ضائع کی۔ اس گزری ہوئی جوانی پر میں اب کتنا ماتم کروں۔ میری عمر کا سبزہ زار اب زرد ہو کے مرجھا گیا ہے اور اب حقیقت سمجھ میں آ گئی کہ ہم سب کو مزار (قبرستان) میں جذب ہونا ہے،، اپنی کی ہوئی خطاؤں اور گناہوں کی آگ کو بجھانے کے لئے اب پانی کہاں سے لاؤں؟

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

٢٧٩

دوہ دَرٕ لوٚگُم تہٕ کوٗرِ دمہٕ تھپہٕ
مَندِنس زوٗنُم راتھ، کیاہ
سر فو دِژم اُڈی جن ٹوپہٕ
لَسے کیاہ تہٕ مرے کیاہ

✿✿✿

میرا دن غروب ہونے کو ہے (عمر ختم ہو رہی اور بڑھاپا تیزی سے جسم وجان پر قبضہ جما رہا ہے) میں نے اپنے روشن دن (نوجوانی) کو رات (معمولی بات) سمجھ کر ضائع کیا۔ اب جسم کی کمزوری اور ناتوانی کی وجہ سے میں ہاتھ پاؤں کیا مار سکتا ہوں۔

سانپوں (گناہوں اور احکامِ الٰہی کی نافرمانیوں) نے میری ہڈیوں کا گودا تک ڈس لیا۔ اب میں کیسے جیوں؟ (کیونکہ نیک اعمال کی انجام دہی اور توبہ کرنے کے لئے) میرے پاس وقت ہی نہیں رہا اور اگر مروں تو کیا لے کر۔ میرا نامۂ اعمال سیاہ ہے۔

مذمتِ اعمالِ کفر وشرک

Scanned with OKEN Scanner

فرمودات باری تعالیٰ جل شانہٗ

☆ إِنَّهُ مَنْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَأْوَاهُ النَّارُ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنْصَارٍ ○ (المائدہ:۷۲)

یقین جانو جو شخص اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرائے، اللہ نے اس کے لیے جنت حرام کردی ہے اور اس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ اور جو لوگ (یہ) ظلم کرتے ہیں ان کو کسی قسم کا یار و مددگار میسر نہیں آئیں گے۔

☆ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرَىٰ إِثْمًا عَظِيمًا ○ (النسآء:۴۸)

بے شک اللہ اس بات کو معاف نہیں کرتا کہ اس کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا جائے، اور اس سے کمتر ہر بات کو جس کے لیے چاہتا ہے معاف کر دیتا ہے، اور جو شخص اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراتا ہے وہ ایسا بہتان باندھتا ہے جو بڑا زبردست گناہ ہے۔

☆ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ ○ (لقمان:۱۳)

بے شک شرک بڑا بھاری ظلم ہے۔

مسلمان یَم ہندیُت پکن
شکن کیٔاہ کرَن، کیٔاہ کرَن بوئے
یقین چُھکھ کفرُک، مسلمانٔی تھکن
سینہِ چھکھ نہ صاف چھکھ بد خوٚیے
گُہہِ یَم لِوَن تہٕ نعمژ چھکن
تِم قیامژ دوہہ ووتھن سیاہ روٚیے

جو مسلمان ہندوانہ طرز معاشرت اور مُشرکانہ اعتقادات غیر اسلامی رسم و رواج، اکابر اور مُردہ پرستی، گرو پرستی وغیرہ غیر اسلامی عقیدے، صحیح جان کر انہیں اپنائیں وہ تذبذب، شکوک و شبہات اور توہمات کی مہلک بیماری میں مبتلا ہیں۔ یہ عجیب و غریب بے وقوف ہیں اپنی توہم پرستی کی وجہ سے یہ لوگ کفر پر یقین رکھتے ہیں اور پھر مسلمانی پر فخر بھی کرتے ہیں لیکن ان کا ضمیر کفر و شرک اور بدخو صحبت سے مردہ اور ناصاف ہو چکا ہے۔

یاد رکھو! جو لوگ گوبر سے اپنے مکان، دہلیز، رسوئی اور چولہے کی لپائی، اُن کو پاکیزہ بنانے کے خیال سے کرتے ہیں۔ وہ قیامت کے دن اپنی اپنی قبروں سے سیاہ رو اور ناکام و نامراد ہو کر اُٹھائے جائینگے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

(۲۸۱)

وَے مو دِپو موکھےَ آسی
پھل مو آسی اِر کھلِن
سنِن سَرن زبِو مؤ آسی
گسِو مو آسی واندرَن

❀❀❀

اللہ تعالیٰ ایک ہی ہے وہ بے نیاز ہے۔ نہ اس سے کوئی پیدا ہوا نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور کوئی بھی اُس کا ہم سر نہیں ہے۔ وہ کسی مخلوق (دیوتا، اوتار، ولی، فقیر، درویش) کی شکل وصورت، روپ رنگ والا نہیں ہوسکتا۔

جس کا عقیدہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کسی انسانی یا دیوتائی صورت (یا جسم میں حلول یا اوتار دھار کے) میں بھی ہوسکتا ہے وہ بالکل احمق اور عقل سے کورا ہے۔ وہ اپنی بے وقوفی اور جہالت کی وجہ سے ارکھل جیسے زہریلے درخت سے میوہ پانا چاہتا ہے۔

گہری جھیلوں میں کوئی دیوی دیوتا (انسانی زندگی) نہیں ہوسکتی جیسا کہ مُشرک لوگوں کا عقیدہ ہے۔ بندروں کے پاس گھی کیسے ہوسکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو انسانی شکل میں متصور کرنا ایسی ہی اوٹ پٹانگ باتیں ہیں اور یہ سراسر توہم پرستی اور عقل وشعور کی کمی کا نتیجہ ہے۔

(۲۸۲)

گُہہِ لِوُنَس تہٕ گرٛیمُت چَنبَس
دود گسو کھنبس اوم کیو زومُے
ماز ڈیٖشتھ لوٗب کیازِ ہیٛنس
بٹن ہُند شوژر درٛینٹھ کتہِ آوُے

❀❀❀

گائے کے گوبر سے رسوئی اور برآمدے کی لپائی کرنے اور گائے بچھڑے کا پیشاب پینے میں اور پھر گائے کا دودھ، دہی اور گھی کھانے میں جب کوئی کراہت اور رکاوٹ نہیں تو پھر گائے بچھڑے کا گوشت دیکھتے ہی وہ دور کیوں رہتے ہیں۔

کشمیری پنڈتوں کو شوٗچ اور اشوٗچ نظر کہاں سے آ گیا۔ انتہائی حیرت کا مقام ہے کہ حلال وحرام کی کیا عجیب وغریب پہچان ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۸۳

مسلمان یُس ہِنٛدیُت پالہِ

کرِ أنتھِ بدٕ خصم رٕنٛز اکھ

تیٖلِ ترأوِتھ لٔشِہ یُس زالہِ

تَس کأیس کرٕزٕل تٕہٕ اَتھن پھکھ

اکھ کھور ووٕکھلی بیٚاکھ ناوِ والہِ

پٔشِہس آسہِ ژٕکہٕ وانہٕ ہگھ

جو نام نہاد مسلمان ہندوٗ یعنی کفر وشرک کے عقائد، اکابر اور مقابر پرستی اور مشرکانہ رسوم ورواج کو اپنا شعار اور مذہب بنائے اس کی مثال ایسی باکرہ عورت ہے جو لاتعداد شوہروں کی بیوی بن جائے۔ وہ تو بالکل احمق ہے جو صاف تیل سے جلنے والے چراغ کو چھوڑ کر لٔشی TORCHWOOD نام کی بدبو اور کالک سے بھری دھواں دار لکڑی کو جلائے۔ اس کے ہاتھ بدبودار ہونگے اور اُس کا چہرہ بھی سیاہ ہوگا۔ اس کی سوچ ڈانواڈول ہے اور وہ منافق ہے۔ اُس کا ایک پاؤں کشتی

باقی اگلے صفحہ پر

میں اور دوسرا ساحل پر۔ وہ کولہو کا بیل جیسا ہے۔ اس کی آنکھوں پر ادھ کھلی پٹی رکھی گئی ہے اور ایک ترچھے (بینڈے) ڈنڈے میں لگی رسی کو اُس کے گلے میں لٹکا کے اُس سے کولہو کے اردگرد چکر لگوائے جا رہے ہیں پھر تیز تیز چلنے کے لئے اُسے کبھی زور کی آواز سے اور کبھی دھتکار کر تیزی سے ہنکایا جاتا ہے۔

خصم: شوہر۔ رٕنٛز: باکرہ: غیر شادی شدہ عورت۔ لٔشِہ: پہاڑی علاقوں میں مشعلیں بنانے کے کام آتی ہے۔ یہ کائرو کے درختوں کی لکڑی کا حصہ ہوتا ہے۔ کرٕزٕل: سیاہی ۔ ووٕکھلی: پیدل۔ پوش، پوشو: حیوان: یہاں مطلب بیل ہے ژٕکہٕ وان: کولھو: (اور جگہ بھی جہاں ہوتا ہے) ژکھ: ترمٹی کا بڑا اور وزنی تودہ۔

(۲۸۴)

کونگم ڈارس بنگہِ ئمی ؤویو
واٹس گوس ملہِ وِتھ رَتھ
لۆب وُچھنس کن وتھ ئمی ہاؔویو
راؔو یو منز بازارس وَتھ

تیرے زعفران کے کھیت (دین برحق اور مَزْرَعَۃُ الْآخِرَۃ (آخرت کی کھیتی) میں بھنگ کی بوائی (بربادی اور ویرانی) کس نے کی اور تو نے نفسِ اَمّارہ کے کہنے پر حلال کمائی میں حرام کی ملاوٹ کی۔

حقیقت یعنی قرآن وسُنّت سے دور رہنے کے رستے پر تم کو کس نے لگایا اور تو اپنی جہالت، نادانی اور قرآن کریم کی آیات پر غور وفکر نہ کرنے کی وجہ سے دنیا کے بھرے بازار میں اپنا اصلی راستہ (صراطِ مستقیم) کھو بیٹھا۔

ذات، نسب
دُنیاوی
جاہ وغرور

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

فرمودات ربی تعالیٰ جل شانہٗ

☆ یَآ اَیُّھَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنَاکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی وَجَعَلْنَاکُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقَاکُمْ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ ۝ (الحجرات:۱۳)

اے لوگو! حقیقت یہ ہے کہ ہم نے تُم سب کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے، اور تمھیں مختلف قوموں اور خاندانوں میں اس لیے تقسیم کیا ہے تا کہ تم ایک دوسرے کی پہچان کرسکو۔ درحقیقت اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم میں سب سے زیادہ متقی ہو۔ یقین رکھو کہ اللہ سب کچھ جاننے والا، ہر چیز سے باخبر ہے۔

☆ اِنَّہٗ لَا یُحِبُّ الْمُسْتَکْبِرِیْنَ ۝ (النحل:۲۳)

وہ (اللہ تعالیٰ) یقیناً گھمنڈ کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

☆ اَلَیْسَ فِیْ جَھَنَّمَ مَثْوًی لِّلْمُتَکَبِّرِیْنَ ۝ (الزمر:۶۰)

کیا جہنم میں مغروروں کا ٹھکانا نہیں ہوگا؟

وُچھتہِ آذر پُٹ تِلو گوُرُو

گوبُر تُمی سُند خلیل اللہ ؑ

جہاد تُمی سُند کوُتاہ ژوُرُو

اتھہِ ستّی لوُدُن کعبۃُ اللہ ۔

جو اپنے خالق و مالک سے ہدایت کا طلب گار رہا اور اس کے لئے کوشش بھی کرتا رہا وہ ہدایت کی نعمتِ جاوید سے فیض یاب ہوا' اور جو کفر و ضلالت پر ہی ہٹ دھرمی کے ساتھ قایم رہا وہ پھر مکمل طور پر گمراہ ہوا، دیکھئے آذر بُت تراش' کفر و گمراہی' میں ہی مر گیا' جب کہ اس کے بیٹے ابراہیمؑ نے اپنے رب کو پہچان کر صرف اسی کو اپنا معبود، خالق و مالک' اور رزاق' مان لیا' اُسی کے حکم پر چلا اور وہ پیغمبری کے درجہ پر پہنچا اور اللہ نے اُسے اپنا خلیل' یعنی دوست بنایا' اللہ کی راہ میں اُسنے خدائی کا دعویٰ کرنے والے جابر و قاہر حکمران نمرود کے خلاف جہاد کیا اور خانۂ کعبہ کو اپنے ہاتھوں سے تعمیر کیا۔

(۲۸٦)

ابو جھل ناپاک مؤرُو
مکۂِ منڙِ کوڙُن رسول اللہؐ
خزانہِ أندرے کوتاہ ڙھورو
قاتلس تھندس رحمتُ اللہ

کفر وشرک سے بڑھ کر اور کوئی ناپاک اور مُردار چیز نہیں ہے
ابوجہل تو اپنی جہالت کی وجہ سے کفر اور شرک کے غلیظ گڑھے میں گر گیا تھا، اسی وجہ سے وہ نہ صرف رسول برحق ﷺ کی مخالفت کرتا تھا کہ وہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کیوں کہتے ہیں اور دوسروں کو بھی یہی پیغام کیوں دیتے ہیں۔ بلکہ اُس نے آں حضور ﷺ کو قتل کرنیکی سازش بھی کی تھی جسے اللہ تعالیٰ نے ناکام بنا دیا اور اپنے نبی ﷺ کو مکہ سے مدینہ مُنوّرہ ہجرت کرنے کا حکم دیا۔ جب کہ ابوجہل کے سامنے رسولِ برحق ﷺ کی صورت میں دین ودنیا کی کامیابی رحمت وشفقت، فلاح دارین، اور نجاتِ اُخروی کا خزانہ موجود تھا۔ لیکن وہ بد بخت اِس مالا مال خزانے سے کوئی استفادہ کرنے سے محروم رہا۔ اللہ تعالیٰ کی قدرت دیکھئے کہ ابوجہل کو جس شخص نے جنگِ بدر میں قتل کیا، وہ اللہ کی رحمت اور جنت کا حقدار بن گیا۔

(۲۸۷)

ابو طالب کنہِ کھوتہِ ڈوُرو
نچوس ناو پُچھس اَسدُ اللہؓ
أچھن بیوُٹھس کفُرک ٹھورو
پیٹہِ کیو تتہِ سے گو گمراہ

ابوطالب کی بدنصیبی کو دیکھو! اُسے اپنی جہالت نے کفر وشرک میں اتنا غرق کر کے رکھا تھا کہ وہ ہمیشہ رسولِ برحق کے دسترخوان کا زَلہ رُبا رہا اور انکی ﷺ مبارک زبان سے بار بار دعوتِ اسلام کو سُننے کے بعد بھی رد کرتا رہا۔ ظاہر ہے کہ اس کا مشرک دل پتھر سے زیادہ سخت (یعنی بے انتہا مُردہ) ہو گیا تھا۔ کفر وشرک اس کی آنکھوں کا پردہ بن گیا اور وہ دنیا وآخرت یعنی دونوں عالَموں میں گمراہ ہی ثابت ہوا۔ تعجب کی بات یہ ہے کہ اس کا بیٹا' حضرت علیؓ اللہ کی راہ میں جہاد کرتا رہا اور وہ چوتھا خلیفہ راشد بنا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۸۸

حضرت بابہ آدمؑ مولؤ
اَمہِ حوا ئُتی آوو
اَدِ کتھ دین ڈونب واتل تہِ ژُرولؤ
کولَس ہَم کول کناہ ہبڈ وو

انسان کے اوّلین والدین حضرت آدمؑ اور حضرت حوا ہیں۔

دُنیا کے سارے انسان، چاہے گورے ہوں، کالے ہوں، زرد ہوں، ناٹے ہوں یا لمبے قد کے ہوں، سب آدمؑ وحواؑ کی اولاد ہیں۔

جب تمام بنی نوع انسان ایک ہی ماں باپ کی اولاد ہیں پھر 'ڈوم' اور سپاہی میں کیا فرق ہے، دونوں ہم ذات ہیں سب ایک ہی ذات کے لوگ ہیں پھر ایک دوسرے کی حقارت کیوں اور کس وجہ سے کرتے ہیں؟

۲۸۹

زاڈے پیڑ دِبل او ذو تو
کھے لیس نہِ گُر گُپن تہِ گاو
سُہ ییلہ شاہس شیرِ ووتو
اِدِ او ذوتو دراٹھی کتہِ آو

چیزیں باندھنے میں کام آنے والی دلدل کی خودرو بے وقعت اور بے کار قسم کی گھاس (پیڑ[1] (pets)) جسے کوئی جانور، گھوڑے، بیل، گائیں وغیرہ بھی نہیں کھاتے ہیں۔

گلدستہ چونکہ اسی پیڑ سے باندھا گیا، اس طرح جب وہ گلدستہ کے ساتھ بادشاہ کے دربار میں پہنچی تو وہ پھر حقیر، معمولی اور (نیچ ذات کی) کے نظر آئے گی۔ نیک صحبت اور اعمالِ حسنہ ہی انسان کو اعلیٰ وارفع مقام بخشتے ہیں۔ نقلی، مصنوعی اور خود ہی مقرر کردہ نام نہاد اونچی ذات (اعمالِ صالحہ کے بغیر) بالکل بے ہودہ خیال ہے۔

1: اصل میں "پیڑ" PETS اور "دوپے" دو قسم کے آبی گھاس ہیں۔ پیڑ سے عام طور پر چٹائی (وگو) بناتے ہیں اور دوپے کو سکھا کر دبل بنتا ہے جس سے دکاندار کاغذ میں مختلف چیزوں کی پوٹلی بنا کر باندھتے تھے۔ اسی دبلو سے گلدستہ بھی باندھا جاتا ہے۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۹۰

زوت چھُے دپان ذات چھُے میأنی
تس عقل تہٕ بود دأنز مو
اُلگ واتہس نا حقس کٕنی
پُلگ واتہس کأنسہ کٕنی مو
یِژد بویاہ آسہس اسلامہٕ نی
توٕ کھوتہٕ ذات کأنہہ پٔژ نی مو

برخود غلط اعلیٰ ذات والے کا کہنا ہے کہ اعلیٰ ذات میری ہی ہے۔ ایسا ڈھینگ مارنے والا عقل اور بصیرت سے عاری ہے۔ وہ اتنا احمق ہے کہ اگر اُسے دنیا کی دولت مل جائے تو وہ بے ہودہ اور غلط کاموں میں ضائع کرے گا۔ لیکن آخرت میں جب اس پر (کبر وغرور کی وجہ سے) قہر وعذاب مُسلط ہوگا، وہ کسی کو اسمیں اپنا شریک نہیں بنا سکے گا۔ اس کا کوئی ساتھی نہیں ہوگا۔ ہاں اگر ایک مسلمان میں واقعی اسلام کی خو بُو ہو اور اُسے اسلام پر مکمل ایمان ہو تو وہ اچھی طرح سے جان لے گا کہ اسلام سے اچھی، اعلیٰ اور نورانی کوئی اور ذات نہیں۔ اللہ کے ہاں سب سے زیادہ مُکرم اور معزز اللہ سے زیادہ ڈرنے والا مسلمان ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔ اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ۔

۲۹۱

کول مو لگی رنگن تہٕ سنگن
کول مو ہنگن لبھنے آوٕ
کول مو اشُد لگی انگن
دٔرن عمل نتہٕ کول کتہٕ آو

انسان (بلا استثنا) تو اشرف المخلوقات ہے اس کے اعمال ہی اسے نیک یا بد بناتے ہیں۔ انہی اعمال کے نتیجہ میں یہ جنت اور جہنم کا مستحق بنتا ہے۔ ذات پات کی تقسیم تو بے بنیاد بات ہے۔ یہ بے کار چیز ہے۔ ذات تو نہ پیدا ہوتے وقت، نہ مرتے وقت اور نہ ہی آخرت میں انسان کے ماتھے پر لکھی ہوگی۔ نہ ہی اس سے کسی انسان کے اعضاء میں طاقت آتی ہے۔

ہاں انسان کی دُنیاوی اور اُخروی زندگی کا دارومدار اس کے اعمال پر ہے ذات کا اسمیں کیا عمل دخل ہے۔ وہاں آخرت میں ذات تو نہیں پوچھیں گے بلکہ وہاں عملوں کا محاسبہ ہوگا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۹۲

ذات گزِشتھ کیاہ چھے سودا؟
ذات گزِشتھ کیاہ مُدا چھے؟
ذات نو تھوئے، قبیلہ جُدا
سارِنے بڑونٹھ گدا چھے

ذات پات پوچھ کے تم کون سا فائدہ حاصل کرنا چاہتے ہو؟

ذات پات پوچھنے سے تیرا کیا مقصد ہے؟ تم انسان ہو کے ذات پات کے جھنجھٹ میں گرفتار ہوئے ہو۔ اللہ تعالیٰ نے تو کوئی ذات پات کا نظام نہیں بنایا، ہاں انسانوں کے قبیلے ہیں تا کہ وہ ایک دوسرے کو پہچان سکیں، ورنہ سب سے بڑا مُعزز وہی ہے جو اللہ سے زیادہ ڈرتا ہے۔ حقیقت کی نظر سے دیکھیں تو سارے انسان تو گدا ہیں، فقیر ہیں، اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں۔

علاماتِ قُربِ قیامت

Scanned with OKEN Scanner

فرمودات رسول صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم حدیث بیان فرما رہے تھے تو ایک اعرابی (بدوی) آیا تو اس نے عرض کیا کہ قیامت کب آئے گی؟ تو آپؐ نے فرمایا: ''اِذَا ضُیِّعَتِ الْاَمَانَۃُ فَانْتَظِرِ السَّاعَۃَ'' یعنی جب (وہ وقت آجائے کہ) امانت ضائع کردی جائے گی تو قیامت کا انتظار کر۔ اس نے عرض کیا کہ اس کا ضائع ہونا کیسا ہے؟ تو آپؐ نے فرمایا: ''اِذَا وُسِّدَ الْاَمْرُ اِلٰی غَیْرِ اَھْلِہٖ فَانْتَظِرِ السَّاعَۃَ'' یعنی جب حکومت کا کام (اختیارات اور مناصب، دینی قیادت و امارت، افتاء و قضا اور اوقاف کی تولیت وغیرہ) نااہلوں کے سپرد کیا جائے تو قیامت کا انتظار کر۔ (صحیح بخاری)

حدیث جبرئیل علیہ السلام میں وارد ہوا ہے کہ قیامت سے پہلے ظاہر ہونے والی بعض علامات بیان فرماتے ہوئے صادق الامین پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے دو خاص نشانیاں بیان فرمائیں۔ ''اَنْ تَلِدَ الْاَمَۃُ رَبَّتَھَا وَ اَنْ تَرٰی الْحُفَاۃَ الْعُرَاۃَ الْعَالَۃَ رِعَاءَ الشَّآءِ یَتَطَاوَلُوْنَ فِی الْبُنْیَانِ الخ'' (صحیح مسلم) یعنی (ایک نشانی یہ ہے کہ) لونڈی (مطلب ماں) اپنی مالکہ اور آقا کو جنے گی اور (دوسری نشانی یہ ہے کہ) تم دیکھو گے کہ جن کے پاؤں میں جوتا اور تن پر کپڑا نہیں ہے (بھوکے ننگے) اور کنگال اور بھیڑ بکریاں چرانے والے بڑی بڑی شاندار عمارتیں (محل) بنانے لگیں گے اور اس میں ایک دوسرے پر بازی لیجانے کی کوشش کریں گے۔

❁❁❁

نصر بابہٖ! ژٕ بوز گوڑٕ ہٕندی وژن
سۆرٕ سنزٕ وۄڑِ آسہِ موٕرٕ سُند تاج
وبتھٕ ہوکھن تتہٕ ہیٚنزٕ گڑبزن
سُے ہا مالہِ آسی واندر راج

❁❁❁

نصر بابا! اپنے مرشد کی بات کو غور سے سن کر رکھو!

وقت ایسا آئے گا جب انسانی اور انسانیت کی قدریں بدل جائینگی۔ ظالم، خاین، غدار، فاسق اور فاجر لوگ عوام اور ملک کے سربراہ بنیں گے۔ مثال کے طور پر یہ سمجھ لو کہ جنگلی اور وحشی سور کے سر پر مور کا تاج ہوگا۔ صاف و شفاف پانی کے دریا (نیکو کار اور شریف و صالحہ لوگ کم ہوتے) سوکھتے جائیں گے اور گندے اور مردار پانی کے کھڈ اور جوہڑ (بد کردار، مفسد، شیطان فطرت اور کمینے و ذلیل لوگ اقتدار پر قبضہ جما کر ملک اور عوام کی دولت کو لوٹ کر دولت مند بن کے بہت مغرور ہو کے) طوفانی دریاؤں کی طرح گرجتے رہینگے۔

نصر بابا! جب تم ایسے حالات ہوتے دیکھو تو سمجھ لو کہ انسانوں پر مردار خور وحشی جانوروں کا راج قائم ہوگیا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

۲۹۴

لُکھ پتہٕ پکن دُنی یاہ ژوٗرن
لاگن مسجدن تہٕ مقبرن باج
کنہِ ووتلن تہٕ اکہٕ کربنڈ بوڈن
سُے ہا مالہ آسی واندر راج

لوگ قوم کی دولت لوٹنے والوں چوروں اور ڈاکوں کی پیروی
ریں گے جو مسجدوں، مقبروں اور عبادت گاہوں پر قبضہ جما کے مُتوَلی
ور سجادہ نشین بن کران جگہوں سے (لوگوں کو کفر وشرک میں پھنسا کے)
ج اور ٹیکس وصول کریں گے۔ وہ دور ایسا ہوگا کہ پتھر (شریف اور نیکو
کار لوگ) پانی پر تیرتے (ضائع ہوتے) دکھائی دینگے اور کدو کے
کھوکھے (معمولی اور کمینہ لوگ دولت اور اقتدار کی وجہ سے) دریا کی
گہرائی میں جا بیٹھیں گے یعنی باوزن سمجھے جائینگے۔
جب یہ حال ہوگا تو سمجھو بندر فطرت لوگوں کی حکومت کا دور
شروع ہوگا۔

۲۹۵

تیٚلہِ مالہِ آسن تِتھی کیرَن
ٹنگ ژوٗٹھی چِھن ژیرن ستہٕ
ماجہ کورِ اتھہٕ واس گُرِتھ نیرَن
دوہ دبن بَرن غاٗرن ستہٕ
خوش ییٚہ حقس دُنی یاہ لوٗرن
تیٚلہ مالہِ آسی واندر راج

وہ وقت ایک دوسرے سے مخالف چیزوں کے ایک ساتھ واقع
ہونے کا ہوگا (یعنی دور اجتماعِ ضدین) ناشپاتی اور سیب جن کے پکنے کا
موسم اصل میں خزاں ہے وہ خوبانیوں کے ساتھ موسم گرما میں ہی پک
جائینگے۔ فحاشی، بے شرمی اور بے غیرتی کا ایسا دور دورہ ہوگا کہ ماں بیٹی
دونوں ساتھ ساتھ ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر گھر سے نکلیں گی اور اپنا دن نا
محرم مردوں کے ساتھ گزاریں گی۔ جب تم ایسے واقعات رونما ہوتے دیکھو
گے تو سمجھ لو کہ اللہ کا غضب وحشی اور خونخوار بندروں کی فطرت رکھنے والے
ظالم و جابر اور بد کردار حکمرانوں کی صورت میں ملک اور قوم پر نازل ہوگا۔
جب یہ صورتِ حال حد سے زیادہ گزر جائے گی تو اللہ تعالیٰ اس
دنیا کو ختم کر دے گا۔

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

تقدیرِ الٰہی

Scanned with OKEN Scanner

Scanned with OKEN Scanner

فرمانِ باری تعالیٰ جل شانہٗ

☆ ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ○ (یٰس:۳۸)

یہ سب اُس ذات کا مُقرر کیا ہوا نظام ہے جس کا اقتدار بھی کامل ہے، جس کا علم بھی کامل۔

☆ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ○ (البقرۃ:۲۱۶)

اور (اصل حقیقت تو) اللہ جانتا ہے، اور تُم نہیں جانتے۔

❁❁❁

(۲۹۶)

اڈ ناہ پالکہِ اُرک ڈِتھ نکھ تَس
اکھ نہٖ تَس ڑیٹیس تختہِ سِپار
عاُلماہ حاُران کاہٗنڑ ہاکھ تَس
بختس بود چھٹے خدمتگار

❁❁❁

اللہ تعالیٰ کے بہت سے کام ایسے بھی ہیں جن کو دیکھ کر دانا حیران رہ جاتے ہیں۔ دیکھئے ایک اندھا جسے نہ کچھ یاد ہے نہ پڑھ سکتا ہے۔ پالکی میں سوار ہے اور صحت مند آنکھوں والے اُسے اپنے کندھوں پر اُٹھائے ہوئے ہیں

ایک عالمِ دین ہے جو فقر و فاقہ کا مارا ہوا ہے۔ حیران و سرگردان ہے اور اُسے معمولی ساگ روٹی بھی میسر نہیں ہے۔

عبرت کا مقام ہے کہ عقل و دانائی مقدر، بختاواری (خوش بخت اور امیر لوگوں) کی نوکری کر رہی ہے۔

۲۹۷

اکھاہ ڈٹھم بیٹھ تختس
نہ تِس یوُد تہٕ نہ تِس کار
تُرٕکھا تَہہ کران تِہٕنٛدِس رَختس
بختس یوُد چھےٛ خدمتگار

میں نے ایک شخص کو جس کے پاس نہ عقل ہے نہ کوئی ہنر لیکن اقتدار کے تخت پہ بیٹھا ہوا دیکھا اور ایک زیرک و دانا آدمی اُس کے لباس کے کپڑوں کو تہہ کر کے سنبھال کے رکھتا تھا۔
ہاں عبرت کی بات ہے کہ عقل و دانائی بختاوری کی خدمت اور چاکری کر رہی ہے۔

۲۹۸

خان اُسی بہان یمن روبہٕ خانن
جانن دپان اُسی ہُپأری گوٚو
سوندرٕ کنیاہ آسکھ ہُری وکھناوان
ژٕمرو دستمبن ڈُوان لوٚو
تتھ جایہ از چھےٛ کپس بووان
نصر بابہٕؒ! مےٚ وُچھ ژٕ وُچھنہٕ گوٚو

جن بڑے بڑے عالی شان مُحلات میں مغرور خان بہادُر لوگ رہا کرتے تھے اور سیدھے سادھے اچھے مگر غریب لوگوں کو وہاں پھٹکنے بھی نہیں دیتے تھے۔ جہاں خوبصورت کنیزیں رقص و موسیقی سے ان کا دل بہلاتی تھیں اور قیمتی جھاڑوں سے مخملیں فرش کی صفائی کرتی تھیں۔
تباہ و ویران ہونے کے بعد آج انہی عالیشان محلوں کی زمین پر کپاس اُگتی ہے۔ پیارے نصر بابا! میں دیکھ چکا ہوں۔ تو بھی دیکھنے کے لئے (عبرت پکڑنے کے لئے) ان مقامات پر جا۔

Scanned with OKEN Scanner

أ ِکس بر تل سازنۃِ وایان
وُد چُھ لأ ِگتھ، ننبدرِ ھو تو
بیٖس رزٖ تۃِ لورے لایان
پانۃِ آشن کس کیاہ دِتو

❁❁❁

اللہ تعالیٰ کی نیرنگیاں دیکھئے ! ایک وہ شخص ہے جس کے دروازے پر سازندے ساز بجا رہے ہیں اور وہ جاگتے ہوئے بھی آنکھیں بند کر کے ساز سے لطف اندوز ہو رہا ہے۔ دوسرے بے چارہ آدمی کو رسی سے باندھ کر ڈنڈے سے پیٹا جا رہا ہے۔

قسامِ ازل نے اپنی مشیت سے کس کے لیے کیا مناسب سمجھا ہے۔ اس کا علم تو صرف اُسی کو ہے۔ وہ سب کچھ کرنے پر بھی قادر ہے اور اُس کا ہر کام حکمت پر مبنی ہے۔

کینژن ہَتۃِ ئُدٕی دانۃِ گُچھن
اَن کچھَن زَگ کیٛاہ چھوٚتوٚ
کینژن وَے ِتنۃِ موصوٗم بچھَن
پانۃِ آشن گس کیٛاہ دِتوٚ

❁❁❁

اس دُنیا میں کچھ ایسے لوگ ہیں جن کے گوداموں میں قسم قسم کے اناج ذخیرہ کی صورت میں موجود ہیں۔

اور کچھ ایسے بھی ہیں جن کے پاس ایک وقت کے لئے بھی کھانا موجود نہیں، اور اُن کے معصوم بچے بھیک مانگ رہے ہیں۔

خدا نے کس کے لئے کیا مقرر کر رکھا ہے وہ سب وہی جانتا ہے۔[1]

---

[1] بہ ناداں آں چناں روزی رساند — کہ دانا اندراں حیراں بماند

Scanned with OKEN Scanner

تلقینِ حضرتِ شاہِ ہمدانؒ

حضرتِ شاہِ ہمدانؒ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندوں کے مراتب بیان کر کے ہمیں یہ عقیدہ رکھنے کی تلقین فرماتے ہیں کہ:

''اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق میں، بہترین حضراتِ انبیاء ہیں اور انبیاء میں اُونچا رتبہ رسولوں کا ہے اور رسولوں میں سے پانچ اولوالعزم رسول برگزیدہ ہیں وہ ہیں: حضرت نوح، حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ، حضرت عیسیٰ اور حضرت محمد، ان سب پر اللہ کی رحمتیں نازل ہوں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء کے سردار اور ان سے افضل ہیں۔ چونکہ وجودِ محمدی سے نبوت کا سلسلہ کمال کے درجے تک پہنچ گیا اس لیے اللہ تعالیٰ نے آنحضورؐ کی ذات پر نبوت ورسالت کو ختم کر دیا۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام آنحضورؐ کے بعد تمام مخلوقات میں بہترین انسان تھے اور صحابہ میں سے اونچا درجہ خلفائے راشدین کا ہے، وہ ہیں: ۔ حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ علیہم اجمعین وعلیٰ جمیع المہاجرین والانصار۔

(اللہ تعالیٰ ان سب اور تمام مہاجرین اور انصار سے راضی ہو)۔

(واضح رہے کہ) اصولِ ایمان کے طور پر ان امور کا علم رکھنا اور ان پر یقین رکھنا کم سے کم تمام مسلمانوں پر واجب ہے اور جو شخص (مسلمان کہلا کر) ایمان کے حقائق میں سے ان امور کو نہ جانے اس کا ایمان خطرے میں ہے''۔

(ذخیرۃ الملوک، باب اوّل، ص: ۱۰ مطبوعہ لاہور ۱۹۰۵ء)

❁❁❁

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner

صاحبہ ژٕ بوڈ بُلَند کانہہ نَے
تگہِ ہمَے کرٕ ہےَ ژٕیٕ اِطاعت
بہٕ یوٚد زانہٕہا دُنیاہ چھُ کیٛہنہٕ نَے
ناحقہٕ دُنِیچ بَرٕہانہٕ برانٛتؑ

—•••●●•••—

سَتھ چھَم چانٔی، پَتھ چھُم کانہہ نَے
گَرتام بُدرٕم دِہہ تَے دودرٕم دات
ژٕیَس دِکھ تٔس نِتھ ہیٚنکِہ کانہہ نَے
کیاہ کَرٕس گرٕ تَے کیاہ کَرٕس ساعتؑ؟

Cover Design
Masood Ah

AMS Heritage Series

ISBN: 978-93-82988-20-5
9789382 988205
Visit us at: www.[illegible]

علی محمد اینڈ سنز
1, BUDSHAH HOTEL BUILDING, LAL CHOWK
SRINAGAR, KASHMIR PHONE:- 0194-2475973

Scanned with OKEN Scanner
Scanned with OKEN Scanner